# ریاستہائے متحدہ امریکہ میں خوش آمدید

## نئے امیگرینٹس کے لئے گائیڈ۔



U.S. Citizenship
and Immigration
Services

M-618-U (rev. 09/15)

# ریاستہائے متحدہ امریکہ میں خوش آمدید
# نئے امیگرینٹس کے لئے گائیڈ۔

U.S. Citizenship and Immigration Services

# U.S. GOVERNMENT OFFICIAL EDITION NOTICE

AUTHENTICATED
U.S. GOVERNMENT
INFORMATION
GPO

**Use of ISBN Prefix**

This is the Official U.S. Government edition of this publication and is herein identified to certify its authenticity. Use of the 0-16 ISBN prefix is for U.S. Government Publishing Office Official Editions only. The Superintendent of Documents of the U.S. Government Publishing Office requests that any reprinted edition clearly be labeled as a copy of the authentic work with a new ISBN.

The information presented in *Welcome to the United States: A Guide for New Immigrants* is considered public information and may be distributed or copied without alteration unless otherwise specified. The citation should be:

U.S. Department of Homeland Security, U.S. Citizenship and Immigration Services, Office of Citizenship, *Welcome to the United States: A Guide for New Immigrants*, Washington, DC, 2015.

U.S. Citizenship and Immigration Services (USCIS) has purchased the right to use many of the images in *Welcome to the United States: A Guide for New Immigrants*. USCIS is licensed to use these images on a non-exclusive and non-transferable basis. All other rights to the images, including without limitation and copyright, are retained by the owner of the images. These images are not in the public domain and may not be used except as they appear as part of this guide.

This guide contains information on a variety of topics that are not within the jurisdiction of U.S. Department of Homeland Security (DHS)/USCIS. If you have a question about a non-DHS/USCIS issue, please refer directly to the responsible agency or organization for the most current information. This information is correct at the time of printing, however, it may change in the future.

# فہرست مضامین


**ریاستہائے متحدہ امریکہ میں خوش آمدید نئے امیگرینٹس کے لئے گائیڈ . . . . . . . . . . . 1**

وفاقی ادارے اور ایجنسیاں . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 2

آج کا ریاستہائے متحدہ امریکہ . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 3

وفاقی چھٹیاں . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 4

USCIS سے رابطہ کریں. . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 5

**اس گائیڈ کے بارے میں . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 7**

مدد کہاں سے حاصل کریں . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 8

USCIS آن لائن ذرائع . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 10

**مستقل رہائشی کے طور پر آپ کے حقوق اور ذمہ داریاں . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 13**

آپ کے حقوق اور ذمہ داریاں . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 14

آپ کی مستقل رہائشی حالت کو برقرار رکھنا . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 16

اگر آپ مشروط مستقل رہائشی ہیں . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 19

قانونی رہنمائ پانا . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 21

مستقل رہائشیوں کے لئے مجرمانہ رویہ کے نتائج . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 24

**ریاستہائے متحدہ امریکہ میں رہائش پذیر ہونا . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 27**

سوشل سیکورٹی نمبر حاصل کریں . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 28

رہائش کے لئے جگہ تلاش کریں. . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 30

ملازمت تلاش کریں . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 35

بچوں کی دیکھ بھال . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 41

نقل و حمل . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 43

**اپنی رقم کی دیکھ بھال کرنا . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 47**

نجی مالیات . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 48

ٹیکس ادا کرنا . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 51

اپنی اور اپنی رقم کی حفاظت کریں . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 53

**تعلیم اور صحت کی نگہداشت کو سمجھنا . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 57**

ریاستہائے متحدہ امریکہ میں تعلیم . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 58

اعلٰی تعلیم: کالج اور یونیورسٹیاں. . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 65

تعلیم بالغان. . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 67

انگریزی سیکھیں. . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 68

صحت کی نگہداشت . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 69

دیگر وفاقی فوائدکے پروگرام . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . 72

**اپنے گھر اور کنبہ کو محفوظ رکھنا ........ 75**
تیار رہیں ........ 76
مطلع رہیں ........ 78
ہنگامی حالت کا جواب دیں ........ 79

**ریاستہائے متحدہ امریکہ کے بارے میں سیکھنا ........ 83**
ہم لوگ: ریاستہائے متحدہ امریکہ میں شہری کا کردار ........ 84
.ریاستہائے متحدہ امریکہ کس طرح شروع ہوئیں ........ 85
"زیادہ کامل یونین" تیار کرنا ........ 87
وفاقی حکومت کیسے کام کرتی ہے ........ 90
قانون ساز شعبہ: کانگریس ........ 91
انتظامی شعبہ: صدر ........ 93
عدالتی شعبہ: عدالت عظمٰی ........ 93
ریاستی اور مقامی حکومت ........ 94
ریاستہائے متحدہ امریکہ کا تجربہ کریں ........ 95

**امریکی شہری بننا ........ 97**
امریکی شہری کیوں بنیں؟ ........ 98
نیچرلائزیشن (شہریت): امریکی شہری بننا ........ 100
آپ اپنے راستے پر ہیں ........ 107

# ریاستہائے متحدہ امریکہ میں خوش آمدید
# نئے امیگرینٹس کے لئے گائیڈ

ریاستہائے متحدہ امریکہ کا مستقل رہائشی بننے پر مبارکباد! ریاستہائے متحدہ امریکہ کے صدر اور امریکی عوام کی طرف سے ہم آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں اور یہاں آپ کے لئے ہر کامیابی کی دعا کرتے ہیں۔

ریاستہائے متحدہ امریکہ دنیا کے تمام خطوں کے امیگرینٹس کو خوش آمدید کہنے کی ایک لمبی تاریخ رکھتا ہے۔ امریکہ ان امیگرینٹس کے تعاون کی قدر کرتا ہے جو اس ملک کا سرمایہ بڑھاتے اور آزادی و مواقع کی سرزمین کے طور پر اس کی میراث کی حفاظت کرتے ہیں۔

ریاستہائے متحدہ امریکہ کا مستقل رہائشی بن کر آپ نے اس ملک کو اپنا گھر کہنے کا فیصلہ کیا ہے۔ چونکہ آپ اپنے اہداف کو حاصل کرنے کے لئے کام کرتے ہیں اس لئے کچھ وقت لگا کر اس ملک، اس کی تاریخ اور اس کے لوگوں کو جانیں۔ اب یہ آپ کا حق اور آپ کی ذمہ داری ہے کہ ریاستہائے متحدہ امریکہ کا مستقبل سنواریں اور اس کی مسلسل کامیابی کو یقینی بنائیں۔

جب کہ آپ مستقل رہائشی کے طور پر اس عظیم ملک میں اپنی زندگی کا آغاز کررہے ہیں، ولولہ خیز مواقع آپ کے منتظر ہیں۔ریاستہائے متحدہ امریکہ میں خوش آمدید:

امریکی شہریت اور ترکِ وطن کی خدمات

# وفاقی ادارے اور ایجنسیاں

اگر آپ کا کوئی سوال ہے اور آپ کو معلوم نہیں کہ کونسا ادارہ اس کا جوب دے سکتا ہےتو 1-800-FED-INFO (یا 1-800-333-4636) پر کال کریں۔
اگر آپ کی سماعت کمزور ہے تو1-800-326-2996 پر کال کریں۔

آپ وفاقی اداروں اور ایجنسیوں کے بارے میں عمومی معلومات کے لئے **www.usa.gov** بھی ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

**امریکی ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن (ED)**

فون: 1-800-USA-LEARN
فون: 1-800-872-5327
کمزور سماعت والےافراد کے لئے: 1-800-437-0833
**www.ed.gov**

**امریکی ایکول ایمپلائمنٹ اپرچونٹی کمیشن (EEOC)**

فون: 1-800-669-4000
کمزور سماعت والےافراد کے لئے: 1-800-669-6820
**www.eeoc.gov**

**امریکی ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ اینڈ ہیومن سروسز (HHS)**

فون: 1-877-696-6775
**www.hhs.gov**

**امریکی ڈیپارٹمنٹ آف ہوم لینڈ سیکورٹی (DHS)**

فون: 202-282-8000
**www.dhs.gov**

**امریکی سٹیزن شپ اینڈ امیگریشن سروسز (USCIS)**

فون: 1-800-375-5283
کمزور سماعت والےافراد کے لئے: 1-800-767-1833
**www.uscis.gov**

**امریکی کسٹمز اینڈ بارڈر پروٹیکشن (CBP)**

فون: 202-354-1000
**www.cbp.gov**

**امریکی امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ (ICE)**

**www.ice.gov**

**امریکی ڈیپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ (HUD)**

فون: 202-708-1112
کمزور سماعت والےافراد کے لئے: 202-708-1455
**www.hud.gov**

**امریکی ڈیپارٹمنٹ آف جسٹس (DOJ)**

فون: 202-514-2000
**www.justice.gov**

**امریکی ڈیپارٹمنٹ آف دی ٹریژری**

انٹرنل ریونیو سروس (IRS)
فون: 1-800-829-1040
کمزور سماعت والےافراد کے لئے: 1-800-829-4059
**www.irs.gov**

**سلیکٹو سروس سسٹم (SSS)**

فون: 1-888-655-1825
فون: 847-688-6888
کمزور سماعت والےافراد کے لئے: 847-688-2567
**www.sss.gov**


**سوشل سیکورٹی ایڈمنسٹریشن (SSA)**

فون: 1-800-772-1213
کمزور سماعت والےافراد کے لئے: 1-800-325-0778
**www.socialsecurity.gov** یا
**www.segurosocial.gov/espanol**

**امریکی ڈیپارٹمنٹ آف سٹیٹ (DOS)**

فون: 202-647-4000
کمزور سماعت والےافراد کے لئے: 1-800-877-8339
**www.state.gov**

# آج کا ریاستہائے متحدہ امریکہ




ریاستہائے متحدہ امریکہ میں گوام، امریکی سموآ، امریکی ورجن آئی لینڈز اور شمالی ماریانا آئی لینڈز و پورٹوریکو کی دولت مشترکہ، جو اس نقشہ پر ظاہر نہیں، بھی شامل ہیں۔

# وفاقی چھٹیاں

اکثر وفاقی دفاتر سرکاری چھٹیوں کے موقع پر بند ہوتے ہیں۔ اگر کوئی چھٹی ہفتے کو پڑتی ہےتو اسے سابقہ جمعہ کو کرلیا جاتا ہے۔ اگر کوئی چھٹی اتوار کو پڑتی ہےتو اسے اگلے سوموار کو کیا جاتا ہے۔ بہت سارے غیر سرکاری ملازمت دہندگان بھی ان دنوں میں اپنے ملازمین کو چھٹی دیتے ہیں۔ وفاقی حکومت درج ذیل سرکاری چھٹیاں مناتی ہے۔

| | |
|---|---|
| نئے سال کا دن | یکم جنوری |
| مارٹین لوتھر کنگ جونئر کا یوم پیدائش | جنوری میں تیسرا سوموار |
| یومِ صدر | فروری میں تیسرا سوموار |
| یومِ یادگار | مئی میں آخری سوموار |
| یوم آزادی | 4 جولائی |
| یوم مزدور | ستمبر میں پہلا سوموار |
| یوم کولمبس | اکتوبر میں دوسرا سوموار |
| یوم متارکہ جنگ | 11 نومبر |
| یوم شکر گزاری | نومبر میں چوتھی جمعرات |
| کرسمس ڈے | 25 دسمبر |

# USCIS سے رابطہ کریں

USCIS کی ویب سائٹ **www.uscis.gov** اور **www.welcometousa.gov** ملاحظہ فرمائیں، جو نئےامیگرینٹس کے لئے سرمایہ ہے۔

کسٹمر سروس کو1-800-375-5283 یا 1-800-767-1833 پر )کمزور سماعت والے افراد کے لئے( کال کریں ۔

فارم حاصل کرنے کے لئے USCIS کی ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں یا USCIS فارمز لائن کو 1-800-870-3676 پر کال کریں۔



# اس گائیڈ کے بارے میں

یہ گائیڈ ریاستہائے متحدہ امریکہ میں مقیم ہونے اور آپ اور آپ کے کنبہ کو روز مرہ ضروریات تلاش کرنے میں آپ کی مدد کے لئے بنیادی معلومات پر مشتمل ہے۔ یہ آپ کی قانونی حیثیت اور ان ایجنسیوں/ تنظیموں کے بارے میں بھی خلاصہ پیش کرتی ہے جو آپکو درکار دستاویزات اور ضروری خدمات فراہم کرتی ہیں۔

مستقل رہائشی کی حیثیت سے آپ کو اس ملک، اس کے لوگوں اور اس کے نظام حکومت کے بارے میں سمجھ بوجھ کی شروعات کردینی چاہیے۔ اس گائیڈ کو امیگرینٹ کی حیثیت سے اپنے حقوق اور ذمہ داریاں معلوم کرنے اور یہ سمجھنے کے لئے استعمال کریں کہ وفاقی، ریاستی اور مقامی حکومتیں کس طرح کام کرتی ہیں۔ آپ ایسے اہم تاریخی واقعات کے بارے میں بھی جان سکتے ہیں جنہوں نے ریاستہائے متحدہ امریکہ کی تشکیل کی ہے نیز اپنی کمیونٹی کی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی اہمیت اور اس سے متعلق تجاویز بھی جان سکتے ہیں۔

یہ گائیڈ مستقل رہائشیوں سے متعلق عام حقوق، ذمہ داریوں اور طریق کار کا خلاصہ فراہم کرتا ہے۔ زیادہ مخصوص اور تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لئے آپ کو امریکی قوانین، ضوابط اور انکی اشکال کے بارے میں جاننا اور رہنمائی حاصل کرنی چاہئے۔ سٹیزن شپ اینڈ امیگریشن سروسز )USCIS(۔ آپ کو ترک وطن سے متعلق اپنے مخصوص سوال یا معاملے کے لئے ہمیشہ ان زیادہ تفصیلی ذرائع سے رابطہ کرنا چاہیے۔ آپ یہ معلومات USCIS کی ویب سائٹ **www.uscis.gov** پر تلاش کرسکتے ہیں۔ آپ USCIS فارم کو ویب سائٹ پر یا USCIS فارمز لائن کو1-800-870-3676 پر کال کرکے حاصل کرسکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے کسٹمر سروس کو 1-800-375-5283 یا 1-800-767-1833 )کمزور سماعت والے افراد کے لئے( پر کال کریں۔

# مدد کہاں سے حاصل کریں

یہ گائیڈ شروعات کرنے میں تو آپ کی مدد کرے گا لیکن ریاستہائے متحدہ امریکہ میں زندگی کے بارے میں آپ کے تمام ممکنہ سوالوں کا جواب نہیں دے سکتا۔ اضافی معلومات کے لئے آپ دستیاب خدمات کے بارے میں جاننے کے لئے ریاست، کاؤنٹی یا شہر کے حکومتی دفتر سے یا نئے امیگرینٹس کی مدد کرنے والی متعلقہ مقامی تنظیموں سے رابطہ کریں۔ آپ ذیل میں بیان کردہ مفت وسائل استعمال میں لاکر ان دفاتر یا تنظیموں کو تلاش کرسکتے ہیں۔

## عوامی کتب خانہ

ریاستہائے متحدہ امریکہ میں عوامی لائبریریاں مفت اور ہر شخص کے لئے کھلی ہیں۔ لائبریریاں تقریباً ہر کمیونٹی میں واقع ہیں۔ لائبریری کا عملہ بہت سارے موضوعات سے متعلق معلومات تلاش کرنے میں آپ کی مدد کرسکتا ہے اور آپ کو لائبریری کارڈ مفت دے سکتا ہے جس پر آپ کتب، ڈی وی ڈیزاور دیگر ذرائع ادھار لے سکتے ہیں۔ اکثر لائبریریوں میں آپ کے پڑھنے کے لئے مقامی اخبارات اور ایسے کمپیوٹر ہوتے ہیں جنہیں آپ انٹرنیٹ تک رسائی کے لئے استعمال کرسکتے ہیں۔



کچھ لائبریریاں کمپیوٹر کلاسیں، انگریزی زبان کی تعلیم اور اطفال وبالغان کے لئے دیگر پروگرام مفت پیش کرتی ہیں۔ لائبریری کے عملہ سے ان خدمات کے بارے میں پوچھیں جو آپ کی کمیونٹی میں پیش کی جاتی ہیں۔ اپنی قریبی لائبریری تلاش کرنے کے لئے **www.nces.ed.gov** ملاحظہ فرمائیں۔

## فون بک




آپ کی مقامی فون بک )ٹیلیفون ڈائریکٹری( میں وفاقی، ریاستی اور مقامی کمیونٹی کی خدمات سے متعلق فون نمبر اور اہم معلومات شامل ہوتی ہیں۔ فون بک میں ہنگامی معلومات، مقامی نقشے اور فون سروس کے حصول سے متعلق معلومات ہوتی ہیں۔ سفید صفحات میں افراد کے فون نمبر اور پیلے صفحات میں کاروباری اداروں اور تنظیموں کے فون نمبر اور پتے ہوتے ہیں۔ آپ ریاستہائے متحدہ امریکہ میں کہیں بھی مخصوص فون نمبر حاصل کرنے کے لئے اپنے فون پر 411 بھی ڈائل کرسکتے ہیں۔ 411 پر کال کرتے وقت آپ کو فیس ادا کرنی پڑ سکتی ہے۔

## انٹرنیٹ

انٹرنیٹ آپکو وفاقی، ریاستی اور مقامی حکومت کی ایجنسیوں جیسے بہت سے ذرائع سے جوڑ سکتا ہے۔ اکثر سرکاری ویب سائٹ کے آخر میں ".gov" آتا ہے۔ اگر آپ کے پاس گھر میں کمپیوٹر نہیں ہے تو آپ اپنے عوامی کتب خانے میں اسے استعمال کرسکتے ہیں۔ آپ کام اور گھر کی تلاش، سکولوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے اور اپنی مدد کے لئے کمیونٹی کی تنظیمیں اور وسائل ڈھونڈنے کے لئے انٹرنیٹ استعمال کرسکتے ہیں۔ آپ اہم خبروں اور موجودہ واقعات کے بارے میں جاننے اور امریکہ میں زندگی، امریکی تاریخ اور حکومت اور اپنی مقامی کمیونٹی سے متعلق دلچسپ معلومات دریافت کرنے کے لئے بھی انٹرنیٹ استعمال کرسکتے ہیں۔ نئے امیگرینٹس کے لئے دستیاب وفاقی سرکاری ذرائع تلاش کرنے کے لئے **www.welcometousa.gov** ملاحظہ فرمائیں۔



نکتہ



امیگرینٹ کی حیثیت سے آپ کو اس بات سے واقف ہونا چاہیے کہ بددیانت لوگوں نے آپ کو پریشان کرنے اور آپ سے فائدہ اٹھانے کے لئے ایسی جعلی ویب سائٹیں تیار کر رکھی ہیں جو سرکاری ویب سائٹوں کی طرح ہی نظر آتی ہیں۔ یاد رکھیں، امریکی سٹیزن شپ اینڈ امیگریشن سروس کی سرکاری ویب سائٹ ہے **www.uscis.gov**۔

## کمیونٹی اور عقیدہ پر مبنی تنظیمیں جو امیگرینٹس کی مدد کرتی ہیں

بہت ساری کمیونٹیز میں ایسی تنظیمیں ہیں جو امیگرینٹس کو مفت یا بہت کم قیمت پر اعانت فراہم کرتی ہیں۔ یہ تنظیمیں آپ کی کمیونٹی کے بارے میں معلومات حاصل کرنے اور امیگرینٹ کی حیثیت سے دستیاب خدمات کے بارے میں آپ کی مدد کرسکتی ہیں۔ آپ انٹرنیٹ پر تلاش کرکے، اپنی مقامی فون بک میں دیکھ کر، عوامی کتب خانے میں عملہ سے پوچھ کر، یا اپنی مقامی سرکاری سماجی خدمت کی ایجنسی سے رابطہ کرکے یہ تنظیمیں ڈھونڈ سکتے ہیں۔

# USCIS آن لائن ذرائع

USCIS کے پاس متعدد معاون آن لائن وسائل دستیاب ہیں۔ یہ وسائل امیگریشن سے متعلق موضوعات، پروسیسنگ کے اوقات، کیس کی حیثیت، فیسوں اور دیگر فوائد کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہیں۔

| آن لائن ذرائع | |
|---|---|
| اگر آپ چاہتے ہیں: | ملاحظہ فرمائیں: |
| اپنے کیس کی حیثیت کے بارے میں جاننا، پراسیسنگ کے اوقات ملاحظہ کرنا تواسٹیٹس اپڈیٹس کے لئے سائن اپ کریں یا اپنا قریب ترین کا دفتر USCIS تلاش کریں | **www.uscis.gov** |
| دائر کرنے کی موجودہ فیسیں چیک کریں | **www.uscis.gov/fees** |
| مفت INFOPASS اپوائنٹمنٹ کا گوشوارہ تیار کریں USCIS آفیسر کے ساتھ | **http://.infopass.uscis.gov** |

### نئے تارکینِ وطن کے لئے مزید معلومات

*ریاستہائے متحدہ امریکہ میں خوش آمدید: نئے تارکینِ وطن کے لئے* گائیڈ اضافی زبانوں میں دستیاب ہے **www.uscis.gov/newimmigrants** پر ۔



# مستقل رہائشی کے طور پر آپ کے حقوق اور ذمہ داریاں

مستقل رہائشی کی حیثیت سے آپ سے ریاستہائے متحدہ امریکہ کو اپنا گھر سمجھنے اور اس ملک کے قوانین کے احترام اور تعمیل کی توقع کی جاتی ہے۔ مستقل رہائشی ہونے کا مطلب یہ بھی ہے کہ آپ کے پاس نئے حقوق اور نئی ذمہ داریاں ہیں۔

مستقل رہائشی ہونے کا مطلب رعایت ہے، حق نہیں۔ امریکی حکومت مخصوص صورتحال میں آپ کے مستقل رہائشی ہونے کی حیثیت چھین سکتی ہے۔ اگر آپ ریاستہائے متحدہ امریکہ میں رہنا، کام کرنا اور ایک دن اس کا شہری بننا چاہتے ہیں تو اپنی مستقل رہائشی حیثیت کو بہرصورت برقرار رکھیں۔

اس سیکشن میں آپ جانیں گے کہ مستقل رہائشی ہونے کا کیا مطلب ہے اور آپ کو اپنی مستقل رہائشی حیثیت برقرار رکھنے کے لئے کیا کرنے کی ضرورت ہے۔

# آپ کے حقوق اور ذمہ داریاں

مستقل رہائشی کی حیثیت سے آپکا سلوک بعد میں آپکی امریکی شہری بننے کی اہلیت کو متاثر کرسکتا ہے۔ امریکی شہری بننے کے عمل کو نیچرلائزیشن (شہریت) کہا جاتا ہے۔

مستقل رہائشی کی حیثیت سے آپ کا حق ہے:

- ریاستہائے متحدہ امریکہ میں کہیں بھی مستقل طور پر رہنا۔
- ریاستہائے متحدہ امریکہ میں کام کرنا۔
- ریاستہائے متحدہ امریکہ میں جائیداد کی ملکیت رکھنا۔
- عوامی سکول جانا۔
- اپنی ریاست یا علاقہ میں ڈرائیونگ لائسنس کے لئے درخواست دینا۔
- امریکی مسلح افواج کی مخصوص شاخوں میں شامل ہونا۔
- بشرطِ اہلیت، سوشل سیکورٹی، سپلیمینٹل سیکورٹی انکم اور طبی نگہداشت کے وظائف حاصل کرنا۔
- اہل ہوجانے پر امریکی شہری بننے کے لئے درخواست دینا۔
- شریک حیات اور غیر شادی شدہ بچوں کے ریاستہائے متحدہ امریکہ میں رہنے کے لئے ویزے کی درخواست کرنا۔
- مخصوص حالات میں ریاستہائے متحدہ امریکہ سے جانا اور واپس لوٹنا۔



مستقل رہائشی کی حیثیت سے آپ ضرور:

- تمام وفاقی، ریاستی اور مقامی قوانین کی تعمیل کریں۔
- وفاقی، ریاستی اور مقامی انکم ٹیکس ادا کریں۔
- اگر آپ مرد ہیں اور آپ کی عمر 18 سے 26 سال کے درمیان ہے تو سلیکٹو سروس (امریکی مسلح افواج) کے ساتھ اندراج کرائیں۔ ہدایات کے لئے صفحہ 18 ملاحظہ فرمائیں
- اپنی امیگرینٹ حیثیت برقرار رکھیں۔
- اپنی مستقل رہائشی حیثیت کا ثبوت ہر وقت اپنے پاس رکھیں۔
- اپنا پتہ آن لائن تبدیل کریں یا ہر بار اپنے منتقل ہونے کے 10 دنوں کے اندر اسے تحریری شکل میں USCIS کو پیش کریں۔ ہدایات کے لئےصفحہ 19 ملاحظہ فرمائیں۔

## آپ کیا کرسکتے ہیں

مستقل رہائشی کے طور پر، آپ کو بہت سارے حقوق اور آزادیاں حاصل ہیں۔ بدلے میں آپ پر کچھ ذمہ داریاں بھی عائد ہوتی ہیں۔ ایک اہم ذمہ داری یہ ہے کہ اپنی کمیونٹی کی سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ آپ کو امریکی ثقافت، تاریخ اور حکومت کے بارے میں بھی معلومات حاصل کرنی چاہییں۔ آپ ایسا تعلیم بالغان کی کلاسیں لیکر یا مقامی اخبارات پڑھ کر کرسکتے ہیں۔

مستقل رہائشیوں کو ریاستہائے متحدہ امریکہ میں اپنی قانونی حیثیت کے ثبوت کے طور پر صحیح مستقل رہائشی کارڈ (فارم I-551) جاری کیا جاتا ہے۔ کچھ لوگ اسے "گرین کارڈ" کہتے ہیں۔ اگر آپ ریاستہائے متحدہ امریکہ ہجرت کررہے ہیں جہاں آپ کو مستقل رہائشی حیثیت دی جانی ہو تو USCIS امیگرینٹ فیس ضرور ادا کریں۔ آپ یہ فیس USCIS الیکٹرانک امیگریشن سسٹم (USCIS ELIS) کے ذریعہ **www.uscis.gov/uscis-elis** پر ادا کرتے ہیں۔ ازراہ کرم نوٹ فرما لیں کہ USCIS امیگرینٹ فیس کی ادائیگی تک آپ کو مستقل رہائشی کارڈ نہیں ملے گا ۔ اگر آپ ریاستہائے متحدہ امریکہ میں قیام کے دوران اپنا سٹیٹس ایڈجسٹ کرکے مستقل رہائشی بنتے ہیں توآپ کوصرف فارم I-485، مستقل رہائشی کو رجسٹر کرنے کے لئے درخواست یا ایڈجسٹ سٹیٹس فیس برائے اندراج ادا کرنی ہوتی ہے، USCIS امیگرینٹ فیس نہیں۔




اگر آپ مستقل رہائشی ہیں اور آپ کی عمر 18 سال یا اس سے زیادہ ہے تو اپنے امیگریشن حیثیت کا ثبوت اپنے پاس ضرور رکھیں۔ عندالطلب اسے امیگریشن افسر یا نفاذ قانون کے افسر کو ضرور دکھائیں۔ آپ کا مستقل رہائشی کارڈ 10 سال تک کارامد ہوسکتا ہے۔ آپ اس کے ختم ہونے سے پہلے یا نام کی تبدیلی کی صورت میں اس کی تجدیدضرور کروا لیں۔ اپنا مستقل رہائشی کارڈ تبدیل یا اس کی تجدید کرانے کے لئے فارم I-90، مستقل رہائشی کارڈ تبدیل کرانے کے لئے درخواست ضرور دیں۔ فام I-90 دینے کے لئے فیس لی جاتی ہے۔ آپ یہ فارم **www.uscis.gov** پر آن لائن یا 1-800-870-3676 پر USCIS فارمز لائن کو کال کرکے حاصل کرسکتے ہیں۔ اگر آپ شادی یا کاروبار کی وجہ سے مشروط مستقل رہائشی (سی آر) ہیں تو آپ کو دو سالہ کارڈ جاری کیا گیا تھا۔ I-90 فارم اپنے سٹیٹس کی توسیع یا تجدید کی درخواست کے لئے استعمال نہ کریں۔ اس کے بجائے آپ اپنے کارڈ کے اختتام سے پہلے لاگو شرائط کو ہٹانے کے لئے ضرور درخواست کریں۔ اپنی مستقل رہائشی حیثیت سے متعلق لاگو شرائط ہٹانے کے طریقہ سے متعلق ہدایات صفحہ 19 پرملاحظہ فرمائیں۔

آپ کا مستقل رہائش کا کارڈ غماز ہے کہ آپ کو ریاستہائے متحدہ امریکہ میں رہنے اور کام کرنے کی اجازت ہے۔ بیرون ملک جانے کے بعد ریاستہائے متحدہ امریکہ میں دوبارہ داخل ہونے کے لئے بھی آپ اپنا مستقل رہائشی کارڈ استعمال کرسکتے ہیں۔ اگر آپ 12 مہینے سے زیادہ ریاستہائے متحدہ امریکہ سے باہر ہوں تو آپ کو مستقل رہائشی کی طرح ملک میں دوبارہ داخل ہونے کے لئے اضافی دستاویزات دکھانے کی ضرورت پڑے گی۔ ان دستاویزات سے متعلق مزید معلومت کے لئے صفحہ 17 ملاحظہ فرمائیں۔


# آپ کی مستقل رہائشی حالت کو برقرار رکھنا

مستقل رہائشی حیثیت مل جانے پر آپ اسوقت تک مستقل رہائشی رہیں گے جب تک امریکی امیگریشن قانون کے تحت آپ کی حیثیت تبدیل نہ ہوجائے ۔ مستقل رہائشی حیثیت سے محروم ہونے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ آپ اسے ترک کردیں۔ آپ اپنی مستقل رہائشی حیثیت اس طرح ترک کرتے ہیں کہ یہ حیثیت چھوڑنے کی نیت سے مستقل طور پر بیرون ملک رہنے کے لئے ریاستہائے متحدہ امریکہ کو چھوڑ دیں۔ آپ کے سلوک سے آپ کی حقیقی نیت ظاہر ہوگی۔ آپ کچھ ایسا کرسکتے ہیں جس سے امریکی حکومت کے اس گمان کا امکان کم ہوجائے کہ آپ نے اپنی حیثیت ترک کردی ہے:



- ریاستہائے متحدہ امریکہ کو لمبے عرصہ کے لئے خیرباد نہ کہیں تاآنکہ حالات سے یہ ثابت ہوکہ آپ کا سفر عارضی مقصد کے لئے ہے (مثلاً سکول جانا، عارضی ملازمت کرنا یا کنبہ کے رکن کی نگہداشت کرنا)۔ اگر آپ ایک سال یا اس سے زیادہ عرصہ سے ملک سے باہر ہوں تو ریاستہائے متحدہ امریکہ میں داخل ہونے کے لئے اپنا مستقل رہائشی کارڈ استعمال نہیں کرسکتے۔
- اگر کسی وجہ سے واپسی میں تاخیر ہوتی ہے تو تاخیر کی وجہ/ وجوہات کی وضاحت کے لئے تیار رہیں۔
- وفاقی اوراگر قابل اطلاق ہوں تو ریاستی و مقامی انکم ٹیکس ریٹرن، داخل کریں۔
- اگر آپ مرد ہیں اور آپ کی عمر 18 اور 26 سال کے درمیان ہے تو سلیکٹو سروس میں اندراج کرائیں۔
- ہر بار اپنے منتقل ہونے کے 10 دن کے اندر اپنا نیا پتہ USCIS کو دیں۔

## اہم دستاویزات کی حفاظت کریں



اپنے ملک سے لائی ہوئی اہم دستاویزات کو محفوظ جگہ پر رکھیں۔ اہم دستاویزات کی مثالیں ہیں: پاسپورٹ، سند پیدائش، نکاح نامہ، طلاق نامہ، ڈپلومے جن سے پتہ چلے کہ آپ نے ہائی سکول یا کالج تک تعلیم حاصل کی ہے اور /یا وہ سند جن سے معلوم ہو کہ آپ نے خصوصی تربیت یا مہارتیں حاصل کی ہیں۔

# اپنی امیگریشن حیثیت محفوظ رکھیں

کچھ امیگرینٹس یہ سمجھتے ہیں کہ وہ بیرون ملک رہ سکتے اور سال میں کم از کم ایک بار ریاستہائے متحدہ امریکہ واپس لوٹ کر اپنی مستقل رہائشی حیثیت برقرار رکھ سکتے ہیں جبکہ یہ مفروضہ غلط ہے۔ سال میں ایک بار ریاستہائے متحدہ امریکہ آنا آپ کی حیثیت برقرار رکھنے کے لئے ناکافی ہوسکتا ہے۔ مستقل رہائشی ریاستہائے متحدہ امریکہ سے باہر سفر کرسکتے ہیں اور بالعموم عارضی یا مختصر سفر سے آپ کی مستقل رہائشی حیثیت متاثر نہیں ہوتی۔ اگر آپ کافی لمبے عرصے کے لئے ملک سے باہر جاتے ہیں یا کسی اور طرح سے نشاندہی کرتے ہیں کہ آپ ریاستہائے متحدہ امریکہ کو اپنا مستقل گھر بنانا نہیں چاہتے تو امریکی حکومت یہ فیصلہ کرسکتی ہے کہ آپ نے اپنی مستقل رہائشی حیثیت ترک کردی ہے۔ اگر آپ چھ ماہ سے ایک سال تک کے لئے جاتے ہیں اور ایسا ثبوت ملتا ہے کہ آپ ریاستہائے متحدہ امریکہ کو اپنا مستقل گھر بنانے کا ارادہ نہیں رکھتے تو اس صورت میں بھی ایسا ہوسکتا ہے۔

اگر آپ ایک سال یا اس سے زیادہ عرصہ تک بیرون ملک نہیں رہے تو ریاستہائے متحدہ امریکہ واپس لوٹنے کے لئے اپنا مستقل رہائشی کارڈ سفری دستاویز کے طور پر استعمال کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ 12 ماہ سے زائد عرصہ کے لئے ریاستہائے متحدہ امریکہ سے باہر رہیں گے تو ملک چھوڑنے سے **قبل** فارم I-131، درخواست برائے سفری دستاویز پُر کرکے دوبارہ داخلہ کے اجازت نامے کے لئے جمع کرائیں ۔ آپ کو فارم I-131 جمع کرنے کے لئے فیس ضرور ادا کرنی چاہیے۔ آپ فارم I-131 کو **www.uscis.gov** سے یا 1-800-870-3676 پر USCIS فارمز لائن کو کال کرکے حاصل کرسکتے ہیں۔

دوبارہ داخلہ کا اجازت نامہ دو سال کے لئے کارامد ہے۔ مقامِ داخلہ پرآپ ویزہ یا مستقل رہائشی کارڈ کی بجائے دوبارہ داخلے کا اجازت نامہ دکھا سکتے ہیں۔ دوبارہ داخلے کا اجازت نامہ ہونے سے یہ ضمانت نہیں ملتی کہ آپ کو واپس آنے پر ریاستہائے متحدہ امریکہ میں داخل ہونے کی اجازت دیدی جائیگی البتہ اس سے یہ دکھانے میں آسانی ہوسکتی ہے کہ آپ بیرون ملک عارضی دورہ سے لوٹ رہے ہیں۔ اگر آپ کو مستقل رہائشی کی حیثیت سے بین الاقوامی سفر کے بارے میں مزید معلومات چاہئیے تو ازراہ کرم **www.uscis.gov** ملاحظہ فرمائیں۔

آپ کو اس بات سے بھی آگاہ رہنا چاہیے، خواہ مستقل رہائشی حیثیت ترک کی ہو یا نہیں، کہ داخلہ کے درخواست دہندہ کے طورپر امیگریشن سے متعلق آپ کا ہر بار مکمل معائنہ کیا جائے گا جب بھی آپ کم سے کم 181 دن تک بیرون ملک رہے ہوں یا دیگر ایسے حالات میں جن کی امیگریشن لاء میں وضاحت کی گئی ہے۔

## ٹیکس ریٹرن جمع کرائیں

مستقل رہائشی کی حیثیت سے انکم ٹیکس ریٹرن ضرور جمع کرائیں نیز ضرورت پڑنے پر اپنی آمدنی کی رپورٹ انٹرنل ریونیو سروس (IRS)، اپنی ریاست، شہر، یا مقامی ٹیکس ڈیپارٹمنٹ کو دیں۔ اگر آپ کسی بھی عرصہ کے لئے ریاستہائے متحدہ امریکہ سے باہر رہنے پر انکم ٹیکس ریٹرن جمع نہیں کراتے یا اپنے ٹیکس ریٹرن پر کہتے ہیں کہ آپ غیر تارکِ وطن ہیں تو امریکی حکومت یہ فیصلہ کرسکتی ہے کہ آپ نے اپنی مستقل رہائشی حیثیت ترک کردی ہے۔



## سلیکٹو سروس میں اندراج کرائیں

18 سے 26 سال کی عمر کے تمام مردوں کو سلیکٹو سروس میں ضرور اندراج کرانا چاہیے۔ جن مردوں نے اپنا امیگرینٹ ویزا حاصل کیا ہے یا اس عمر میں اپنی حیثیت ایڈجسٹ کیہے توعین ممکن ہے کہ سلیکٹو سروس میں ان کا خود بخود اندراج ہوچکا ہو۔ اس صورت میں آپ کو بذریعہ میل ایسی معلومات حاصل ہونی چاہیے جو یہ بیان کرے کہ آپ رجسٹرڈ ہیں۔ اگر آپ کو یقین نہیں کہ رجسٹرڈ ہیں تو سلیکٹو سروس کے کسی فرد سے، جو آپ کا ریکارڈ چیک کر سکے، بات کرلیں ۔ آپ سلیکٹو سروس کی ویب سائٹ **www.sss.gov** پر بھی چیک کرسکتے ہیں۔ جب آپ اندراج کرائیں تو حکومت کے علم میں لائیں کہ آپ امریکی مسلح افواج کو اپنی خدمات پیش کرنے کے لئے دستیاب ہیں۔ ریاستہائے متحدہ امریکہ کے پاس فی الوقت کوئی فوجی مسودہ نہیں ہے تاہم 18 سے 26 سال کی عمر کے مردوں سے اب بھی اندراج کرانے کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔ جب تک مستقل رہائشی اور امریکی شہریوں کی خواہش نہ ہو، ان پر مسلح افواج میں خدمات انجام دینے کی کوئ پابندی نہیں۔

آپ امریکی پوسٹ آفس میں یا انٹرنیٹ پر اندراج کراسکتے ہیں۔ انٹرنیٹ پر سلیکٹو سروس کے لئے اندراج کرانے کے لئے **www.sss.gov** پر سلیکٹو سروس کا نظام ملاحظہ فرمائیں۔ **www.sss.gov**. سلیکٹو سروس سے تعلق رکھنے والے کسی شخص سے بات کرنے کے لئے 847-688-6888 پر کال کریں۔ یہ مفت کال نہیں ہے۔

آپ کو USCIS کی ویب سائٹ **www.uscis.gov** پر بھی معلومات مل سکتی ہیں۔

## اپنا نیا پتہ USCIS کو دیں

اگر آپ اپنا پتہ تبدیل کرتے ہیں تو USCIS کو ضرور اطلاع دیں۔ فارم AR-11، تبدیلیِ پتہ، رہائش کی تبدیلی کے 10 دن کے اندر جمع کرائیں۔ تبدیلیِ پتہ کے اندراج سے متعلق معلومات کے لئے USCIS کی ویب سائٹ **www.uscis.gov/addresschange** پر جائیں یا 1-800-375-5283 پر کال کریں۔ تندیلئ پتہ کی صورت میں **ہربار** USCIS کو اطلاع ضرور دیں۔

مزید معلومات کے لئے 1-800-375-5283 پر USCIS کو کال کریں یا **www.uscis.gov** ملاحظہ فرمائیں۔

# اگر آپ مشروط مستقل رہائشی ہیں

آپ مشروط مستقل رہائشی (CR) کے طور پر ریاستہائے متحدہ امریکہ میں رہ سکتے ہیں۔ ہو سکتا ہے آپ امریکہ میں مشروط مستقل رہائشی ہوں۔ آپ مشروط رہائشی ہیں اگر جب آپکو مستقل رہائشی کی حیثیت دی گئ تھی آپکی شادی ایک امریکی شہری یا مستقل رہائشی سے ہوئے بھی 2 سال سے کم ہوئے تھے۔ اگر آپ کے بچے ہیں تو وہ بھی CR ہوسکتے ہیں۔ بچوں کے لئے عملدرامد سے متعلق ہدایات کے لئے فارم I-751، رہائش پر لاگو شرائط ہٹانے کی عرضی ملاحظہ فرمائیں۔ کچھ امیگرینٹ سرمایہ کار بھی CR ہوتے ہیں۔



CR کو مستقل رہائشی کی حیثیت سے یکساں حقوق حاصل ہوتے اور یکساں ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔ مشروط مستقل رہائشیوں کو فارم I-751 ضرور جمع کرانا چاہیے اور امیگرینٹ سرمایہ کار مشروط مستقل رہائشی حیثیت دئے جانے کے دو سال کے **اندر** فارم I-829، منتظم کار کی جانب سے شرائط ہٹانے کی عرضی ضرور جمع کرائیں۔ یہ تاریخ عام طور پر آپ کے مستقل رہائشی کارڈ کی اختتامی تاریخ ہوتی ہے۔ آپ یہ فارم مشروط مستقل رہائشی حیثیت دئے جانے کی دوسری سالگرہ سے **پہلے** 90 دن کی مدت کے **اندر** ضرور جمع کرائیں۔ اگر آپ ایسا نہیں کرتے تو آپ اپنی امیگریشن حیثیت کھو سکتے ہیں۔

# اپنے شوہر یا بیوی کے ساتھ فارم I-751 جمع کرانا

اگر آپ CR ہیں اور آپ نے امریکی شہری یا مستقل رہائشی سے شادی کی بنیاد پر ہجرت کی ہےتو پھر آپ اور آپ کی بیوی کو فارم I-751 ایک ساتھ ضرور جمع کرانا چاہیے تاکہ آپ اپنی مستقل رہائشی حیثیت پر عائد شرائط ہٹا سکیں۔

بسا اوقات، آپ کو اپنے شوہر یا بیوی کے ساتھ فارم I-751 جمع نہیں کرانا پڑتا ۔ اگر آپ شریک حیات کے ساتھ شادی کے بندھن میں بندھے نہیں رہے یا اس نے آپ کے ساتھ بدسلوکی کی ہے تو آپ خود سے فارم I-751 جمع کراسکتے ہیں۔ اگر ریاستہائے متحدہ امریکہ سے جلا وطنی انتہائی مصیبت کا سبب ہو تو بھی آپ فارم I-751 خود سے جمع کرسکتے ہیں۔ اگر آپ شریک حیات کے ساتھ درخواست نہیں دے رہے تو CR بننے کے بعد کسی بھی وقت فارم I-751 جمع کراسکتے ہیں۔

## USCIS فارم I-751 اور I-829 جمع کرانا

**کون:** مشروط مستقل رہائشی (CR)

**کیوں:** مشروط مستقل رہائشی حیثیت آپ کے CR بننے کی تاریخ سے دو سال **بعد** ختم ہوجاتی ہے۔

**کب:** اپنی یا اپنے شریک حیات کے ساتھ جمع کرانے والا مشروط مستقل رہائشی، فارم I-751 ضرور جمع کرائیں۔ تارکِ وطن سرمایہ کار فارم I-829 ضرور جمع کرے۔ یہ دونوں فارم مشروط مستقل رہائشی حیثیت ختم ہونے سے پہلے 90 دن کے اندر ضرور جمع کرائے جائیں۔ اختتامی تاریخ آپ کے مستقل رہائشی کارڈ پر درج ہے۔

**فارم کہاں سے حاصل کیا جائے:** آپ فارم **www.uscis.gov** پر یا USCIS فارمز لائن کو1-800-870-3676 پر کال کرکے حاصل کرسکتے ہیں۔

**فارم کہاں بھیجیں:** اسے USCIS سروس سینٹر بھیجیں۔ سروس سینٹرز کے پتے فارم کی ہدایات میں دیئے گئے ہیں۔

**اس پر کتنا خرچ آتا ہے:** آپ فارم I-751 یا I-829 جمع کرانے کے لئے فیس ضرور ادا کریں۔ فارم جمع کرانے سے پہلے **www.uscis.gov/fees** پر تازہ ترین USCIS فیس ضرور چیک کرلیں۔

اگر آپ وقت پر فارم I-751 یا I-829 جمع کراتے ہیں تو USCIS عام طور پر آپ کو نوٹس بھیجے گا جس میں آپ کی CR حیثیت 12 ماہ تک کے لئے بڑھا دی جائے گی۔ اس عرصہ کے دوران USCIS آپ کی درخواست کا جائزہ لے گا۔

## اگر آپ گھریلو بدسلوکی کے شکار ہیں

اگر آپ گھریلو بدسلوکی کے شکار ہیں تو آپ کو 7233-799-800-1 یا 3224-787-800-1 (کمزور سماعت والے افراد کے لئے) پر نیشنل ڈومیسٹک وائلینس کے ذریعہ مدد مل سکتی ہے ۔ ہسپانوی اور دیگر زبانوں میں مدد دستیاب ہے۔

عورتوں کے خلاف تشدد کا قانون امریکی شہریوں یا مستقل کی مظلوم بیویوں اور بچوں کو مستقل رہائشی بننے کیلئے خود درخواست یا اپنی درخواست جمع کرانے کی اجازت دیتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے **www.uscis.gov** ملاحظہ فرمائیں یا نیشنل ڈومیسٹک وائلینس ہاٹ لائن کو کال کریں۔

### نکتہ



آپ جو فارم USCIS اور دیگر سرکاری دفاتر کو بھیجتے ہیں، ان کی متعدد نقول محفوظ رکھیں۔ نقول بھیجیں، اصل نہیں۔ بسا اوقات فارم گم ہوجاتے ہیں لہٰذا نقل محفوظ رکھنے سے مسائل سے بچنے میں مدد مل سکتی ہے۔

# قانونی رہنمائ پانا

اگر آپ کو امیگریشن کے سلسلے میں مدد کی ضرورت ہےتو لائسنس یافتہ امیگریشن وکیل کی خدمات حاصل کرسکتے ہیں۔ اہل وکیل تلاش کرنے میں آپ اپنی مقامی بار ایسوسی ایشن سے مدد طلب کرسکتے ہیں۔



کچھ ریاستیں امیگریشن کے قانون کے ماہر کی تصدیق کرتی ہیں۔ ان وکلا نے یہ ثابت کرنے کے لئے کہ انہیں امیگریشن کے قانون سے متعلق خصوصی علم ہے، متعلقہ امتحان پاس کئے ہوتے ہیں۔ فی الوقت درج ذیل ریاستیں اپنی ریاستی بار کی ویب سائٹوں پر سند یافتہ ماہرین کی فہرست رکھتی ہیں: کیلی فورنیا، فلوریڈا، شمالی کیرولینا اور ٹیکساس۔ نوٹ: یہ طے کرنا آپ کی ذمہ داری ہے کہ کیا آپ وکیل کو کرایہ پر رکھنا چاہتے ہیں۔ USCIS کسی خاص وکیل کی تصدیق یا اس کی سفارش نہیں کرتا ۔

اگر آپ کو امیگریشن کے مسئلہ سے متعلق قانونی امداد چاہیے لیکن وکیل کو دینے کے لئے رقم کافی نہیں تو کچھ کم قیمت یا مفت اعانت کے ذرائع موجود ہیں۔ درج ذیل میں سے کسی جگہ سے اعانت کے لئے درخواست کرنے پر غور کریں:

- **تسلیم شدہ تنظیم:** وہ تنظیمیں جو بورڈ آف امیگریشن اپیلز (BIA) کے ذریعہ تسلیم شدہ ہیں۔ کسی تنظیم کو اسی وقت تسلیم کیا جاسکتا ہے جب اس کے پاس امیگرینٹس کو خدمات فراہم کرنے کے لئے کافی علم اور تجربہ ہو۔ تسلیم شدہ تنظیم ان خدمات کے لئے بہت معمولی فیس وصول یا قبول کرسکتی ہے۔ ان BIA تسلیم شدہ تنظیموں کی فہرست کے لئے **www.justice.gov/eoir/recognition-accreditation-roster-reports** ملاحظہ فرمائیں۔
- **تسلیم شدہ نمائندہ:** لوگ جو BIA سے تسلیم شدہ تنظیموں سے مربوط ہیں۔ یہ نمائندے اپنی خدمات کے لئے بہت معمولی فیس وصول یا قبول کرسکتے ہیں۔ BIA سے تسلیم شدہ ان نمائندوں کی فہرست کے لئے **www.justice.gov/eoir/recognition-accreditation-roster-reports** ملاحظہ فرمائیں۔
- **مستند نمائندہ:** وہ لوگ جو مفت خدمات فراہم کریں گے۔ ان نمائندوں کو امیگریشن لاء اور عدالت میں پریکٹس کے قواعد سے ضرور واقف ہونا چاہیے۔ لاء سکول کے طلباء و گریجویٹ اور اچھے اخلاقی کردار والے لوگ جو آپ سے ذاتی یا پیشہ ورانہ وابستگی رکھتے ہیں (رشتہ دار، پڑوسی، علماء ، ساتھی کارکن یا دوست) مستند نمائندوں کی مثالیں ہیں۔
- **مفت قانونی خدمات کےفراہم کنندگان:** ڈیپارٹمنٹ آف جسٹس کے پاس ان تسلیم شدہ مفت قانونی خدمات فراہم کرنے والوں کی فہرست ہے جو امیگریشن کی کارروائی کا سامنا کرنے والے لوگوں کو یہ خدمات فراہم کرتے ہیں۔ یہ ایسے وکیل اور تنظیموں کی فہرست ہے جو امیگریشن کی عدالتوں کے روبرو کارروائیوں میں امیگرینٹس کی نمائندگی کرنا چاہتے ہوں۔ اس فہرست میں موجود وکلاء اور تنظیموں نے صرف امیگریشن کی کارروائیوں میں نئے امیگرینٹس کی بالکل مفت مدد کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ ان میں سے کچھ ہو سکتا ہے عدالت سے غیر متعلق معاملوں مثلاً ویزا کی عرضیوں، نیچرلائزیشن وغیرہ میں آپ کی مدد نہ کرسکیں۔ فہرست **www.justice.gov/eoir/free-legal-services-providers** پر دستیاب ہے۔
- **بالکل مفت پروگرام:** مفت خدمت فراہم کرنے والی تسلیم شدہ تنظیموں اور ان کے نمائندوں کی مقامی فہرست عام طور پر ہر مقامی USCIS دفتر میں دستیاب ہوتی ہے۔

قانونی سروسز تلاش کرنے سے متعلق مزید معلومات کے لئے ازراہ کرم **www.uscis.gov/legaladvice** ملاحظہ فرمائیں۔

## امیگریشن سے متعلق جعلسازی سے ہوشیار رہیں

بہت سارے امیگریشن پریکٹشنر باصلاحیت اور ایماندار ہیں اور تارکینِ وطن کو اچھی خدمات فراہم کرسکتے ہیں، تاہم کچھ ایسے بھی ہیں جو امیگرینٹس سے فوائد اٹھاتے ہیں۔

قبل اس کے کہ آپ امیگریشن کے معاملوں میں مدد لینے کا فیصلہ کریں اور اس کے لئے رقم ادا کریں، آپ کو تحقیق کرلینی چاہیے تاکہ آپ اس سلسلہ میں صحیح فیصلہ کر سکیں کہ کس قسم کی قانونی امداد درکار ہے۔ امیگریشن کی جعلسازی کا شکار ہونے سے بچیں۔

یاد رکھنے کی اہم باتیں:

- امیگریشن کے معاملات میں مدد دینے والی کسی نجی تنظیم یا شخص کا USCIS سے خصوصی تعلق نہیں ہے۔ ایسے لوگوں سے سوالات کریں جن کے وعدے ذیادہ ہی اچھے اور سچے لگتے ہیں یا وہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ان کا USCIS سے خصوصی تعلق ہے۔ ایسے لوگوں پر بھروسہ نہ کریں جو مطلوبہ نتائج یا تیز رفتار عملدرامد کی ضمانت دیتے ہیں۔ اگر آپ امیگریشن کے فوائد کے اہل نہیں تو امیگریشن سے متعلق وکیل یا مشیر کی خدمات لینے سے حقیقت نہیں بدلے گی۔

THE WRONG HELP
CAN HURT
BEWARE OF IMMIGRATION SCAMS

- کچھ مشیر، ٹریول ایجنسیاں، غیر منقولہ جائداد کے دفاتر اور "نوٹری پبلک" نامی لوگ امیگریشن کی خدمات پیش کرتے ہیں۔ ان کی تعلیمی لیاقت کے بارے میں پوچھیں اور BIA کے منظوری نامہ یا بار سرٹیفکٹ کی کاپیاں دکھانے کا تقاضا کریں۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ وہ قانونی خدمات فراہم کرنے کے اہل ہیں حالانکہ وہ ایسے نہیں ہیں۔ یہ لوگ غلطیاں کرسکتے ہیں جن کی وجہ سے آپ کی امیگریشن خطرے میں پڑ سکتی ہے اور وہ آپ کے لئے تشویشناک مسائل کا سبب بن سکتی ہیں۔

- اگر آپ امیگریشن سے متعلق مشیر یا وکیل کی خدمات لیتے ہیں تو تحریری معاہدہ حاصل کرلیں۔ معاہدہ انگریزی اور آپ کی مادری زبان دونوں میں ہونا چاہیے (اگر انگریزی آپ کی مادری زبان نہیں ہے)۔ معاہدہ میں ان تمام خدمات کی فہرست بیان کرني چاہیے جو آپ کو فراہم کی جائیں گی اور ان کی کیا قیمت ہوگی۔ معاہدہ پر دستخط کرنے سے پہلے حوالہ جات طلب کریں۔

- خدمات کے لئے نقد ادائیگی سے بچنے کی کوشش کریں۔ یقینی بنائیں کہ آپ کو اپنی ادائیگی کی رسید ملتی ہے۔ اپنی اصل دستاویزات کو ضرور اپنے پاس رکھیں۔

- سادہ فارم یا درخواست پر کبھی دستخط نہ کریں۔ یقین کرلیں کہ آپ جس پر دستخط کررہے ہیں اسے آپ سمجھتے ہیں۔

خود کو امیگریشن جعلسازی کا شکار بننے سے کیسے بچائیں، اس سلسلہ میں مزید معلومات کے لئے **www.uscis.gov/avoidscams** ملاحظہ فرمائیں۔

اگر امیگریشن کے مشیر نے آپ کو دھوکہ دیا ہے تو مدد حاصل کریں۔ اپنے ریاستی یا مقامی ڈسٹرکٹ وکیل، صارف کے امور کے ڈیپارٹمنٹ یا مقامی پولیس ڈیپارٹمنٹ کو کال کریں۔ امیگریشن لاء کی ناجائز پریکٹس کی اطلاع دینے کے لئے آپ **www.ftccomplaintassistant.gov** پر فیڈرل ٹریڈ کمیشن سے بھی رابطہ کرسکتے ہیں۔

# مستقل رہائشیوں کے لئے مجرمانہ رویہ کے نتائج

ریاستہائے متحدہ امریکہ قانون کی پاسداری کرنے والا معاشرہ ہے۔ ریاستہائے متحدہ امریکہ میں مستقل رہائشی تمام قوانین کی تعمیل ضرور کریں۔ اگر آپ مستقل رہائشی ہیں اور ریاستہائے متحدہ امریکہ میں کسی جرم میں ملوث یا قصوروار ہیں تو آپ کو تشویشناک مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ آپ کو ملک سے نکالا جاسکتا ہے، ملک سے باہر جانے پر آپ کو ریاستہائے متحدہ امریکہ میں داخلے سے منع کیا جاسکتا ہے، آپ مستقل رہائشی کی حیثیت سے محروم ہوسکتے ہیں اور مخصوص حالات میں امریکی شہریت کے لئے اپنی اہلیت سے محروم ہوسکتے ہیں۔

ان جرائم کی مثالیں جو آپ کے مستقل رہائشی ہونے کو متاثر کرسکتی ہیں، درج ذیل پر مشتمل ہیں:



- جرم جس کی تعریف سنگین جرم کے طور پر کی جاتی ہے جس میں تشدد کے جرائم شامل ہیں۔ ان میں ایک سال کے لئے قید ہوتی ہے؛
- قتل؛
- زنا بالجبر؛
- بچہ کے خلاف جنسی حملہ؛
- منشیات، اسلحہ یا لوگوں کا غیر قانونی کاروبار اور
- برے اخلاق کا جرم جو عام طور پرچوری یا دھوکہ دہی کی نیت سے کیا جانے والا جرم ہے، ایسا جرم جس میں جسمانی نقصان پہنچایا جاتا یا اس کی دھمکی دی جاتی ہے، ایسا جرم جس میں غیر محتاط رویہ کی وجہ سے تشویشناک جسمانی نقصان پہنچتا ہے یا جوجنسی بدسلوکی کا جرم ہے۔

مستقل رہائشی کی حیثیت سے آپ کے لئے تشویشناک نتائج بھی ہیں اگر آپ:

- اپنے یا کسی اور کے لئے امیگریشن کے فوائد حاصل کرنے کے لئے جھوٹ بولتے ہیں؛
- کہتے ہیں کہ آپ امریکی شہری ہیں جب کہ آپ نہیں ہیں؛
- وفاقی انتخاب یا ریاستی یا مقامی انتخاب میں ووٹ ڈالتے ہیں جو صرف امریکی شہریوں کے لئے ہوتے ہیں؛
- آپ عادی شرابی یا ایسے شخص ہیں جو مدہوش رہتا ہے یا اکثر اوقات غیر قانونی ادویات استعمال کرتا ہے؛
- ایک وقت میں ایک سے زیادہ کے ساتھ شادی شدہ ہیں؛
- حکم کے مطابق اپنے کنبہ کی مدد نہیں کرتے یا بچے یا شریک حیات کی اعانت نہیں کرتے؛

- گھریلو تشدد کے لئے گرفتار کیا جاتا ہے (گھریلو تشدد یہ ہے کہ کوئی شخص کنبہ کے کسی فرد پر حملہ کرتا ہے یا اسے پریشان کرتا ہے، جس میں تحفظ کے حکم کی خلاف ورزی شامل ہے)؛
- عام فوائد حاصل کرنے یا کسی سرکاری ایجنسی کے ساتھ جعلسازی کرنے کے لئے جھوٹ بولتے ہیں یا جعلی دستاویزات پیش کرتے ہیں؛
- مطالبہ کیے جانے پر ٹیکس گوشوارہ نہیں بھرتے؛
- اگر آپ مرد ہیں اور آپ کی عمر 18 اور 26 سال کے درمیان ہے لیکن جان بوجھ کر سلیکٹو سروس کے لئے اندراج نہیں کراتے؛ اور
- کسی ایسے شخص کی ریاستہائے متحدہ امریکہ میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے میں مدد کرتے ہیں جو امریکی شہری نہ ہو اگرچہ وہ شخص آپ کا قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہ ہو اور آپ کو ادائیگی نہ کی جائے۔

اگر آپ نے کسی جرم کا ارتکاب کیا ہے یا اس کے ملزممجرم قرار دیئے گیے ہیں تو امیگریشن سے متعلق دوسرے فوائد کے لئے درخواست دینے سے پہلے آپ کو امیگریشن سے متعلق مشہور وکیل یا کمیونٹی پر مبنی ان تنظیموں سے جو امیگرینٹس کو قانونی خدمات فراہم کرتی ہیں، مشورہ کرنا چاہیے ۔ قانونی رہنمائ حاصل کرنے سے متعلق معلومات کے لئے صفحہ 21 ملاحظہ فرمائیں۔



# ریاستہائے متحدہ امریکہ میں رہائش پذیر ہونا

یہ سیکشن آپ کو ایسی معلومات فراہم کرتا ہے جو ریاستہائے متحدہ امریکہ کی زندگی میں ڈھلنے میں آپ کی مدد کرسکتی ہیں۔
آپ سوشل سیکورٹی نمبر حاصل کرنے، جائے رہائش تلاش کرنے، نوکری پانے یا بچہ کی دیکھ بھال کی سہولت تلاش کرنے
اور ریاستہائے متحدہ امریکہ میں سفر کرنے کا طریقہ سیکھیں گے۔

# سوشل سیکورٹی نمبر حاصل کریں

مستقل رہائشی کی حیثیت سے آپ سوشل سیکورٹی نمبر کے اہل ہیں۔ یہ نمبر آپ کو امریکی حکومت دیتی ہے۔ یہ آپ کی آمدنی اور ان فوائد پر نظر رکھنے میں حکومت کی مدد کرتا ہے جو آپ کو حاصل ہوسکتے ہیں۔ آپ کی شناخت کرنے کے لئے آپ کے سوشل سیکورٹی نمبر کو مالی اداروں اور دیگر ایجنسیوں کے ذریعہ بھی استعمال کیا جاتا ہے مثلاً سکول۔ اپارٹمنٹ کرایہ پر لینے یا گھر خریدتے وقت آپ سے سوشل سیکورٹی نمبر طلب کیا جاسکتا ہے




سوشل سیکورٹی امریکی حکومت کا پروگرام ہے جو بعض ریٹائرڈ کارکنان اور ان کے کنبوں، بعض معذور کارکنان اور ان کے کنبوں نیز مرحوم کارکنان کے کنبہ کے بعض اراکین کو فوائد فراہم کرتا ہے۔سوشل سیکورٹی کے انچارج سرکاری ڈیپارٹمنٹ کو سوشل سیکورٹی کا ادارہ(SSA) کہا جاتا ہے۔

اپنا قریبی سوشل سیکورٹی آفس تلاش کریں:

- SSA ویب سائٹ **www.socialsecurity.gov**. پر۔ ہسپانوی زبان کے لئے **www.segurosocial.gov/espanol** ملاحظہ فرمائیں۔ویب سائٹ میں متعدد دیگر زبانوں میں بھی محدود معلومات دستیاب ہیں۔
- 7 بجے صبح اور 7 بجے شام کے دوران 1-800-772-1213 یا 1-800-325-0778 (کمزور سماعت والے افراد کے لئے) پر کال کرنا۔ ترجمان کی مفت خدمات دستیاب ہیں۔

## اگر آپ انگریزی نہیں بولتے



تو سوشل سیکورٹی نمبر کے لئے درخواست دینے میں مدد کے لئے سوشل سیکورٹی آفس مفت ترجمان مہیا کرسکتا ہے۔ جب آپ سوشل سیکورٹی آفس کال کریں تو فون پر جواب دینے والے شخص سے کہیں کہ آپ انگریزی نہیں بولتے۔وہ مدد کرنے کے لئے ترجمان تلاش کریں گے۔ آپ سوشل سیکورٹی آفس جاتے وقت بھی ترجمان سے مدد لے سکتے ہیں۔

سوشل سیکورٹی کے ادارے کی ویب سائٹ میں ان لوگوں کے لئے مددگار معلومات ہیں جو ریاستہائے متحدہ امریکہ میں نئے ہیں۔ویب سائٹ کا "دیگر زبانوں" کا سیکشن متعدد زبانوں میں سوشل سیکورٹی سے متعلق معلومات پر مشتمل ہے۔ **www.socialsecurity.gov**; ملاحظہ فرمائیں؛ ہسپانوی کے لئے **www.segurosocial.gov/espanol** ملاحظہ فرمائیں۔

اگر درج ذیل میں سے **تمام** شرائط کا آپ پر اطلاق ہوتا ہے تو آپ کو سوشل سیکورٹی نمبر حاصل کرنے کے لئے درخواست پُر کرنے **یا** سوشل سیکورٹی آفس جانے کی ضرورت **نہیں** ہے:

- آپ نے امیگرینٹ ویزہ کے لئے درخواست دیتے وقت سوشل سیکورٹی نمبر یا کارڈ کی درخواست دی؛
- آپ نے اکتوبر 2002 میں یا اس کے بعد امیگرینٹ ویزہ کے لئے درخواست دی؛ اور
- جب آپ ریاستہائے متحدہ امریکہ آئے تو آپ کی عمر 18 سال یا اس سے زیادہ تھی۔

اس صورتحال میں ڈیپارٹمنٹ آف سٹیٹ اینڈ ہوم لینڈ سیکورٹی نے آپ کو سوشل سیکورٹی نمبر جاری کرنے کے لئے مطلوبہ معلومات سوشل سیکورٹی کے ادارہ (SSA) بھیجی۔ SSA آپ کو سوشل سیکورٹی نمبر جاری کرے گا اور آپ کے سوشل سیکورٹی نمبر کا کارڈ اسی امریکی خط و کتابت کے پتہ پر بھیجے گا جہاں USCIS آپ کا مستقل رہائشی کارڈ بھیجتا ہے۔ آپ کو ریاستہائے متحدہ امریکہ پہنچنے کے بعد تین ہفتوں کے اندر اپنا سوشل سیکورٹی کارڈ حاصل کر لینا چاہیے۔ اگر آپ ریاستہائے متحدہ امریکہ پہنچنے کے بعد تین ہفتوں کے اندر اپنا کارڈ وصول نہیں کرتے تو SSA سے فوری رابطہ کریں۔ اگر آپ پہنچنے کے **بعد** لیکن اپنا سوشل سیکورٹی کارڈ حاصل کرنے سے **پہلے** خط و کتابت کا پتہ بدل لیتے ہیں تو SSA سے رابطہ کریں۔

اگر درج ذیل شرائط میں سے **کسی** کا آپ پر اطلاق ہوتا ہے تو سوشل سیکورٹی نمبر حاصل کرنے کے لئے سوشل سیکورٹی آفس **ضرور** جائیں:

- آپ نے امیگرینٹ ویزہ کے لئے درخواست دیتے وقت سوشل سیکورٹی نمبر یا کارڈ طلب نہیں کیا؛
- آپ نے اکتوبر 2002 سے پہلے اپنے امیگرینٹ ویزہ کے لئے درخواست دی تھی؛ یا
- جب آپ ریاستہائے متحدہ امریکہ آئے تو آپ کی عمر 18 سال سے کم تھی۔

سوشل سیکورٹی کا نمائندہ سوشل سیکورٹی نمبر کے لئے درخواست دینے میں آپ کی مدد کرے گا۔ جب آپ درخواست دینے کے لئے سوشل سیکورٹی آفس جائیں تو درج ذیل دستاویزات اپنے ساتھ رکھیں:

- سند پیدائش یا دیگر دستاویز مثلاً آپ کا پاسپورٹ جو یہ دکھاتا ہو کہ آپ کب اور کہاں پیدا ہوئے۔
- دستاویز جو ریاستہائے متحدہ امریکہ میں کام کرنے کی اجازت کے ساتھ ساتھ آپ کی امیگریشن حیثیت دکھاتی ہے۔ یہ دستاویز امیگریشن سٹیمپ یا ویزہ لیبل کے ساتھ آپ کا مستقل رہائشی کارڈ یا پاسپورٹ ہوسکتی ہے۔

SSA آپ کا سوشل سیکورٹی نمبر آپ کو بذریعہ ڈاک بھیجے گا۔ SSA کو آپ کی درخواست کے لئے درکار تمام دستاویزات موصول ہونے کے بعد آپ کو دو ہفتے کے اندر اپنا سوشل سیکورٹی کارڈ مل جانا چاہیے۔ اگر SSA کو آپ کی کسی دستاویز کی تصدیق کرنے کی ضرورت پڑے تو سوشل سیکورٹی نمبر حاصل کرنے میں زیادہ وقت لگ سکتا ہے۔

# رہائش کے لئے جگہ تلاش کریں

آپ یہ چن سکتے ہیں کہ آپ ریاستہائے متحدہ امریکہ میں کہاں رہتے ہیں۔ بہت سے لوگ پہلی بار آنے پر اپنے دوستوں یا کنبہ کے افراد کے ساتھ ٹھہرتے ہیں۔ دیگر لوگ اپنے ذاتی گھر میں منتقل ہوجاتے ہیں۔

ریاستہائے متحدہ امریکہ میں اکثر لوگ اپنی آمدنی کا تقریبا 25 فیصد گھر پر خرچ کرتے ہیں۔ ذیل میں گھر کے کچھ اختیارات دیئے جارہے ہیں جن پر آپ غور کرسکتے ہیں۔


## گھر کرایہ پر لینا

اپارٹمنٹس اور گھر کرایہ پر لئے جاسکتے ہیں۔ آپ انہیں متعدد طریقوں سے تلاش کرسکتے ہیں:




- عمارتوں پر "اپارٹمنٹ دستیاب" یا "کرایہ کے لئے" کی علامات ملاحظہ فرمائیں۔
- اگر آپ کے دوست، رشتے دار اور ساتھی کارکنان کرایہ کی جگہوں کے بارے میں جانتے ہوں تو ان سے پوچھیں۔
- عوامی جگہوں میں "کرایہ کے لئے" کی علامات ملاحظہ فرمائیں مثلاً آپ کی لائبریری، کریانہ کی دکانیں اور کمیونٹی سینٹرز میں بلیٹین بورڈز۔
- انٹرنیٹ پر کرایہ کے لئے دستیاب جگہیں تلاش کریں۔ اگر آپ کے پاس گھر پر کمپیوٹر نہ ہو تواپنے مقامی عوامی کتب خانے میں اسے استعمال کرسکتے ہیں۔
- "پراپرٹی مینیجمنٹ" کے تحت فون بک کے پیلے صفحات ملاحظہ فرمائیں۔ کچھ ایسی کمپنیاں ہیں جو اپارٹمنٹ اور گھر کرایہ پر دیتی ہیں۔ وہ گھر تلاش کرنے میں آپ کی مدد کرنے کے لئے آپ سے فیس وصول کرسکتی ہیں۔
- اخبار کے "کلاسیفائڈ" سیکشن ملاحظہ فرمائیں۔ وہ صفحات تلاش کریں جن میں "کرایہ کے لئے اپارٹمنٹس" اور "کرایہ کے لئے گھر" لکھا ہوتا ہے ان میں گھروں اور اپارٹمنٹس کرایہ پر دینے کے بارے میں معلومات موجود ہو گی۔
- مقامی زمین و املاک کے تاجر کو کال کریں۔

### سٹی یا ٹاؤن سروسز سے متعلق معلومات کے لئے 311 پر کال کریں



بہت سارے شہروں اور قصبوں میں آپ غیر ہنگامی سرکاری خدمات تلاش کرنے کے لئے 311 پر کال کرسکتے ہیں۔ مثلاً کوڑا اٹھانے سے متعلق پوچھنے اور اپنی راہداری ٹھیک کرانے کے لئے آپ 311 پر کال کرسکتے ہیں۔ کچھ مقامات پر 311 کی خدمات موجود نہیں۔ اپنے شہر یا قصبہ کی حکومت کو کال کرکے یہ معلوم کریں کہ کیا آپ کے علاقے میں 311 دستیاب ہے۔

## گھر کرایہ پر لیتے وقت کیا توقع کی جائے

یہ سیکشن وہ مختلف اقدامات بیان کرتا ہے جن کا آپ اپنے نئے گھر میں منتقل ہونے سے پہلے سامنا کرسکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے **www.hud.gov** ملاحظہ فرمائیں یا ہسپانوی کے لئے **www.espanol.hud.gov** ملاحظہ فرمائیں۔



**کرایہ پر لینے کے لئے درخواست دینا:** جو لوگ گھر کرایہ پر لیتے ہیں، انہیں کرایہ دار کہا جاتا ہے۔ کرایہ دار کے طور پر آپ یا براہ راست مالک مکان (جائیداد کا مالک) سے یا پراپرٹی منیجر (وہ شخص جو جائیداد کا ذمہ دار ہے) کے ذریعہ گھر کرایہ پر لیتے ہیں۔ مالک مکان یا پراپرٹی منیجر آپ سے کرایہ کی درخواست پُر کرنے کا کہہ سکتا ہے جس سے یہ تصدیق ہوتی ہو کہ آپ کے پاس کرایہ ادا کرنے کے لئے رقم ہے۔

درخواست میں آپ سے اپنے سوشل سیکورٹی نمبر اور کام کے ثبوت کا تقاضا کیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ کے پاس فی الحال سوشل سیکورٹی نمبر نہیں ہے تو آپ اپنا مستقل رہائشی کارڈ یا اپنی ملازمت کی تنخواہ کا ثبوت دکھا کر یہ ثابت کرسکتے ہیں کہ آپ کام کرتے ہیں۔ آپ سے درخواست کی معمولی فیس ادا کرنے کو بھی کہا جاسکتا ہے۔

اگر آپ ابھی کام نہیں کر رہے تو کسی اور سے اپنے ساتھ کرایہ داری کے معاہدہ پر دستخط کرانے کی ضرورت پڑسکتی ہے۔ اس شخص کو شریک دستخط کنندہ کہا جاتا ہے۔ اگر آپ کرایہ ادا نہیں کرسکتے تو شریک دستخط کنندہ اسے ادا کرنے کا ذمہ دار ہے۔

**پٹے پر دستخط کرنا:** اگر مالک مکان آپ کو جائیداد کرایہ پر دینے پر راضی ہے تو آپ کرایہ داری یا پٹے کے معاہدے پر دستخط کرتے ہیں۔ پٹہ ایک قانونی دستاویز ہے۔ جب آپ پٹے پر دستخط کرتے ہیں تو آپ اپنا کرایہ وقت پر ادا کرنے اور مقررہ وقت کے لئے کرایہ ادا کرنے پر اتفاق کرتے ہیں۔ زیادہ تر پٹے ایک سال کے لئے ہوتے ہیں۔ آپ زیادہ مختصر وقت مثلاً ایک ماہ کے لئے بھی گھر لے سکتے ہیں۔ آپ کو مختصر وقت کے لئے زیادہ رقم ادا کرنی پڑ سکتی ہے۔

پٹے پر دستخط کرتے ہوئے آپ گھر کو صاف اور اچھی حالت میں رکھنے پر اتفاق کرتے ہیں۔ اگر آپ اس جگہ کو نقصان پہنچاتے ہیں جسے کرایہ پر لے رہے ہیں تو آپ سے اضافی قیمت وصول کی جاسکتی ہے۔ پٹے میں ان لوگوں کی تعداد کا بھی ذکر ہوسکتا ہے جو گھر میں رہ سکتے ہیں۔

**سیکورٹی ڈپازٹ ادا کرنا:** کرایہ دارگھر میں آنے سے پہلے عام طور پر سیکورٹی ڈپازٹ ادا کرتے ہیں۔ یہ ڈپازٹ عموماً ایک ماہ کے کرایہ کے برابر ہوتا ہے۔ اگر گھر چھوڑتے وقت صاف ستھرا اور اچھی حالت میں ہو تو آپ کو اپنا ڈپازٹ واپس مل جائے گا۔ اگر نہیں تو مالک مکان صفائی یا مرمت کی ادائیگی کے لئے آپ کا کچھ یا تمام ڈپازٹ اپنے پاس رکھ سکتا ہے۔

گھر یا اپارٹمنٹ میں جانے سے **پہلے** اس کا معائنہ کرلیں۔ آپ کو اس میں جو بھی کمی نظر آئے، مالک مکان کو بتا دیں۔ چھوڑنے سے **پہلے** اپنے مالک مکان سے کہ کر کمی دور کرلیں یا صفائی کروا لیں تاکہ آپ کو اپنا تمام سیکورٹی ڈپازٹ واپس مل سکے۔

**کرایہ داری کے دیگر اخراجات ادا کرنا:** کچھ گھروں یا اپارٹمنٹس کے کرایہ میں افادیات مثلاً گیس، بجلی، حرارت، پانی اور کوڑا ہٹانے کے اخراجات شامل ہوتے ہیں۔ کرایہ کی دیگر رقم کے لئے آپ کو ان اخراجات کے لئے الگ سے ادائیگی کرنی پڑے گی۔ جب آپ گھر کا معائنہ کررہے ہوں تو مالک مکان سے پوچھ لیں کہ آیا کوئ افادیات شامل ہیں۔ اگر افادیات شامل کی جاتی ہیں تو دستخط کرنے سے پہلے یقینی بنالیں کہ یہ معلومات آپ کے پٹے میں موجود ہیں۔ اگر افادیات شامل نہیں کی جاتیں تو معاہدہ پر دستخط کرنے سے پہلے معلوم کرلیں کہ ان پرکتنا خرچہ آئے گا۔ کچھ افادیات کی قیمت گرمی میں (ایئر کنڈیشننگ کے لئے) اور جاڑے میں (حرارت کے لئے) زیادہ ہوگی۔ کرایہ داران کا بیمہ بھی دستیاب ہے۔ اگر وہ گھر جس میں آپ رہ رہے ہیں تلف یا برباد ہوجاتا ہے تو یہ بیمہ نجی املاک کی حفاظت، جواب دہی کے تحفظ اور جینے کے اضافی اخراجات کا احاطہ کرسکتا ہے۔

**پٹے کا خاتمہ:** کرایہ داری کے معاہدہ کو ختم کرنا " پٹے کا خاتمہ" کہلاتا ہے۔ اگر آپ کو توقع سے پہلے اپنا پٹہ ختم کرنے کی ضرورت پڑ جاتی ہے تو آپ کو پٹے کے اختتام تک کا ماہانہ کرایہ ادا کرنا پڑسکتا ہے گو آپ وہاں نہ رہیں۔ اگر آپ پٹے کے اختتام سے پہلے چھوڑ دیں تو اپنے سیکورٹی ڈپازٹ سے بھی محروم ہوسکتے ہیں۔ نکلنے سے پہلے اپنے مالک مکان کو تحریری نوٹس دیں کہ آپ انخلاء کے لئے تیار ہیں۔ چھوڑنے سے پہلے مالک مکان کم ازکم 30 دن کے پیشگی نوٹس کا تقاضا کر سکتا ہے۔ پٹے پر دستخط کرنے سے پہلے یقین کرلیں کہ آپ اس کی شرائط سمجھتے ہیں اور پوچھ لیں کہ آپ کو مکان چھوڑنے سے پہلے مالک مکان کو کتنا عرصہ قبل مالک مکان کو مطلع کرنا ہوگا۔

## اپنے مالک مکان کے ساتھ گھر کی مرمت کا معاملہ

مالکان مکان اس گھر یا اپارٹمنٹ کو محفوظ اور اچھی حالت میں رکھیں جسے وہ آپ کو کرایہ پر دیتے ہیں۔ اگر آپ کو گھر کی مرمت کرانے کی ضرورت ہے:

- سب سے پہلے اپنے مالک مکان سے بات کریں۔ مسئلہ اسکے علم میں لائیں اور بتائیں کہ اسے ٹھیک کرانے کی ضرورت ہے۔ اگر آپ کا مالک مکان جواب نہ دے تو خط لکھ کر اسے مسئلہ کے بارے میں بتائیں۔ اپنے پاس خط کی کاپی رکھ لیں۔
- اگر مالک مکان پھر بھی آپ کی درخواست کا جواب نہ دے تو اپنے مقامی ہاؤسنگ آفس سے پوچھیں۔ اکثر شہری یا مقامی حکومتوں کے پاس ایسے لوگ ہوتے ہیں جو مسائل کے لئے گھروں کا معائنہ کرتے ہیں۔ ہاؤسنگ آفس سے درخواست کرکے اس سے گھر دیکھنے کے لئے کوئ انسپکٹر بھیجنے کے لئے کہیں۔ انسپکٹر کو مسئلہ دکھائیں۔
- بالآخر اگر مالک مکان مسئلہ حل نہیں کرتا تو آپ اسکے خلاف قانونی چارہ جوئ کر سکتے ہیں۔

## نکتہ



اگر آپ یہاں سے منتقل ہوتے ہیں تو امریکی پوسٹل سروس کو بتا دینا چاہیے تاکہ وہ نئے پتے پر آپ کو خط بھیج سکے۔ اپنا پتہ آن لائن تبدیل کرنے کے لئے **www.usps.com/umove** ملاحظہ فرمائیں یا اپنے مقامی پوسٹ آفس جائیں۔ نیز USCIS کے پاس فارم AR-11، پتے کی تبدیلی جمع کرانا نہ بھولیں۔ ہدایات کے لئے صفحہ 19 ملاحظہ فرمائیں۔

### اپنے حقوق جانیں: گھر کی فراہمی میں تفریق کی اجازت نہیں ہے

مالکان مکان اس بنیاد پر کہ آپ کون ہیں، کرایہ پر دینے سے انکار نہیں کرسکتا۔ مالکان مکان کے لئے خلاف قانون ہے کہ درج ذیل وجوہات کی بنیاد پر آپ کو جائیداد کرایہ پر دینے سے انکار کردے:

- آپ کی نسل یا رنگ؛
- آپ کی قومی اصلیت؛
- آپکا مذہب؛
- آپکی جنس؛
- معذوری یا
- آپکی خاندانی حیثیت۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ ان میں سے کسی وجہ سے آپ کو گھر دینے سے انکار کیا گیا ہے تو 1-800-669-9777 یا -1-800-927 9275 (کمزور سماعت والے افراد کے لئے) پر بذریعہ فون ڈیپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ (HUD) سے رابطہ کریں۔ آپ **www.hud.gov** کے "فئیرہاؤسنگ" کے سیکشن میں بھی شکایت درج کراسکتے ہیں۔ معلومات متعدد زبانوں میں دستیاب ہے۔

## گھر خریدنا

اکثر لوگوں کے لئے گھر کی ملکیت امریکی خواب کا حصہ ہے۔ گھر کا مالک ہونے کے بہت سے فوائد ہیں لیکن بہت ساری ذمہ داریاں بھی عائد ہوتی ہیں۔

زمین و املاک کے تاجر خریداری کے لئے گھر تلاش کرنے میں آپ کی مدد کرسکتے ہیں۔ دوستوں یا ساتھیوں سے پوچھیں کہ آیا وہ کوئ زمین و املاک کا تاجر تجویز کرسکتے ہیں یا ایجینٹ کے نام کے لئے متعلقہ مقامی ایجنسی کو کال کریں۔ ایسا ایجنٹ تلاش کریں جو اس علاقے سے واقف ہو جہاں آپ گھر خریدنا چاہتے ہیں۔ جائداد کی تلاش کے بہت سے طریقے ہیں مثلاً انٹرنیٹ پر تلاش کرنا، اخبار کے "کلاسیفائڈ" سیکشن میں ڈھونڈنا یا اپنی پسند کے قرب و جوار میں "برائے فروخت" کی علامات دیکھنا۔

اکثر لوگوں کو گھر کی ادائیگی کے لئے لون لینے کی ضرورت پڑتی ہے۔ اسے رہن کہا جاتا ہے۔رہن آپ مقامی بینک یا رہن کی کمپنی سے حاصل کرسکتے ہیں۔ رہن کا مطلب یہ ہے کہ آپ مخصوص مدت کے لئے مقررہ شرح سود پر رقم قرض لے رہے ہیں۔




آپ اپنے رہن پر جو سود ادا کرتے ہیں اسے آپ کے وفاقی انکم ٹیکس سے کاٹا جاسکتا ہے۔

آپ کو اپنے گھر میں آئندہ کسی ممکنہ نقصان کی ادائیگی کے سلسلہ میں مدد کے لئے گھر کے مالک کا بیمہ خریدنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ بیمہ عام طور پر خراب موسم، آگ یا ڈاکہ کی وجہ سے ہونے والے نقصان کا احاطہ کرتا ہے۔آپ کو اپنے گھر کی قیمت پر پراپرٹی ٹیکس ادا کرنے کی بھی ضرورت پڑے گی۔

زمین و املاک کا تاجر یا وکیل رہن اور بیمہ تلاش کرنے میں آپ کی مدد کرسکتا ہے۔ وہ اپنا گھر خریدنے کیلئے فارم بھرنے میں آپ کی مدد کرسکتا ہے۔ زمین و املاک کے تاجر کو گھر خریدنے کے لئے آپ سے فیس نہیں لینی چاہیے لیکن فارم بھرنے میں مدد کے لئے آپ کو جائیداد کے وکیل کو فیس ادا کرنی پڑسکتی ہے۔ آپ کو رہن حاصل کرنے اور ریاستی قانونی فارم بھرنے کے لئے بھی فیس ادا کرنی ہو گی۔ان فیسوں کو کلوزنگ کاسٹس کہا جاتا ہے۔گھر کے لئے حتمی خریداری کے فارم پر دستخط کرنے سے قبل پراپرٹی ایجنٹ یا رہن دہندہ کو آپ کے علم میں لانا چاہئے کہ یہ فیس کتنی ہوگی۔ زمین و املاک کا تاجر تلاش کرنے، قرض کا پتہ کرنے اور بیمہ منتخب کرنے کے سلسلہ میں مدد کے لئے **www.hud.gov** کا "گھر کی خریداری (Buying a Home)" سیکشن ملاحظہ فرمائیں۔

## نکتہ



قرضے کی جعلسازی اور ایسے قرض دہندگان سے خود کو بچائیں جو رہن پر بہت زیادہ شرح سود وصول کرتے ہیں۔ کچھ قرض دہندگان اس ملک میں آپ کے نئے ہونے کی وجہ سے آپ سے غلط فائدہ اٹھانے کی کوشش مثلاً زیادہ رقم کا مطالبہ کرسکتے ہیں۔ آپ کو جعلسازی، غیر ضروری اخراجات اور گھر کی خریداری میں تفریق سے بچانے کے لئے قوانین موجود ہیں۔ قرضے کی جعلسازی اور اسے روکنے سے متعلق معلومات اورمشورہ کے لئے **www.hud.gov** کا "گھر کی خریداری (Buying a Home)" کا سیکشن ملاحظہ فرمائیں۔

**گھر خریدنے یا کرایہ پر لینے سے متعلق مزید معلومات**

**www.hud.gov** پر امریکی ڈیپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ (HUD) کی ویب سائٹ سٹیزن شپ اینڈامیگریشن سروسز (USCIS) کا "گھر کی خریداری (Buying a Home)" کا سیکشن ملاحظہ فرمائیں۔ آپ 1-800-569-4287 پر HUD کو کال کرکے ہاؤسنگ کے مشیر سے بھی بات کرسکتے ہیں۔ معلومات انگریزی اور ہسپانوی میں دستیاب ہے۔

دیگر مفید ذرائع کے لئے **http://publications.usa.gov** پر فیڈرل سیٹیزن انفارمیشن سینٹر(Federal Citizen Information Center) ملاحظہ فرمائیں۔

# ملازمت تلاش کریں

ریاستہائے متحدہ امریکہ میں کام کی تلاش کے لئے بہت سے طریقے ہیں۔کـام تلاش کرنے کے مواقع بڑھانے کے لئے آپ:

- اسامیوں یا کام کی اچھی جگہوں کے بارے میں اپنی کمیونٹی میں دوستوں، پڑوسیوں، کنبہ کے افراد یا دیگر افراد سے پوچھ سکتے ہیں۔
- انٹرنیٹ پر کام تلاش کرسکتے ہیں۔ اگر لائبریری میں کمپیوٹر استعمال کرتے ہیں تو عملہ سے اسے چلانے میں مدد طلب کریں۔
- مقامی کاروباری اداروں کی کھڑکیوں میں "مدد درکار ہے(Help Wanted)" کی نشانیاں تلاش کریں۔
- اسامیوں کے بارے میں پوچھنے کے لئے اپنے علاقہ میں کاروباری اداروں کی ملازمت یا انسانی وسائل کے آفس جا سکتے ہیں۔
- سماجی ایجنسیوں، جو امیگرینٹس کیلئے کام کی تلاش میں مدد دیتی ہیں اور کام کے تربیتی پروگرام کا انتظام کرتی ہیں، میں جا سکتے ہیں۔
- کرایہ داری کے اشتہار کے لئے مقامی لائبریریوں، پنسارکی دکانوں اور کمیونٹی سینٹروں پر لگے بولیٹن بورڈ دیکھیں۔
- ریاستی یا مقامی دفترِ روزگار سے پوچھیں۔
- "ملازمت(Employment)" کے تحت اخبار کے "کلاسیفائڈز(Classifieds)" سیکشن میں ملاحظہ فرمائیں۔

## نکتہ





روزگار کی تلاش کے دوران آپ ملازمتی دھوکہ دہی کا شکار ہوسکتے ہیں۔ اگرچہ فراہمیٔ روزگارکی بہت ساری فرمیں قانونی اور ممد ہیں تاہم کچھ خدمات کی غلط تشریح، فرسودہ و جعلی کام کی پیشکش یا ایسی خدمات کیلئے ایڈوانس فیس وصول کر سکتی ہیں جنکے نتیجے میں روزگار نہ مل سکے۔ مزید معلومات کے لئے **www.ftc.gov/jobscams** ملاحظہ فرمائیں۔

# روزگار کے لئے درخواست دینا

اکثر مالکان آپ سے ملازمت کی درخواست پُر کرنے کو کہیں گے۔ یہ ایسا فارم ہوتا ہے جو آپ سے پتہ، تعلیم اور سابقہ تجربہ کے بارے میں سوالات کرتا ہے۔ یہ ان لوگوں کے بارے میں بھی معلومات مانگ سکتا ہے جن کے ساتھ آپ نے ماضی میں کام کیا ہے اور وہ آپ کی سفارش کرسکتے ہیں۔ ان لوگوں کو حوالہ کہا جاتا ہے اور ملازمت دہندہ انہیں کال کرکے آپ کے بارے میں سوال پوچھ سکتے ہیں۔

آپ کو اپنے کام کے تجربہ کی فہرست کے ساتھ کوائف تیار کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ کوائف آپ کے روزگار دہندہ کو آپ کے گذشتہ کام، آپ کی تعلیم وتربیت اور مہارت کے بارے میں بتاتے ہیں۔ جب آپ کام کے لئے درخواست دیں تو اپنے کوائف ہمراہ لائیں۔



اچھا ریزیومے:

- آپ کا نام، پتہ، فون نمبر اور ای میل ایڈریس؛
- آپ کی گذشتہ ملازمتیں بیان کرتا اوران کے دورانئے دیتا ہے؛
- آپ کی تعلیمی قابلیت دکھاتا ہے؛
- آپ کی خصوصی مہارتیں دکھاتا ہے؛ اور
- اسے پڑھنا آسان ہوتا ہے اوراس میں غلطی نہیں ہوتی۔

مقامی کمیونٹی سروس ایجنسیوں سے معلوم کریں کہ آیا وہ ریزیومے لکھنے میں آپ کی مدد کرسکتی ہیں۔ نجی کاروباری ادارے بھی اس سلسلہ میں مدد کرسکتے ہیں تاہم وہ فیس لے سکتے ہیں۔ ملازمت کے لئے درخواست دینے سے متعلق مزید معلومات کے لئے **www.careeronestop.org** ملاحظہ فرمائیں۔

### فوائد کیا ہیں؟

کچھ ملازمت دہندگان تنخواہ کے علاوہ اضافی فوائد فراہم کرتے ہیں۔ فوائد میں درج ذیل شامل ہوسکتے ہیں:

- طبی دیکھ بھال
- دانتوں کی دیکھ بھال
- آنکھوں کی دیکھ بھال
- زندگی کا بیمہ
- ریٹائرمنٹ کا منصوبہ

روزگار دہندگان ان فوائد کے کچھ یا تمام اخراجات ادا کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کو کام کی پیشکش کی جائے تو پوچھیں کہ ملازمت دہندہ ملازمین کو کیا فوائد فراہم کرتا ہے۔

## ملازمت کے لئے انٹرویو

ملازمت دہندہ روزگارسے متعلق بات کرنے کے لئے آپ سے ملنے کے خواہشمند ہوسکتے ہیں۔وہ گذشتہ کام اور مہارتوں کے بارے میں آپ سے پوچھیں گے۔ انٹرویو کی تیاری میں مدد کے لئے آپ دوست یا کنبہ کے کسی رکن کے ساتھ اپنے گذشتہ کام سے متعلق سوال وجواب کی مشق کرسکتے ہیں۔آپ انٹرویو کے اختتام پر روزگار دہندہ سے سوالات بھی پوچھ سکتے ہیں۔ یہ کام کے متعلق مزید معلومات حاصل کرنے کا اچھا موقع ہوتا ہے۔

آپ درج ذیل باتیں پوچھ سکتے ہیں:

- آپ اس عہدے میں ایک معیاری دن کیسے بیان کریں گے؟
- مجھے کام کی تربیت کیسے دی جائیگی اور اس سے متعارف کیسے کرایا جائیگا؟
- تنظیم میں اس کام کی کیا اہمیت ہے؟
- آپ کام کے ماحول کو کیسے بیان کریں گے؟
- آپ اس پوزیشن کے مثبت اور مشکل پہلؤوں کو کیا سمجھتے ہیں؟

انٹرویو کے دوران روزگار دہندہ آپ سے بہت سارے سوال پوچھ سکتا ہے تاہم انہیں بعض سوالات پوچھنے کی اجازت نہیں ہے۔ کسی کو آپ کی نسل، رنگ، جنس، کنبہ کی حالت، مذہب، قومی اصلیت، عمر یا کسی معذوری کے بارے میں سوالات نہیں کرنے چاہئیں۔ کام سے متعلق انٹرویو کی پیش رفت کے بارے میں مزید معلومات کے لئے **www.dol.gov** ملاحظہ فرمائیں

## اپنے حقوق جانیں: وفاقی قوانین ملازمین کی حفاظت کرتے ہیں

ریاستہائے متحدہ امریکہ میں متعدد وفاقی قوانین ہیں جو روزگار دہندگان کو روزگار کے متلاشی افراد کے خلاف تفریق سے روکتے ہیں نیز کام کی جگہ میں بدلہ اور دیگر اقسام کی تفریق سے بچاتے ہیں۔

- سول رائٹس ایکٹ نسل، رنگ، مذہب، اصل ملک، جنس یا حمل کی بنیاد پر تفریق سے منع کرتا ہے۔
- ملازمت میں عمر کی بنیاد پر تفریق کا ایکٹ عمر کی بنیاد پر تفریق کرنے سے روکتا ہے۔
- امیریکنز ود ڈس ایبیلیٹز ایکٹ اور ری ہیبیلی ٹیشن ایکٹ معذوری کی بنیاد پر تفریق سے روکتا ہے
- ایکول پے ایکٹ جنس کی بنیاد پر تفریق سے روکتا ہے۔
- جینیٹک نان ڈسکریمینیشن ایکٹ جینیاتی معلومات کی بنیاد پر تفریق سے روکتا ہے۔

ان تحفظات سے متعلق مزید معلومات کے لئے سحءلد بع بہلد پر امریکی ایکول ایمپلائمنٹ اپرچونٹی کمیشن کی ویب سائٹ **www.eeoc.gov** ملاحظہ فرمائیں یا 1-800-669-4000 اور 1-800-669-6820 (کمزور سماعت والے افراد کے لئے) پر کال کریں ۔

دیگر قوانین مقامِ ملازمت محفوظ رکھنے میں مدد، خاندانی یا طبی ہنگامی حالات کی صورت میں چھٹی اور بیروزگاروں کے لئے عارضی اعانت فراہم کرتے ہیں۔ کارکنان کے حقوق کے بارے میں مزید معلومات کے لئے **www.dol.gov** پر امریکی ڈیپارٹمنٹ آف لیبر کی ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔

اس کے علاوہ وفاقی قوانین قومی اصلیت یا شہریت کی بنیاد پر تفریق سے ملازمین کی حفاظت کرتے ہیں۔ ان تحفظات سے متعلق مزید معلومات کے لئے 1-800-255-7688 یا 1-800-237-2515 (کمزور سماعت والے افراد کے لئے) پر ڈیپارٹمنٹ آف جسٹس کے آفس آف اسپیشل کونسل فار امیگریشن ریلیٹڈ ان فئیر ایمپلائمنٹ پریکٹیسز(Justice's Office of Special Counsel for Immigration-Related Unfair Employment Practices) کو کال کریں۔ اگر آپ انگریزی نہیں بولتے تو ترجمان آپ کی مدد کے لئے دستیاب ہیں۔ مزید معلومات کے لئے **www.justice.gov/crt/osc** ملاحظہ فرمائیں۔

# ملازمت ملنے کی صورت میں آپ کیا توقع رکھ سکتے ہیں

جب آپ پہلی بار نئے کام کے لئے جاتے ہیں تو آپ سے کچھ فارم پُر کرنے کے لئے کہا جائے گا۔ ان میں شامل ہیں:

- **فارمI-9، ملازمتی اہلیت کی تصدیق:** ازروئے قانون، روزگار دہندہ یہ تصدیق ضرور کرلیں کہ تمام نئے کارکنان ریاستہائے متحدہ امریکہ میں کام کرنے کے اہل ہیں۔ کام کے پہلے دن آپ کو فارم I-9 کا سیکشن 1 بھرنے کی ضرورت پڑے گی۔ جب تک آپ کام قبول نہ کرلیں، آپ سے سیکشن 1 بھرنے کے لئے نہیں کہا جانا چاہیے۔ کاروبار کے تین دن کے اندر اپنےروزگار دہندہ کو وہ دستاویز ضرور دیں جو آپ کی شناخت اور کام کرنے کی اجازت دکھاتی ہے۔فارم I-9 پر درج دستاویزات کی فہرست سے آپ منتخب کرسکتے ہیں کہ ریاستہائے متحدہ امریکہ میں کام کرنے کے لئے اپنے حق کے ثبوت کے طور پر کونسی دستاویز دکھائیں۔روزگار دہندہ آپ کو قابل قبول دستاویزات کی فہرست فراہم کرے گا۔ آپ کا مستقل رہائشی کارڈ یا غیر محدود سوشل سیکورٹی کارڈ اور ریاست کا جاری کردہ ڈرائیونگ لائسنس قابل قبول دستاویزات کی مثالیں ہیں۔ مزید معلومات کے لئے **www.uscis.gov/I-9Central** پر I-9 سینٹرل ملاحظہ فرمائیں۔

- **فارم W-4 ملازم کے الاؤنس کٹوتی کا سرٹیفکٹ:** آپ کے روزگار دہندہ کو حکومت کے پاس بھیجنے کے لئے آپ کی تنخواہ کے چیک سے وفاقی ٹیکس کاٹنا چاہیے۔ اسے ٹیکس کی کٹوتی کہا جاتا ہے۔ فارم W-4 آپ کے روزگار دہندہ کو ٹیکس کی کٹوتی کا کہتا ہے اور کٹوتی کرنے کے لئے صحیح رقم کا اندازہ لگانے میں آپ کی مدد کرتا ہے تاکہ آپ کے ٹیکس کا اکٹھا بل سال کے آخر میں ایک ہی بار ادا کرنا ضروری نہ ہو۔
- **دیگر فارم:** آپ جس ریاست میں رہتے ہیں اس کے لئے آپ کو ٹیکس کٹوتی کا بل بھرنے کی ضرورت ہے تاکہ آپ کو فوائد حاصل ہوسکیں۔

آپ کو ہر ہفتہ، دو ہفتے یا مہینہ میں ایک بار ادائیگی کی جاسکتی ہے۔ آپ کی تنخواہ کا چیک وہ رقم بھی دکھاتا ہے جو وفاقی اور ریاستی ٹیکس، سوشل سیکورٹی ٹیکس اور آپ کے ذریعہ ادا کیے جانے والے ملازمت کے فوائد کی مد میں کاٹی گئ ہو۔ کچھ روزگار دہندہ آپ کی تنخواہ براہ راست آپ کے بینک اکاؤنٹ میں بھیجیں گے۔ یہ طریقہ ڈائرکٹ ڈپازٹ کہلاتا ہے۔

## آپ کے کام کرنے کی اہلیت کی تصدیق

ای-ویری فائی (E-Verify) انٹرنیٹ پر مبنی ایسا نظام ہے جسے روزگار دہندہ ملازم کے فارم I-9، ملازمتی اہلیت کی تصدیق سے لی گئی معلومات کا USCIS اور سوشل سیکورٹی کا ادارہ (SSA) ریکارڈز سے موازنہ کرتے ہیں تاکہ یہ تصدیق ہوجائے کہ ملازم کو ریاستہائے متحدہ امریکہ میں کام کرنے کی اجازت ہے۔ کچھ روزگار دہندہ کو ای-ویری فائی میں ضرور شرکت کرنی چاہیے؛ دیگر روزگار دہندہ رضاکارانہ طور پر شرکت کرتے ہیں۔ ای-ویری فائی کے بارے میں مزید جاننے کے لئے **www.uscis.gov/e-verify** ملاحظہ فرمائیں۔

## خود سے اپنی اہلیت کی تصدیق کرنا

اگر آپ ریاستہائے متحدہ امریکہ میں ہیں اور آپ کی عمر 16 سال سے زیادہ ہے تو سیلف چیک (Self Check) انٹرنیٹ کی مفت ایپلیکیشن ہے جسے آپ اپنی ملازمت کی اہلیت چیک کرنے کے لئے استعمال کرسکتے ہیں۔ مطلوبہ معلومات داخل کرنے کے بعد ریاستہائے متحدہ امریکہ میں آپ کے کام کرنے کی اہلیت کا اندازہ لگانے کے لئے سیلف چیک اس معلومات کا متعدد سرکاری ڈیٹابیس کے ساتھ موازنہ کرے گا۔ مزید معلومات کے لئے **www.uscis.gov/selfcheck** یا ہسپانوی کے لئے **www.uscis.gov/selfcheck/Espanol** ملاحظہ فرمائیں۔

## کام کے دوران انگریزی بولنا

اگر آپ انگریزی نہیں بولتے تو حتی الامکان جلد از جلد سیکھنے کی کوشش کریں۔آپ اکثر مقامی پبلک سکولوں یا کمیونٹی کالج کے ذریعہ اپنی کمیونٹی میں مفت یا کفایتی قیمت پر انگریزی زبان کی کلاسیں تلاش کرسکتے ہیں۔ انگریزی جاننے سے آپ کو اپنی ملازمت، کمیونٹی اور روز مرہ کی زندگی میں مدد ملے گی۔ انگریزی سیکھنے سے متعلق مزید معلومات کے لئے صفحہ 68 ملاحظہ فرمائیں۔



اگر آپ کا روزگار دہندہ آپ سے کہتا ہے کہ کام کے دوران انگریزی **ضرور** بولیں تو اسے یہ ضرور دکھانا چاہیے کہ آپ کا انگریزی بولنا کام کو صحیح طور پر کرنے کے لئے ضروری ہے۔آپ کو رکھنے سے **پہلے** روزگار دہندہ کو یہ ضرور کہنا چاہیے کہ انگریزی ضروری ہے۔ اگر آپ کا روزگار دہندہ یہ نہیں بتاتا کہ انگریزی بولنا آپ کے کام کے لئے ضروری ہے تو وہ وفاقی قانون کی خلاف ورزی کرتا ہے۔ اگر آپ کو اعانت یا مزید معلومات کی ضرورت ہے تو یو ایس ایکول ایمپلائمنٹ اپرچونٹی کمیشن (EEOC)سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ 1-800-669-4000 یا 1-800-669-6820 (کمزور سماعت والے افراد کے لئے) پر کال کریں یا **www.eeoc.gov** ملاحظہ فرمائیں۔

## منشیات کے ٹسٹ اور پس منظر کی پڑتال

کچھ کاموں کے لئے آپ سے یہ مطالبہ کیا جاتا ہے کہ ٹسٹ کروا کر یقینی بنائیں کہ آپ منشیات استعمال نہیں کرتے۔ کچھ کاموں کے لئے پس منظر کی پڑتال کی ضرورت پڑتی ہے جس میں آپ کی گذشتہ سرگرمیوں اور موجودہ حالات کی تفتیش کی جاتی ہے۔

### امیگرینٹ کارکنان کے لئے وفاقی تحفظ

بہت سارے روزگار دہندہ (بشمول مستقل رہائشی) اور تمام امریکی شہریوں کی کام کی جگہ پر تفریق کے خلاف حفاظت کی جاتی ہے۔ وفاقی قانون کہتا ہے کہ روزگار دہندہ آپ کی مستقل رہائشی حیثیت کی وجہ سے آپ کے خلاف تفریق نہیں کرسکتے ۔ روزگار دہندہ:

- آپ کی امیگریشن حیثیت کی وجہ سے یا امریکی شہری نہ ہونے کی وجہ سے معاوضہ پر رکھنے سے انکار یا معطل نہیں کر سکتے۔
- آپ سے مستقل رہائشی کارڈ دکھانے کا مطالبہ نہیں کرسکتے یا ملازمت کی اجازت کی دستاویز رد نہیں کرسکتے۔
- غیر دستاویزی کارکنان کو معاوضہ پر نہیں رکھ سکتے۔
- آپ کی قومی اصلیت یا اصل ملک کی وجہ سے آپ کے خلاف تفریق نہیں کرسکتے۔
- کسی ایسے ملازم سے بدلہ نہیں لے سکتے جو درج بالا سلوک کی شکایت کرتا ہے۔

اپنے حقوق کے بارے میں مزید معلومات یا شکایت جمع کرانے کے لئے 1-800-255-7688 یا 1-800-237-2515 (کمزور سماعت والے افراد کے لئے) پر ڈیپارٹمنٹ آف جسٹس کے آفس آف سپیشل کونسل فار امیگریشن ریلیٹیڈ انفیئر ایمپلائمنٹ پریکٹسز (Office of Special Counsel for Immigration-Related Unfair Employment Practices)کو کال کریں۔ اگر آپ انگریزی نہیں بولتے تو ترجمان آپ کی مدد کے لئے دستیاب ہیں۔ مزید معلومات کے لئے **www.justice.gov/crt/osc** ملاحظہ فرمائیں۔

# بچوں کی دیکھ بھال

چھوٹے بچوں کو گھر پر اکیلا مت چھوڑیں۔ اگر آپ کام کرتے ہیں اور آپ کے بچے اتنے چھوٹے ہیں کہ وہ سکول نہیں جاسکتے تو آپ کو کسی کو تلاش کرنے کی ضرورت پڑے گی جو آپ کے کام پر ہونے کے دوران ان کی دیکھ بھال کرے۔ بسا اوقات سکول کی عمر کے بچوں کو کسی کی ضرورت پڑتی ہے جو سکول کے بعد ان کی دیکھ بھال کرے۔ اگر آپ یا آپ کے کنبہ کے دیگر اراکین سکول کے بعد آپ کے بچوں کی دیکھ بھال نہیں کرسکتے تو آپ کو ان کی دیکھ بھال کرنے کے لئے کسی کو تلاش کرنے کی ضرورت پڑے گی۔ ورنہ تشویشناک قانونی نتائج ہوسکتے ہیں۔ اپنی ریاست میں قوانین اور رہنما اصولوں سے متعلق مزید معلومات کے لئے بچوں کی مقامی محافظ خدمات کی ایجنسی سے رابطہ کریں۔

## نگہداشت اطفال تلاش کرنا



اپنے بچوں کی دیکھ بھال کے لئے کسی کا انتخاب کرنا اہم فیصلہ ہے۔ یہ فیصلہ کرتے وقت نگہداشت کے معیار اور اس کے اخراجات پر غور کریں۔ ایسا نگہداشت کنندہ تلاش کرنے کی کوشش کریں جو آپ کے گھر یا کام کے قریب ہو۔

بہت سارے ایسے وسائل ہیں جنہیں آپ اچھی نگہداشت اطفال فراہم کرنے والے کو تلاش کرنے کے لئے استعمال کرسکتے ہیں۔ دوسرے والدین، احباب اور ساتھی کارکنان سے پوچھیں کہ وہ اپنے بچوں کی دیکھ بھال کے لئے کسے رکھتے ہیں۔ کچھ ریاستوں میں نگہداشت اطفال کی ریفرل ایجنسی ہوتی ہے جو آپ کو ریاست کے ذریعہ لائسنس یافتہ نگہداشت اطفال کے پروگراموں کی فہرست دے سکتی ہے۔ لائسنس یافتہ نگہداشت اطفال کے پروگرام کی مخصوص ضروریات کو پورا کرتے ہیں جنہیں ریاست نے آپ کے بچوں کی حفاظت کے لئے مقرر کیا ہے۔ آپ ان جگہوں کی تلاش کے لئے اپنے مقامی سکول ڈسٹرکٹ آفس کو بھی کال کرسکتے ہیں جہاں آپ کے پڑوس کے دیگر بچوں کی دیکھ بھال ہوتی ہے۔

### نکتہ



اگر آپ کو اپنے علاقے میں اچھی نگہداشت اطفال تلاش کرنے میں مدد کی ضرورت ہے تو **www.usa.gov/Topics/Parents-Care.shtml** ملاحظہ فرمائیں۔

## نگہداشت اطفال کی اقسام

نگہداشت اطفال کا فراہم کنندہ چنتے وقت آپ کے پاس متعدد اختیارات ہیں مثلاً:

- نگہداشت کنندہ آپ کے گھر میں آکر آپ کے بچوں کی دیکھ بھال کرتا ہے۔ اس طرح کی سروس مہنگی ہوسکتی ہے کیوں کہ آپ کے بچے کو زیادہ انفرادی توجہ ملتی ہے۔ نگہداشت کی خوبی آپ کے معاوضہ پر رکھے گئے شخص پر منحصر ہوتی ہے۔
- آپ کے بچے کی دیکھ بھال کسی دوسرے شخص کے گھر میں دیگر بچوں کی ایک چھوٹی سی جماعت کے ساتھ ہوتی ہے۔ یہ اختیار دیگر اقسام کی نگہداشت اطفال کے مقابلے میں کم مہنگا ہوسکتا ہے۔ نگہداشت کی خوبی ان لوگوں پر جو آپ کے بچے کی دیکھ بھال کرتے ہیں اور بچوں کی اس تعداد پر منحصر ہوتی ہے جن کی وہ اپنے گھر میں دیکھ بھال کررہے ہیں۔
- نگہداشت اطفال کے مراکز جو سکولوں، گرجوں، عقیدہ پر مبنی تنظیموں اور دیگر جگہوں میں واقع ہیں۔ ان پروگراموں میں عام طور پر متعدد نگہداشت کنندگان ہوتے ہیں جو بچوں کی زیادہ بڑی جماعت کی دیکھ بھال کرتے ہیں۔ نگہداشت اطفال کے مراکز ریاستی معیار ضرور پورا کریں اور انکے عملہ کے لئے عام طور پر ضروری ہوتا ہے کہ وہ خصوصی تربیت اور تجربہ حاصل کریں۔
- ہیڈ سٹارٹ پروگرام جنہیں "ارلی ہیڈ سٹارٹ" اور "ہیڈ سٹارٹ" کہا جاتا ہے، ایسے پروگرام ہیں جنہیں کم آمدنی والے کنبوں کے لئے وفاقی حکومت کے ذریعہ فنڈ دیئے جاتے ہیں۔ یہ پروگرام سکول کے لئے تیار کرنے کے سلسلہ میں چھوٹے بچوں کو نگہداشت اور تعلیمی خدمات فراہم کرتے ہیں۔ ان پروگراموں کے بارے میں مزید معلومات کے لئے 1-866-763-6481 پر امریکی ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ اینڈ ہیومن سروسز کو کال کریں یا **http://eclkc.ohs.acf.hhs.gov/hslc** ملاحظہ فرمائیں۔


کچھ نگہداشت اطفال کے فراہم کنندگان، والدین کی ضروریات کے لحاظ سے پورے دن یا صرف دن کے بعض حصے میں بچوں کی نگہداشت کریں گے۔ نگہداشت کنندہ کو چننے میں خرچہ بھی ایک عامل ہوتا ہے۔ یہ دیکھنے کے لئے پڑتال کریں کہ آیا آپ وفاقی یا ریاستی نگہداشت اطفال کی اعانت کے اہل ہیں۔ بہت ساری ریاستیں ایسے کم آمدنی والے والدین کو مالی اعانت پیش کرتی ہیں جو کام کررہے ہیں یا کام کی تربیت یا تعلیمی پروگراموں میں شرکت کررہے ہیں۔ وفاقی یا ریاستی نگہداشت اطفال کی اعانت کے بارے میں مزید معلومات کے لئے **www.welcometousa.gov** کا "تعلیم اور نگہداشت اطفال (Education and Child Care)" کا سیکشن ملاحظہ فرمائیں۔

# آپ کسی نگہداشت اطفال کے فراہم کنندہ کے بارے میں کیسے کہہ سکتے ہیں کہ وہ اچھا ہے؟

نگہداشت اطفال کے پروگرام میں جاتے وقت ان بنیادی سوالات پر غور کریں:

- کیا عملہ کے ارد گرد بچے خوش ہیں؟
- کیا بچوں کی عمر کے لحاظ سے مناسب کھلونے دستیاب ہیں؟
- کیا بچے مناسب سرگرمی انجام دے رہے ہیں؟
- کیا آپ کی وہاں موجودگی کے دوران فراہم کنندہ آپ کے بچے سے بات کرتا ہے؟
- کیا جگہ صاف اور منظم ہے؟
- بچوں کے لئے نصاب اور معمول کیا ہے؟

حوالہ جات طلب کریں تاکہ آپ پروگرام کے بارے میں دیگر والدین سے بات کرسکیں۔



## نکتہ

یقینی بنائیں کہ آپ جس نگہداشت اطفال کے فراہم کنندہ یا پروگرام کو استعمال کررہے ہیں، وہ لائسنس یافتہ یا تسلیم شدہ ہے۔ لائسنس یافتہ پروگرام ریاست کے مقررکردہ حفاظت اور نگہداشت کے کم ترین معیار پر پورا اترنا ضروری ہے۔ تسلیم شدہ پروگرام ریاستی لائسنس کےلئے مطلوبہ معیاروں سے زیادہ بہترمعیارپورا کرتے ہیں۔

# نقل و حمل



ریاستہائے متحدہ امریکہ میں سفر کرنے کے بہت سے طریقے ہیں۔ بہت سے شہروں میں پبلک ٹرانسپورٹیشن کی مختلف شکلیں ہیں مثلاً بس، ریل گاڑی یا سٹریٹ کاریں۔ معمولی فیس دے کر کوئی بھی پبلک ٹرانسپورٹیشن پر سوار ہوسکتا ہے۔ کےچھ جگہوں میں آپ کارڈ خرید کر اسے ریل گاڑیوں یا بسوں پر متعدد سفر کے لئے استعمال کرسکتے ہیں۔ آپ ہر سفر کے لئے علٰیحدہ طور پر بھی ادائیگی کرسکتے ہیں۔ ٹیکسی کیبز یا ٹیکسی ڈرائیوروں کے پاس ایسی کاریں ہیں جو فیس ادا کرنے پر آپ کو کہیں بھی لے جاسکتی ہیں۔ ٹیکسیاں پبلک ٹرانسپورٹ کے مقابلے میں زیادہ مہنگی ہیں۔

## ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنا

ڈرائیونگ لائسنس کے بغیر گاڑی چلانا قانون کے خلاف ہے۔ اگر آپ گاڑی چلانا چاہتے ہیں تو ڈرائیونگ لائسنس کے لئے درخواست دے کر اسے ضرور حاصل کرلیں۔ آپ اپنی جائے رہائش کی ریاست میں ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرتے ہیں۔

ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے کا طریقہ اس ریاستی دفتر سے معلوم کریں جو اسے جاری کرتا ہے۔ ہر ریاست میں ان دفاتر کے الگ الگ نام ہیں۔ کچھ عام نام ڈیپارٹمنٹ آف موٹر وہیکلز، ڈیپارٹمنٹ آف ٹرانسپورٹیشن، موٹر وہیکل ایڈمنسٹریشن اورڈیپارٹمنٹ آف پبلک سیفٹی ہیں۔ آپ ان دفاتر کو فون بک میں تلاش کرسکتے ہیں یا مزید معلومات کے لئے **www.usa.gov/Topics/Motor_Vehicles.shtml** ملاحظہ فرمائیں۔

کچھ مستقل رہائشیوں کے پاس پہلے ہی سے کسی اور ملک کا ڈرائیونگ لائسنس ہوتا ہے۔ آپ اپنی ریاست میں اسے ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کیلئے استعمال کرسکتے ہیں۔ اپنے ریاستی دفتر سے معلوم کریں کہ کیا آپ ایسا کرسکتے ہیں۔

## کیا مجھے کار خریدنی چاہیے؟




کار کا مالک ہونا سفر کرنے کا آرام دہ طریقہ ہوسکتا ہے۔ ریاستہائے متحدہ امریکہ میں آپ کار کے بیمہ کے لئے ادائیگی کریں اور اپنی گاڑی اور لائسنس پلیٹ کی رجسٹریشن کرائیں۔ کچھ شہروں میں بھاری ٹریفک کی وجہ سے ڈرائیونگ مشکل ہوسکتی ہے۔ کار خریدنے کا فیصلہ کرنے سے پہلے تمام اخراجات اور فوائد کے بارے میں سوچ لیں۔ کار خریدنے سے متعلق مزید معلومات کے لئے **www.usa.gov** کا "سفر اور تفریح (Travel and Recreation)" کا سیکشن ملاحظہ فرمائیں۔

## ریاستہائے متحدہ امریکہ میں سلامتی کے ساتھ ڈرائیونگ کے لئے 10 نکتے

1. سڑک کے دائیں طرف ڈرائیو کریں۔
2. ہمیشہ اپنا ڈرائیونگ لائسنس، رجسٹریشن اور بیمہ کارڈ اپنے ساتھ رکھیں۔
3. ہمیشہ اپنی سیٹ بیلٹ باندھیں۔
4. بچوں کے لئے مناسب سیٹ بیلٹ اور کار سیفٹی سیٹ استعمال کریں۔
5. بائیں یا دائیں مڑتے وقت کار کے سگنل استعمال کریں۔
6. ٹریفک کے تمام قوانین اور سگنلز کی تعمیل کریں۔
7. اگر کوئی ہنگامی گاڑی مثلاً پولیس کار، فائر ٹرک یا ایمبولینس آپ سے آگے ہونا چاہتی ہے تو سڑک کے کنارے ہوجائیں۔
8. جب سکول بس کی لال بتی جل رہی ہو تو اس سے آگے نہ ہوں۔
9. اگر آپ شراب نوشی کررہے ہیں یا ممنوعہ ادویات لے رہے ہیں تو ڈرائیو نہ کریں۔
10. کہرے، برف باری، بارش یا پالے میں ڈرائیو کرتے وقت رفتار آہستہ کریں اور بہت محتاط رہیں۔

### نکتہ




ریاستہائے متحدہ امریکہ میں ڈرائیونگ لائسنس کوشناخت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کا ڈرائیونگ لائسنس نہیں ہے یا آپ باضابطہ کار چلاتے ہیں تو بہتر یہ ہے کہ آپ اسے حاصل کرلیں۔

اگر آپ کو ڈرائیونگ نہیں آتی تو آپ اس کی کلاسوں میں شامل ہوسکتے ہیں۔ بہت سارے پبلک سکول ڈسٹرکٹ ڈرائیور کی تربیت کی کلاسیں چلاتے ہیں۔ آپ فون بک کے ییلو پیجز میں "ڈرائیونگ کی ہدایت(Driving Instruction)" کے تحت بھی دیکھ سکتے ہیں۔



## نکتہ

ریاستہائے متحدہ امریکہ میں لفٹ لینا عام نہیں ہے۔ بہت ساری جگہوں میں یہ غیر قانونی ہے۔ حفاظتی وجوہات سے لفٹ نہ لیں اور لفٹ لینے والوں کو سوار نہ ہونے دیں۔


BANK
Citizens

# اپنی رقم کی دیکھ بھال کرنا

اپنی رقم کا دھیان رکھنے سے ریاستہائے متحدہ امریکہ میں آپ کے مستقبل پر بہت اچھا اثر پڑ سکتا ہے۔ یہ سیکشن نجی مالیات، ٹیکس کی ادائیگی اوران طریقوں پر بات چیت کرتا ہے جن کے ذریعہ آپ اپنی اور اپنی رقم کی حفاظت کرسکتے ہیں۔

# نجی مالیات

## اکاؤنٹ حاصل کرنا

ریاستہائے متحدہ امریکہ میں بینک اور کریڈٹ یونین دو طرح کے مالی ادارے ہیں جو نجی مالی اکاؤنٹ پیش کرتے ہیں۔

ایک بینک اکاؤنٹ آپ کی رقم رکھنے کے لئے محفوظ جگہ ہے۔ بینکوں میں مختلف قسم کے اکاؤنٹ ہوتے ہیں۔ چیکنگ اکاؤنٹ اور سیونگ اکاؤنٹ دو عام ہیں۔ آپ اپنے لئے ایک اکاؤنٹ یا اپنی شریک حیات یا دوسرے شخص کے ساتھ ایک مشترکہ اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں۔ بینک اپنی کچھ خدمات کے لئے آپ سے فیس وصول کرسکتے ہیں۔

کریڈٹ یونین ایسی دوسری جگہ ہے جہاں آپ اپنی رقم حفاظت سے رکھ سکتے ہیں۔ آپ کے روزگار دہندہ کی کریڈٹ یونین ہوسکتی ہے جس کے آپ ممبر بن سکتے ہیں یا آپ اپنی جائے سکونت کے لحاظ سے کسی ایک کا ممبر بن سکتے ہیں۔ کریڈٹ یونینز بھی بینکوں جیسی بہت سی خدمات فراہم کرتی ہیں لیکن ہو سکتا ہے وہ اضافی خدمات بھی فراہم کرتی ہوں۔ اکاؤنٹ کھولنے سے پہلے مالی اداروں کی سروسز، فیس، بیمہ، اوقات اور مقام کا موازنہ کریں تاکہ آپ ایسا ادارہ چن سکیں جو آپ کی ضروریات بہترین انداز سے پوری کرتا ہو۔

اکاؤنٹ کھولتے وقت آپ سے اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے کہا جائے گا۔ آپ اپنا مستقل رہائشی کارڈ یا ڈرائیونگ لائسنس استعمال کرسکتے ہیں۔ آپ کو اپنے نئے اکاؤنٹ میں رکھنے کے لئے مالی ادارے کو کچھ رقم، جسے ڈپازٹ کہا جاتا ہے، دینے کی ضرورت پڑے گی۔ جب آپ اپنے اکاؤنٹ سے رقم نکالتے ہیں تو اس لین دین کو واپسی (withdrawal) کہا جاتا ہے۔ آپ چیک بھر کر آٹومیٹڈ ٹیلر مشین (ATM) پر جاکر یا اپنے مالی ادارے میں واپسی کا فارم بھر کر رقم نکلوا سکتے ہیں۔

### نکتہ



ایسے سٹور بھی ہیں جو اضافی خرچہ پر چیک کیشنگ سروسز اور منی وائرنگ سروسز پیش کرتے ہیں۔ پتہ کریں کہ آیا آپکا بینک یا کریڈٹ یونین ایسی خدمات کم قیمت پر پیش کرتی ہیں۔

### اپنے پیسے کو حفاظت سے رکھنا

بہت زیادہ نقدی لئے پھرنا یا اسے اپنے گھر پر چھوڑنا محفوظ نہیں ہے۔ یہ چوری ہوسکتی ہے یا کھو سکتی ہے۔ اگر آپ ایسے بینک یا کریڈٹ یونین میں رقم رکھتے ہیں جو کہ فیڈرل ڈپازٹ انشورنس کارپوریشن (FDIC) کا رکن ہو یا اسے نیشنل کریڈٹ یونین ایڈمنسٹریشن (NCUA) کے ذریعہ بیمہ کیا جاتا ہو تو 250,000 ڈالرتک آپ کی رقم محفوظ ہے۔ مالی ادارہ منتخب کرتے وقت یہ یقینی بنائیں کہ یہ یا تو FDIC کا رکن ہے یا اسے NCUA کے ذریعہ بیمہ کیا گیا ہے۔ مزید معلومات کے لئے **www.fdic.gov** یا **www.ncua.gov** ملاحظہ فرمائیں۔

# اپنا اکاؤنٹ استعمال کرنا

آپ نجی چیک، ATM یا ڈیبٹ کارڈ استعمال کرکے اپنے اکاؤنٹ سے رقم حاصل کرسکتے ہیں۔ یقین کرلیں کہ صرف آپ یا آپ کے مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈر (اگرایک ہے) کو آپ کے اکاؤنٹ تک رسائی حاصل ہے۔

**ذاتی چیک:** جب آپ اپنا چیکنگ اکاؤنٹ کھولتے ہیں تو آپ ذاتی چیک کی رسد حاصل کرسکتے ہیں۔ یہ چیک ایسے فارم ہیں جنہیں آپ کسی چیز کی ادائیگی کے لئے بھرتے ہیں۔ چیک آپ کے مالی ادارے کو اس شخص یا کاروباری ادارے کو ادائیگی کرنے کے لئے کہتے ہیں جس کا نام آپ نے ان پرلکھا ہے۔ ان چیکوں کو محفوظ جگہ پر رکھیں اور اپنے مالی ادارے سے پوچھیں کہ جب رسد استعمال ہو تو نئے چیک کیسے آرڈر کریں۔

**ATM کارڈ:** آپ اپنے مالی ادارے سے ATM کارڈ طلب کر سکتے ہیں۔ ATM کارڈ آپ کے اکاؤنٹ سے جڑا چھوٹا پلاسٹک کارڈ ہے۔ اس کارڈ کو ATM پر اپنے اکاؤنٹ میں نقدی حاصل کرنے یا پیسے جمع کرانے کے لئے استعمال کریں۔ عام طور پر آپ کواپنے ادارے کا ATM استعمال کرنے کے لئے فیس ادا نہیں کرنی پڑتی۔ اگر آپ دوسرے مالی ادارے کے زیر ملکیت اور انتظام ATM استعمال کرتے ہیں تو بہت زیادہ امکان ہے کہ آپ سے فیس وصول کی جائے گی۔

مالی ادارے کا عملہ آپ کو ATM کارڈ استعمال کرنے کا طریقہ بتائے گا اور آپ کو ATM میں استعمال کرنے کے لئے خصوصی نمبر دے گا جسے پن (نجی شناختی نمبر) کہا جاتا ہے۔ ATM استعمال کرتے وقت محتاط رہیں۔ کبھی کسی کو اپنا پن یا ATM کارڈ نہ دیں کیوں کہ وہ اسے آپ کے اکاؤنٹ سے رقم نکالنے کے لئے استعمال کرسکتا ہے۔

**ڈیبٹ کارڈ:** آپ کا مالی ادارہ آپ کو اپنے چیکنگ اکاؤنٹ کے استعمال کے لئے ڈیب کارڈ دے سکتا ہے۔ بسا اوقات آپ کا ATM کارڈ بھی ڈیبٹ کارڈ کی طرح استعمال کیا جاسکتا ہے۔ کبھی کسی کو اپنا پن یا ڈیبٹ کارڈ نہ دیں کیوں کہ وہ اسے آپ کے اکاؤنٹ سے رقم نکالنے کے لئے استعمال کرسکتا ہے۔ آپ اپنے ڈیبٹ کارڈ کو کسی سٹور پر کسی چیز کی ادائیگی کے لئے استعمال کرسکتے ہیں اور سٹور کو ادائیگی کے لئے رقم خود بخود آپ کے چیکنگ اکاؤنٹ سے نکال لی جائے گی۔

**کیش ئ یرز اینڈ سرٹیفائڈ چیک:** یہ ایسے چیک ہیں جنہیں مالی ادارہ آپ کی درخواست پر تیار کرتا ہے۔ آپ مالی ادارہ کو رقم دیتے ہیں اور پھر وہ اس رقم کے اس شخص یا کاروباری ادارہ کے نام چیک تیار کرتے ہیں جسے آپ ادائیگی کرنا چاہتے ہیں۔ مالی ادارے ان چیکوں کے لئے فیس وصول کرسکتے ہیں۔ مالی ادارے سے ان اختیارات کے بارے میں پوچھیں جو آپ کے لئے دستیاب ہوسکتے ہیں۔

### نکتہ




اپنے اکاؤنٹ کا احتیاط کے ساتھ انتظام کریں تاکہ آپ پر کوئی اوور ڈرافٹ فیس عائد نہ ہو۔ کوئی اوور ڈرافٹ اس وقت واقع ہوتا ہے جب ادائیگی یا واپسی کا احاطہ کرنے کے لئے آپ کے اکاؤنٹ میں رقم کافی نہیں ہوتی۔ اپنے اختیارات اور فیس کے بارے میں معلوم کرنے کے لئے اپنے مالی ادارہ سے پوچھیں۔

## کریڈٹ کارڈ

کریڈٹ کارڈ آپ کو خریداریاں کرنے اور بعد میں ان کی ادائیگی کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔ بینک، کریڈٹ یونین، سٹورز اور گیس سٹیشنز ایسے کاروباری ادارے ہیں جو آپ کو کریڈٹ کارڈ دے سکتے ہیں۔ آپ کو ان خریداریوں کے لئے جو آپ نے اپنے کریڈٹ کارڈ سے کی ہیں، ہرمہینہ ڈاک سے بل موصول ہوتا ہے ۔ اگر آپ بل موصول ہوتے ہی اس پر دی گئی مکمل رقم ادا کردیتے ہیں تو آپ کو سود دینا نہیں پڑتا۔ اگر آپ مکمل رقم ادا نہیں کرتے یا اگر بعد میں اپنی ادائیگی کی رقم بھیجتے ہیں تو آپ سے سود اور ممکنہ طور پر اضافی فیس وصول کی جائے گی۔ کچھ کریڈٹ کارڈوں کی شرح سود بہت زیادہ ہوتی ہے لہٰذا یہ اندازہ لگانے کے لئے مختلف کریڈٹ کارڈ کے اختیارات کا جائزہ لیں کہ آپ کے لئے کونسا بہتر ہے۔ کریڈٹ کارڈ کو چارج کارڈ بھی کہا جاسکتا ہے لیکن وہ مختلف ہوتے ہیں۔ چارج کارڈ کے ساتھ آپ سے ہر مہینہ مکمل میزان ادا کرنے کا مطالبہ کیا جاتا ہے لیکن کریڈٹ کارڈ آپ کو میزان آگے لیجانے کی اجازت دیتے ہیں اگر آپ مکمل ادائیگی نہیں کرتے۔

خاص طور پر فون یا انٹرنیٹ پر اپنا کریڈٹ کارڈ نمبر دوسروں کو دینے میں محتاط رہیں۔ یقین کرلیں کہ آپ اس شخص یا کاروباری ادارہ کو جانتے اور اس پر بھروسہ کرتے ہیں جو آپ سے نمبر طلب کرتا ہے۔

### نکتہ



یہ یقینی بنانے کے لئے ہر مہینہ اپنا کریڈٹ کارڈ بل دیکھ لیں کہ چارج صحیح ہیں۔ اگر آپ کو وہ چارج نظر آتا ہے جو آپ نے نہیں کیا تو کریڈٹ کارڈ کمپنی کو فورا کال کریں۔ اگر آپ کریڈٹ کارڈ کمپنی کو فوراً رپورٹ کرتے ہیں تو عموماً آپ کو ان قیمتوں کے لئے ادائیگی نہیں کرنی پڑتی جو آپ پر عائد نہیں ہوتیں ۔

تمام اکاؤنٹس اور ڈیبٹ، ATM اور کریڈٹ کارڈز کے نمبر لکھ لیں۔ نیز ان کمپنیوں کے فون نمبر بھی تحریر کرلیں۔ یہ معلومات ایک محفوظ جگہ رکھیں۔ اگر آپ کا بٹوہ کھوجائے یا چوری ہوجائے تو کمپنیوں کو کال کریں اور اپنے تمام کارڈز منسوخ کرائیں۔ یہ آپ کے کارڈز کو غیر قانونی طور پر استعمال کرنے سے کسی اور کو باز رکھے گا۔

ذاتی مالیات کے بارے میں مزید جاننے کے لئے بہلد ملاحظہ فرمائیں۔

## آپ کی کریڈٹ کی درجہ بندی

ریاستہائے متحدہ امریکہ میں کریڈٹ کا بندوبست کرنا بہت اہم ہے۔ کچھ ایسی تنظیمیں ہیں جو آپ کے کریڈٹ سکور یا کریڈٹ کی شرح کا اندازہ لگاتی ہیں۔ آپ کا کریڈٹ سکور یا شرح بندی اس بات پر منحصر ہے کہ آپ بلوں کی ادائیگی کس طرح کرتے ہیں، آپ کتنے قرض لیتے ہیں، آپ کے پاس کتنے کریڈٹ کارڈ ہیں۔ نیزدیگر عوامل۔ جب آپ گھر یا کار خریدنا چاہتے ہیں یا لون لیتے ہیں تو کریڈٹ کی شرح بندی بہت اہم ہے۔ کریڈٹ کی اچھی شرح بندی برقرار رکھنے کے لئے ذیل میں کچھ باتیں دی جارہی ہیں جنہیں آپ کرسکتے ہیں:


- اپنے تمام بل وقت پر ادا کریں۔
- اپنے کریڈٹ کارڈ کی میزان کو کم رکھیں اور ہر ماہ کم ازکم کم ترین رقم ادا کریں۔

وفاقی قانون کے تحت آپ سال میں ایک بار ایک مفت کریڈٹ رپورٹ حاصل کرسکتے ہیں۔ اگر آپ اپنی کریڈٹ شرح بندی کی رپورٹ کی کاپی حاصل کرنا چاہتے ہیں تو 8228-322-877-1 پر کال کریں یا **www.annualcreditreport.com** ملاحظہ فرمائیں۔

# ٹیکس ادا کرنا

ٹیکس وہ رقم ہے جسے لوگ وفاقی، ریاستی اورمقامی حکومتوں کو ادا کرتے ہیں۔ ٹیکس حکومت کی فراہم کردہ خدمات کے لئے ادائیگی کرتے ہیں۔ کئی قسم کے ٹیکس ہیں مثلاً انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس اورپراپرٹی ٹیکس۔

**انکم ٹیکس:** انکم ٹیکس وفاقی، اکثرریاستی اورکچھ مقامی حکومتوں کو ادا کیا جاتا ہے۔ قابل ٹیکس آمدنی وہ رقم ہے جو آپ اجرت، ذاتی ملازمت، ٹپس اور جائیداد کی فروخت سے حاصل کرتے ہیں۔ اکثر لوگ اپنے پے چیک سے رقم روک کر انکم ٹیکس کی ادائیگی کرتے ہیں۔ انکم ٹیکس کی وہ رقم جوآپ کو ضرور ادا کرنی ہے، وہ اس بات پر انحصار کرتی ہے کہ آپ کتنی رقم کماتے ہیں۔ ان لوگوں کے لئے انکم ٹیکس کی شرحیں بہت کم ہیں جو کم رقم کماتے ہیں۔ ہر وہ شخص جو آمدن کماتا ہے، ریاستہائے متحدہ امریکہ میں رہتا ہے اورمخصوص مطالبات پوری کرتا ہے، اس کے لئے ٹیکس ریٹرن بھرنا اور ذمہ میں آنے والے تمام ٹیکس ادا کرنا ضروری ہے۔




انٹرنل ریونیو سروس (IRS) وہ وفاقی ایجنسی ہے جو انکم ٹیکس اکٹھا کرتی ہے۔ ٹیکس ادا کرنے والے ہر سال IRS کے ساتھ فارم 1040، امریکی انفرادی انکم ٹیکس گوشوارہ جمع کرتے ہیں۔ آپ کا ٹیکس ریٹرن حکومت کو بتاتا ہے کہ آپ نے کتنا کمایا اور آپ کی تنخواہ کے چیک سے کتنا ٹیکس لیا گیا۔ اگر ٹیکس کی مد میں آپ کی تنخواہ سے زیادہ رقم کاٹی گئ توآپ وہ رقم واپس حاصل کریں گے۔ اگر آپکی تنخواہ سے ٹیکس کی ناکافی کٹوتی ہوئ ہے تو آپ سے IRS کو ادا کرنے کا مطالبہ کیا جائے گا۔

**سوشل سیکورٹی اور میڈی کیئر ٹیکس:** یہ وفاقی ٹیکس آپ کی تنخواہ کے چیک سے حاصل کیے جاتے ہیں۔ سوشل سیکورٹی مخصوص ریٹائرڈ کارکنان اور ان کے کنبوں، مخصوص معذور کارکنان اور ان کے کنبوں اورمتوفی کارکنان کے کنبہ کے مخصوص اراکین کو فائدہ پہنچاتے ہیں۔ میڈی کیئر ٹیکس 65 سال سے زیادہ عمر کے تمام لوگوں کو طبی خدمات فراہم کرتے ہیں۔ اکثر حالات میں آپ سوشل سیکورٹی ریٹائرمنٹ کے فوائد اور میڈی کیئر فوائد حاصل کرنے کے لئے اپنی پوری زندگی میں کل 10 سال (یا 40 کوارٹرز) ضرور کام کریں۔ آپ کو معذوری کے فوائد حاصل کرنے یا اپنی آمدنی کی بنیاد پرکنبہ کے پسماندگان کے فوائد حاصل کرنے کے لئے ہو سکتا ہے 10 سال سے کم کام کرنے کی ضرورت ہو۔



**سیلز ٹیکس:** سیلز ٹیکس ریاستی اور مقامی ٹیکس ہیں۔ یہ ٹیکس مخصوص چیزیں خریدنے کی قیمت میں شامل ہوتے ہیں۔ سیلز ٹیکس چیز کی قیمت پر مبنی ہوتے ہیں۔ سیلز ٹیکس سے حاصل کردہ ریونیو ریاستی اور مقامی سرکاری خدمات کے لئے ادائیگی کرنے میں مدد دیتے ہیں مثلاً سڑکیں، پولیس اورفائر ڈیپارٹمنٹس۔

**پراپرٹی ٹیکس:** پراپرٹی ٹیکس آپ کے گھر اور/یا زمین پر عائد ہونے والے ریاستی اور مقامی ٹیکس ہیں۔ اکثر جگہوں میں پراپرٹی ٹیکس مقامی پبلک سکولوں اور دیگر خدمات میں مدد دیتے ہیں۔

### آپ کا W-2 فارم: اجرت اور ٹیکس کا بیان



W-2 وفاقی فارم ہے جو آپ کی آمدنی اور پچھلے ٹیکس سال کے لئے ادا کردہ ٹیکس درج کرتا ہے۔ ٹیکس سال جنوری 1 سے دسمبر31 تک ہوتا ہے۔ ازروئے قانون، آپ کا مالک آپ کو ہر سال جنوری 31 تک W-2 فارم ضرور بھیج دے۔ آپ اپنے ہر کام کے لئے W-2 فارم حاصل کریں گے۔ آپ IRS کو اپنے وفاقی انکم ٹیکس گوشوارے کے ساتھ اپنے W-2 فارم کی کاپی ضرور بھیجیں۔ اگر آپ انکم ٹیکس لینے والی ریاست میں رہتے یا کام کرتے ہیں تو اپنے ریاستی انکم ٹیکس گوشوارے کے ساتھ اپنے W-2 کی کاپی ضرور بھیجیں۔

## اپنے ٹیکس کے سلسلہ میں مدد لینا

مستقل رہائشی کی حیثیت سے آپ ہر سال وفاقی انکم ٹیکس جمع کرائیں۔ یہ گوشوارہ پچھلے سال جنوری تا دسمبر آپ کی آمدنی کا احاطہ کرتا ہے۔ آپ اپریل 15 تک اپنا گوشوارہ ضرور بھر لیں۔ آپ IRS ٹیکس پیئراسسٹنس سینٹر پر اپنے ٹیکس گوشوارے کے بارے میں مفت مدد حاصل کرسکتے ہیں۔

ٹیکس پیئراسسٹنس سینٹر پورے ریاستہائے متحدہ امریکہ میں برادریوں میں واقع ہیں۔ رہائش کے قریبی ٹیکس پیئر اسسٹنس سینٹرمعلوم کرنےکے لئے **www.irs.gov/localcontacts/index.html** ملاحظہ فرمائیں۔ فون کے ذریعہ مدد حاصل کرنے کے لئے 1040-829-800-1 یا )کمزور سماعت والے افراد کیلئے(4059-829-800-1 پر IRS کو کال کریں۔ موجودہ ٹیکس کریڈٹ کی فہرست کے لئے **www.benefits.gov** ملاحظہ فرمائیں۔

### حکومت ہمارے لئے کس طرح کام کرتی ہے

ٹیکس ان خدمات کے لئے ادائیگی کرتے ہیں جنہیں وفاقی حکومت ریاستہائے متحدہ امریکہ کے لوگوں کو فراہم کرتی ہے۔ ان خدمات کی مثالیں ہیں:

- ہمارے ملک کو محفوظ رکھنا؛
- تحقیق کرکے بیماریوں کو ٹھیک کرنا اور ان کی روک تھام کرنا؛
- بچوں اور بالغوں کو تعلیم دینا؛
- ہماری سڑکوں اور شاہراہوں کی تعمیرکرنا اور ان کا انتظام کرنا؛
- کم آمدنی والے رہائشیوں اور بزرگوں کے لئے طبی خدمات فراہم کرنا؛ اور
- قدرتی آفات آنے پرمثلاً طوفان، سیلاب یا زلزلہ میں ہنگامی مدد دینا۔

# اپنی اور اپنی رقم کی حفاظت کریں

## شناخت کی چوری سے بچیں

شناخت کی چوری کا مطلب یہ ہے کہ کسی نے آپ کی ذاتی معلومات مثلاً آپ کا سوشل سیکورٹی یا بینک اکاؤنٹ نمبر چرالیا ہے۔وہ اسے آپ کے اکاؤنٹ سے رقم حاصل کرنے یا آپ کے نام سے کریڈٹ کارڈ کھولنے کے لئے استعمال کرسکتا ہے۔ شناخت کی چوری خطرناک جرم ہے۔ درج ذیل کے ذریعہ خود کو محفوظ رکھیں:

- یقینی بنائیں کہ آپ ان لوگوں یا کاروباری اداروں کو جانتے اور ان پر بھروسہ کرتے ہیں جنہیں آپ اپنی نجی معلومات دیتے ہیں، خاص طور پر فون یا انٹرنیٹ پر۔
- سوشل سیکورٹی کارڈ گھر پر محفوظ جگہ میں رکھیں۔ اسے اپنے ساتھ نہ لے کر جائیں۔
- اپنے ساتھ صرف شناختی دستاویزات یا کریڈٹ کارڈز لے جائیں جن کی آپ کو اس وقت ضرورت ہے۔ بقیہ کو گھر پر محفوظ جگہ میں رکھیں۔

- کوڑے دان میں پھینکنے سے پہلے اپنی نجی معلومات والے کسی کاغذ یا فارم کو پھاڑ دیں یا اسے ٹکڑے ٹکڑے کردیں۔
- ہر اکاؤنٹ کے لئے منفرد پاس ورڈ منتخب کریں۔ یکساں پاس ورڈ استعمال نہ کریں کیوں کہ یہ آپکی نجی معلومات کو خطرے میں ڈال سکتا ہے۔

شناخت کی چوری سے اپنی حفاظت کے لئے 4338-438-877-1 پر فیڈرل ٹریڈ کمیشن کی شناخت چوری کی ہاٹ لائن کو کال کریں یا **/www.consumer.ftc.gov/features feature-0014-identity-theft** ملاحظہ فرمائیں۔

## "فیشنگ(Phishing)" اور دیگر دھوکے

فیڈرل ٹریڈ کمیشن (FTC) کے مطابق "فیشنگ(Phishing)" اس وقت ہوتی ہے جب کوئی نامعلوم ذریعہ آپ کو ای میل یا پوپ اپ پیغام بھیج کر یہ دعویٰ کرتا ہے کہ وہ اس کاروبار یا تنظیم سے تعلق رکھتا ہے جس کے ساتھ آپ وابستہ ہیں مثلاً بینک، آن لائن ادائیگی کی سروس یا یہاں تک کہ سرکاری ایجنسی۔ پیغام میں ویب سائٹ کا لنک شامل ہوسکتا ہے جو آپ سے آپ کا اکاؤنٹ یا نجی معلومات اپڈیٹ کرنے کے لئے کہتا ہے۔ ای میل میں موجود لنک اس ویب سائٹ سے جڑا ہوتا ہے جو جائز تنظیم کی سائٹ کی طرح نظر آتی ہے لیکن حقیقی نہیں ہے۔ دھوکے بازوں نے آپ کی شناخت چرانے کے لئے ویب سائٹ بنائی ہے تاکہ وہ پیسے وصول کرسکیں یا آپ کے نام پر جرائم کرسکیں۔

فون کے دھوکے سے آگاہ رہیں جو لوگوں بشمول تارکین وطن کو ہدف بناتی ہیں۔ دھوکے باز آپ کو کال کرکے آپ سے رقم طلب کرسکتا ہے یا آپ کو دھمکی دے سکتا ہے۔وہ آپ کے بارے میں کچھ معلومات رکھ سکتے ہیں اور ان کے فون نمبر رسمی فون کی طرح نظر آسکتے ہیں۔ سرکاری ایجنسیاں کبھی بھی آپ کو کال کرکے رقم طلب نہیں کریں گی یا آپ کو دھمکی نہیں دیں گی۔ اگر آپ کو اس طرح کی کال وصول ہوتی ہے تو اسے کاٹ دیں اور اس کے دھوکہ ہونے کی پڑتال کرنے کے لئے کاروباری ادارہ یا سرکاری ایجنسی کے رسمی نمبر کو کال کریں۔



دھوکے کا شکار ہونے سے بچنے کے لئے کچھ اہم باتیں دی جارہی ہیں، جنہیں یاد رکھ لیں:

- اگر آپ کو ای میل یا پوپ اپ پیغام وصول ہوتا ہے جو نجی یا مالی معلومات پوچھتا ہے توجواب نہ دیں۔
- فون پر اپنا کاؤنٹ نمبر یا پاس ورڈ نہ دیں الا یہ کہ آپ اس کمپنی کو کال کررہے ہوں جس کے بارے میں آپ جانتے ہیں کہ وہ صحیح ہے۔ اگر کسی کمپنی کے بارے میں آپ کے پاس سوالات ہیں تو اپنے مقامی گاہک کے تحفظ کے آفس یا بیٹر بزنس بیورو سے معلوم کریں۔
- ناجائز چارجز کی پڑتال کرنے کے لئے جیسے ہی آپ کو کریڈٹ کارڈ اور بینک اکاؤنٹ کے گوشوارے موصول ہوں، ان کا جائزہ لیں۔
- اگر آپ کے پاس کمپیوٹر ہےتو اینٹی وائرس اور اینٹی اسپائی ویئر سافٹ ویئر نیز فائر وال استعمال کریں۔ انہیں برابر اپڈیٹ کرتے رہیں۔

- منسلکات کھولنے یا ای میل سے فائلیں ڈاؤن لوڈ کرتے وقت محتاط رہیں۔ اگر آپ کو معلوم نہیں کہ آپ کو پیغام کس نے بھیجا تھا تو منسلکہ نہ کھولیں یا فائل ڈاؤن لوڈ نہ کریں۔
- اگر آپ کو شبہ ہے کہ ای میل یا ویب سائٹ فریب آمیز ہے تو حقیقی بینک، کمپنی یا سرکاری ایجنسی کو اس معلومات کی اطلاع دیں۔

اگر آپ کو یقین ہے کہ آپ کے ساتھ دھوکہ ہوا ہے تو آپ
**www.ftccomplaintassistant.gov** پر FTC کی ویب سائٹ کے ذریعہ شکایت جمع کریں۔
آن لائن دھوکے سے بچنے اور دھوکہ آمیز اسپام کو ڈیل کرنے کے طریقہ کے بارے میں مزید جاننے کے لئے **www.onguardonline.gov** ملاحظہ فرمائیں۔


TODAY'S LESSON: MATH
3+3=
3+2=
2+5=
3+5=
1904·2004
TIMES SQUARE
3

# تعلیم اور صحت کی نگہداشت کو سمجھنا

تعلیم آپ اور آپ کی فیملی کو کمیونٹی سے جوڑنے میں مدد دے سکتی ہے. یہ سیکشن بچوں، نوجوانوں اور بڑوں کے لئے امریکہ کے سکولوں کو بیان کرتا ہے. اس حصہ میں صحت کا خیال رکھنے کا نظام بھی زیر بحث آتا ہےاور یہ وسائل فراہم کرتا ہے کہ آپ اور آپ کا خاندان باخبر رہ سکیں.

# ریاستہائے متحدہ امریکہ میں تعلیم

اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ تمام بچے کامیاب ہونے کے لئے تیار ہوں، ریاستہائے متحدہ امریکہ میں کے جی سے گریڈ 12 تک سب طالب علموں کیلئے مفت عوامی تعلیم مہیا کرتا ہے۔ بعض برادریاں بھی چھوٹے بچوں کے سکول میں شرکت کرنے کے لئے تین سال کی عمر کے بچوں کوموقع فراہم کرتی ہیں. یہ سیکشن آپ کو بتاتا ہے کہ آپ اپنے بچوں کا سکول میں داخلہ کس طرح کرائیں، ریاستہائے متحدہ امریکہ میں سکول کس طرح کام کرتے ہیں اورآپ اپنے بچوں کے سیکھنے میں کس طرح مدد کریں۔

ریاستہائے متحدہ امریکہ میں اکثر عوامی سکول مخلوط تعلیمی ہیں. مخلوط تعلیم کا مطلب یہ ہے کہ لڑکیاں اور لڑکے ایک ساتھ کلاس میں شرکت کرتے ہیں تاہم کچھ سکول صرف ایک جنس کے بچے داخل کرتے ہیں۔ زیادہ تر سکول ایک سکول ڈسٹرکٹ کا حصہ ہوتے ہیں جس کےمتعدد سکول ہوتے ہیں اور ان میں الگ الگ عمر کے بچوں کے لئے الگ سکول شامل ہیں۔ ہر سکول میں طلبہ کی عمر الگ الگ کمیونٹی کے اعتبار سے مختلف ہو سکتی ہے۔

## سکول میں آپ کے بچے کا اندراج



سب سے پہلا کام آپ کو یہ کرنا ہے کہ اپنے بچوں کا سکول میں داخلہ کرائیں۔ اپنے مقامی ڈسٹرکٹ سکول کے مرکزی آفس میں فون کریں یا تشریف لے جائیں یا ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں یہ جاننے کے لئے کہ کس سکول میں یا کن سکولوں میں آپ کے بچے داخل ہو سکتے ہیں. فی الحال، تمام ریاستوں اور ڈسٹرکٹ کولمبیا میں لازمی سکول حاضری کے قوانین ہیں. لازمی سکول حاضری کا مطلب یہ ہے کہ تمام بچے جو مخصوص عمروں کے درمیان ہیں ان کو سکول ضرور جانا چاہئے. اکثر ریاستوں میں، یہ قوانین 5 سے 16 سال تک کے تمام بچوں پر لاگو ہوتے ہیں. سکول کی حاضری کے لئے ضروری عمر جاننے کے لئے اپنے مقامی سکول ڈسٹرکٹ یا تعلیم کے ریاستی ادارے سے چیک کریں۔

آپ اپنے بچے کو سرکاری یا پرائیویٹ سکول میں بھیج سکتے ہیں. عوامی سکول مفت ہیں اور مذہبی تعلیم کی پیشکش نہیں کرتے. ریاست اس بات کا فیصلہ کرتی ہے کہ آپ کے بچے عوامی سکول میں کیا سیکھیں گے لیکن مقامی سکول ڈسٹرکٹ، پرنسپلز، اساتذہ اور والدین فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ کے بچے کو کیسے پڑھائیں۔ چارٹر سکول عوامی سکول کی ایک خاص قسم ہیں جو مقامی سکول ڈسٹرکٹ سے آزادانہ طور پر کام کرتے ہیں. آپ کے مقامی اور ریاستی ٹیکس اور وفاقی ٹیکس میں سے کچھ عوامی سکول کی ادائیگی کرتے ہیں۔

پرائیویٹ سکول ایک دوسرا طریقہ ہےجس کے ذریعے آپ اپنے بچے کو تعلیم دے سکتے ہیں. پرائیویٹ سکول گروپوں کی ملکیت ہیں اوران کے ذریعے چلائے جاتے ہیں جو حکومت سے آزاد ہیں، ان میں مذہبی اور غیر مذہبی گروپ شامل ہیں. طالب علموں کو عام طور پر پرائیویٹ سکول میں شرکت کے لئے فیس (جس کو ٹیوشن کہا جاتا ہے) ضرور ادا کرنی ہوگی. کچھ صورتوں میں، پرائیویٹ سکول ان طالب علموں کو جو ٹیوشن فیس ادا نہیں کر سکتے، ہو سکتا ہے کہ مالی امداد کی پیشکش کریں- دیگر صورتوں میں، طالب علموں کو پرائیویٹ سکول میں شرکت کرنے کے لئے واؤچروں کی شکل میں پبلک فنڈز دستیاب ہو سکتے ہیں. کچھ پرائیویٹ سکول مخلوط تعلیم والے ہیں، جبکہ کچھ صرف لڑکوں یا لڑکیوں کے لئے ہیں. کچھ ریاستوں میں پرائیویٹ سکولوں کے لئے لائسنس یا رجسٹریشن کی ضرورت ہے جبکہ بہت سے پرائیویٹ سکول تصدیق کرنے والی ایسوسی ایشن سے مستند ہونا منتخب کرتے ہیں- پرائیویٹ سکولوں کے بارے میں مزید جاننے کے لئے اپنی ریاست کے محکمہ تعلیم سے رابطہ کریں.

گھر میں اپنے بچے کو تعلیم دینا ایک دوسرا آپشن ہے. اس کو گھرمیں بھی کہا جاتا ہے. گھرمیں تعلیم کی ضروریات ریاست کے اعتبار سے مختلف ہوتی ہیں. گھرمیں تعلیم میں دلچسپی رکھنے والے والدین کو مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے اپنی ریاست کے محکمہ تعلیم سے رابطہ کرنا چاہیے.

زیادہ تر امریکی بچے تقریبا 13 سال کے لئے عوامی سکول میں ہوتے ہیں، کے جی سے 12 جماعت تک۔ اکثر سکولوں میں آپ کے بچے کو کسی کلاس میں (جس کو گریڈ کہا جاتا ہے) دو چیزوں کی بنیاد پر رکھا جاتا ہے: عمر اور سابقہ تعلیم کی سطح. کچھ صورتوں میں سکول آپ کے بچے کو ایک ٹیسٹ دے سکتا ہے اس کے گریڈ لیول اور کلاس اسائنمنٹ کو متعین کرنے کے لئے.

**ایک مثالی امریکی سکول کیسے منظم کیا جاتا ہے**

| سکول | درجے | عمریں |
|---|---|---|
| ابتدائی یا پرائمری سکول | بچوں کا سکول اور درجے<br>1 سے 5 یا 1 سے 6 | بچوں کی عمر 5 سے 11 |
| جونیئر یا مڈل سکول | درجات 6 سے 8<br>7 سے 8، یا 7 سے 9 | نوجوان بعمر 11 تا 14 |
| سیکنڈری یا ہائی سکول | درجات 9 سے 12<br>یا 10 سے 12 | نو عمر بالغان کی عمر 14 سے 18<br>(اور 21 سال سے اوپر تک بعض صورتوں میں) |
| پوسٹ سیکنڈری یا اعلٰی تعلیم | سرکاری اور پرائیویٹ کمیونٹی کالج،<br>دو سالہ یا چار سالہ کالج یا یونیورسٹیاں، ٹریڈ سکول | تمام مستحق بالغان شرکت کر سکتے ہیں |


یہاں ان سوالات کے جوابات کی ایک فہرست ہے جو والدین اکثر سرکاری سکولوں کے بارے میں پوچھتے ہیں:

## تعلیمی سال کتنا لمبا ہے؟

تعلیمی سال عام طور پر اگست یا ستمبر میں شروع ہوتا ہے اور مئی یا جون میں ختم ہوتا ہے. کچھ جگہوں پر بچے پورا سال سکول جاتے ہیں. بچے سوموار سے جمعہ تک سکول میں ہوتے ہیں. بہت سے سکول ان بچوں کے لئے جن کے والدین کام کرتے ہیں سکول کے باقاعدہ اوقات سے پہلے یا بعد کے پروگرام پیش کرتے ہیں. آپ سے سکول کے اوقات سے پہلے یا بعد میں ہونے والے پروگراموں کی فیس وصول کی جا سکتی ہے، لیکن کچھ خاص تدریسی خدمات آپ کے سکول ڈسٹرکٹ میں مفت دستیاب ہو سکتی ہیں.

## میں اپنے بچے کا اندراج کہاں کراؤں؟

اپنے مقامی ڈسٹرکٹ سکول کے مرکزی آفس میں فون کریں یا تشریف لے جائیں یا ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں یہ جاننے کے لئے کہ کس سکول میں یا کن سکولوں میں آپ کے بچے داخل ہو سکتے ہیں.




## مجھے اپنے بچے کا اندراج کرانے کے لئے کن دستاویزات کی ضرورت ہے؟

آپ کو اپنے بچے کے طبی ریکارڈ اور ثبوت کی ضرورت ہے کہ آپ کے بچے کو بعض مدافعتی ٹیکے لگے ہوئے ہیں (اس کو ٹیکا بھی کہا جاتا ہے) اس کو بیماری سے محفوظ رکھنے کے لئے. آپ کو شناخت کے ثبوت کی بھی ضرورت پیش آ سکتی ہے، مثلاً پیدائش کا سرٹیفکیٹ اور اس بات کا ثبوت کہ آپ اسی کمیونٹی میں رہتے ہیں جس میں سکول ہے۔ اگر آپ سے یہ دستاویزات گم ہوچکی ہیں تو سکول کے عملے سے پوچھیں کہ کیسے نئ دستاویزات حاصل کی جا سکتی ہیں۔ تاخیر سے بچنے کے لئے اپنے بچے کے اندراج کی کوشش سے پہلے یہ کریں.

## اگر میرا بچہ انگریزی نہیں بولتا تو کیا ہوگا؟

اگر آپ کے بچے کو انگریزی میں بات نہیں کرنی آتی تو سکول ڈسٹرکٹ بچے کی زبان کی مہارت کا اندازہ کرے گا. اس کے بعد سکول آپ کے بچے کو وہ خدمات فراہم کرے گا جن کی اسے انگریزی سیکھنے اور گریڈ لیول کے لئے تعلیمی پروگرام میں حصہ لینے کی ضرورت ہے. سکول ڈسٹرکٹ آپ کے بچے کی زبان کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے آپ کے بچے کو صحیح خدمات مہیا کرنے اور آپ کو اس زبان میں جس کو آپ سمجھ سکتے ان خدمات کے بارے میں جو آپ کے بچے کو حاصل ہونگی، مطلع کرنے کا ذمہ دار ہے ۔ آپ اس عمل کے بارے میں معلوم کرنے کے لئے اپنے بچے کے سکول سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ سکول کے اوقات کے دوران زبان کی خدمات کے ساتھ ساتھ ، بعض سکول طلبہ کی سکول سے باہر انگریزی کو بہتر بنانے میں مدد کرنے لئے سکول کے بعد پروگرام اور ٹیوشن کی پیشکش کرتے ہیں. آپ کے بچے کا سکول آپ کو بتائے گا کہ وہ انگریزی سیکھنے والے طالب علموں کو کس قسم کی اضافی مدد پیش کرتا ہے۔

## اگر میرا بچہ معذور ہے تو کیا ہوگا؟

ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں تمام طالب علموں کو مفت سرکاری تعلیم حاصل کرنے کا حق ہے، خواہ وہ معذور ہوں یا نہ ہوں. اگر آپ کا بچہ معذور ہے تو وہ مفت خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات حاصل کر سکتا ہیں. آپ کے بچے کو حسب ضرورت سکول کی باقاعدہ جماعت میں رکھا جائے گا۔ کبھی کبھی آپ کے بچے کو باقاعدہ درسگاہ کے باہر خصوصی تعلیم یا متعلقہ خدمات کی ضرورت ہو سکتی ہے. جب سکول کا عملہ اس بارے میں انفرادی فیصلے لے کہ آپ کے بچے کو سب سے بہتر کس طرح پڑھایا جائے تو آپ ان فیصلوں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ سکول ان فیصلوں کے بارے میں اس زبان میں آپ کے ساتھ بات چیت کرنے کا ذمہ دار ہے جس کو آپ سمجھ سکتے ہیں. خدمات اور دیگر وسائل تک رسائی حاصل کرنے کے متعلق مزید معلومات کے لئے **http://idea.ed.gov** ملاحظہ فرمائیں۔

## میرا بچہ امریکہ آنے سے پہلے سکول میں نہیں تھا۔ کتنی مدت تک وہ مفت سرکاری سکول جا سکتا ہے؟

اکثر ریاستوں میں طلبہ سرکاری سکول میں مفت جاسکتے ہیں یہاں تک کہ وہ ہائی سکول کر لیں یا زیادہ سے زیادہ عمر کو پہنچ جائیں، جو عام طور پر 21 سال ہے۔ اگر ایک طالب علم کی عمر22 سال سے کم ہے تو وہ ہائی سکول میں اندراج کرانے اور باقاعدہ ہائی سکول ڈپلومہ حاصل کرنے کا اہل ہو سکتا ہے. اگرایک طالب علم نے22 سال کی عمر تک ہائی سکول نہیں کیا تو وہ ثانوی تعلیم برائے بالغان (اے ایس ای) کی کلاسوں میں اندراج کرا سکتا ہے. اے ایس ای کلاسیں باقاعدہ ہائی سکول ڈپلومہ کی جگہ ہائی سکول ڈپلوما کے مساوی تسلیم شدہ جیسے عام تعلیمی ترقی (جی ای ڈی) سرٹیفیکیٹ حاصل کرنے میں طلبہ کی مدد کرتی ہیں۔ اس بات کا پتہ لگانے کے لئے کہ جی ای ڈی یا دیگر ہائی سکول کے مساوی کلاسیں کہاں ہیں، اپنے مقامی سکول ڈسٹرکٹ کے دفتر یا تعلیم کے ریاستی محکمے کو فون کیجیے یا آن لائن تحقیق کیجیے

## میرا بچہ کس طرح سکول پہنچےگا؟

بچے بعض اوقات امریکہ میں پیدل سکول جاتے ہیں. اگرسکول بہت دورہے یا پیدل جانا محفوظ نہیں ہے تو وہ سکول بس میں آ سکتے ہیں یا عام ذرائع نقل و حمل استعمال کر سکتے ہیں مثلاً پبلک ٹرانسپوریشن، سب وے یا ٹرین۔ بہت سے سرکاری سکولوں کے پاس مفت بسیں ہیں جو طالب علموں کو آپ کے گھر کے قریب سکول بس اسٹاپ سے لیتی اور چھوڑتی ہیں. دیگر سرکاری سکول مستحق طالب علموں کو پاس فراہم کرتے ہیں تاکہ وہ مفت یا کم قیمت پرمقامی پبلک ٹرانسپوریشن پرسفرکرسکیں۔ یہ جاننے کے لئے کہ آیا آپ کا بچہ سکول میں سکول بس سے آ سکتا ہے یا پبلک ٹرانسپورٹیشن کا پاس حاصل کر سکتا ہے، اپنے مقامی سکول ڈسٹرکٹ کے آفس سے رابطہ کریں . اگر آپ کے پاس کار ہے تو آپ اپنے بچوں کے سکول تک کار ڈرائیونگ میں اشتراک کے لئے اپنے علاقے کے دوسرے والدین کے ساتھ ایک کار پول بھی قائم کر سکتے ہیں.



## وفاقی سکول کے کھانے کا پروگرام

تعلیم کو بہتر بنانے کے لئے امریکی حکومت 26 ملین سے زائد بچوں کو سکول کے ہر روز کم قیمت کا یا مفت صحت بخش کھانا فراہم کرتی ہے۔ سکول کے ناشتا پروگرام اور قومی سکول لنچ پروگرام میں شرکت کا دارومدار خاندان کی آمدنی اور سائز پرہے۔ مخصوص دودھ پروگرام ان بچوں کو دودھ فراہم کرتا ہے جو دیگر وفاقی سکول کے کھانے کے پروگراموں میں شرکت نہیں کرتے۔ ان امریکی محکمۂ زراعت کے پروگراموں کے بارے میں مزید معلومات کے لئے **www.fns.usda.gov/cnd** ملاحظہ کیجیے۔

### میرا بچہ سکول میں کیا کھا ئے گا؟



بچے سکول میں دوپہر کا کھانا لے جا سکتے ہیں یا سکول کے ریسٹورنٹ سے خرید سکتے ہیں. نیز امریکی حکومت ان مستحق بچوں کو جو سکول میں کھانا خریدنے کے متحمل نہیں، مفت یا کم قیمت والا مقوی ناشتہ اور دوپہرکا کھانا فراہم کرتی ہے. یہ معلوم کرنے کے لئے کہ آیا آپ کے بچے کا سکول وفاقی سکول کے کھانے کے پروگرام میں شامل ہے، اپنے بچے کے سکول کا دورہ کریں یا فون کریں۔ سکول کے عملے کے ساتھ بات کریں یہ معلوم کرنے کے لئے کہ آیا آپ کے بچےشرکت کرنے کے مستحق ہیں .

### کتابوں اور سکول کی سرگرمیوں کی ادائیگی کون کرتا ہے؟

سرکاری سکول عام طور پر مفت کتابیں فراہم کرتے ہیں. طالب علم کو عام طور پر اپنے سکول کا سامان خریدنا ہوتا ہے مثلاً کاغذ اور پنسل. اگر آپ اس کی قیمت ادا نہیں کر سکتے تو اپنے بچے کے سکول سے رابطہ کریں. کچھ سکول سامان یا خصوصی تقاریب کے لئے تھوڑی سی فیس چارج کر سکتے ہیں مثلاً سکول کا دورہ ۔ بہت سےسکول باقاعدہ اوقات کے بعد کھیل اور موسیقی کے پروگرام پیش کرتے ہیں. آپ کے بچے کے ان پروگراموں میں سے کچھ پروگراموں میں شرکت کرنے کے لئے آپ کو فیس ادا کرنے کی ضرورت پیش آ سکتی ہے.

### میرا بچہ کیا سیکھے گا؟

ہر ریاست سکولوں کے لئے تعلیمی معیاروں کا تعین کرتی ہے. یہ معیاراس بات کا خاکہ تیار کرتے ہیں کہ تمام طالب علموں کو کیا جاننا چاہئے اور کس سطح پران سے کارکردگی کی توقع ہے. مقامی سکول ڈسٹرکٹ فیصلہ کرتے ہیں کہ اس معلومات کو کس طرح سکھایا جانا چاہئے. اکثر سکولوں میں انگریزی، ریاضی، سوشل سٹڈیز، سائنس اور جسمانی تعلیم سکھا ئی جاتی ہے. آرٹ، موسیقی اورغیر ملکی زبانیں بھی کبھی کبھار پیش کی جاتی ہیں .

## میرے بچے کے کام کا کس طرح اندازہ کیا جاتا ہے؟

اساتذہ سکور (جسے گریڈ بھی کہا جاتا) دیتے ہیں جن کی بنیاد اس کام پر ہوتی ہے جو بچے تعلیمی سال کے دوران کرتے ہیں. گریڈز عام طور پر ہوم ورک، کلاس ورک ، ٹیسٹس، حاضری اور درسگاہ میں رویے پر مبنی ہوتے ہیں. آپ کے بچے کو ایک سال میں متعدد مرتبہ ایک رپورٹ کارڈ موصول ہوگا. کچھ سکول آپ کو براہ راست آپ کے بچے کے رپورٹ کارڈ بھیجیں گے. رپورٹ کارڈ آپ کو بتاتا ہے کہ آپ کا بچہ ہر مضمون میں کیسا جا رہا ہے. سکولوں کے پاس طلبہ کا اندازہ لگانے کے مختلف طریقے ہیں. کچھ سکول لیٹر گریڈز استعمال کرتے، بہترین کام کے لئے اے یا اے + کمزور یا ناکام کے لئے ڈی یا ایف. دوسرے سکول آپ کے بچے کی کارکردگی کا خلاصہ پیش کرنے کے لئے نمبر گریڈز یا الفاظ استعمال کرتے ہیں مثلاً " بہترین "اچھا،" یا " بہترکرنے کی ضرورت ہے". بہت سے گریڈز میں طالب علم کو بھی سکولوں کی جانب سے طلباء کی قابلیت جانچنے کے معیاری امتحانات دینے پڑتے ہیں۔ سکول کے عملے سے معلوم کریں کہ آپ کے بچے کے سکول میں طلبہ کی کس طرح درجہ بندی کی جاتی ہے اور اندازہ لگایا جاتا ہے.



## میں اپنے بچے کے استاد سے کس طرح بات کر سکتا ہوں؟

زیادہ تر سکولوں میں آپ کے لئے باقاعدہ والدین مشاورت کا انتظام ہوتا ہے، اپنے بچے کے استاد سے ملنے کے لئے. اپنے بچے کی سکول میں کارکردگی کے بارے میں اساتذہ سے یا سکول کے منتظمین سے بات کرنے کے لئے آپ بھی میٹنگوں کا لائحہ عمل تیار کر سکتے ہیں۔ اگر آپ انگریزی بول یا سمجھ نہیں سکتے تو سکول ڈسٹرکٹ اس طرح کی میٹنگوں کے لئے ایک قابل ترجمان مہیا کرے گا. سکول ڈسٹرکٹ پابند ہے کہ وہ آپ کو سکول کے دیگر معاملات کے بارے میں معلومات ایسی زبان میں مہیا کرے جو آپ کےلئے قابل فہم ہو۔

## اگر میرا بچہ سکول نہیں جا پاتا تو کیا ہوگا؟

سکول میں موجود ہونا بہت ضروری ہے. والدین استاد کو تحریری خط بھیجیں یا سکول کو فون کریں، یہ واضح کرنے کے لئے کہ کیوں ان کا بچہ سکول میں نہیں تھا۔ اگر آپ کا بچہ سکول نہیں جائے گا، اس بارے میں استاد کو پیشگی اطلاع دیں. طالب علموں کو عام طور پر کوئ بھی کام جو ان سے رہ گیا ہو، ضرور کرنا ہوگا. اگر آپ کے بچے سے سکول چھوٹ جاتا ہے تو اپنے بچے کے سکول سے معلوم کیجیے کہ کس قسم کی معلومات آپ کو فراہم کرنے کی ضرورت ہے ۔

## آپ کیا کرسکتے ہیں

اکثر سرکاری اور پرائیویٹ سکولوں میں والدین اساتذہ کی انجمن (پی ٹی اے) یا والدین اساتذہ کی تنظیم (پی ٹی او) ہے جس میں آپ شامل ہو سکتے ہیں . یہ گروپ یہ جاننے میں والدین کی مدد کرتے ہیں کہ ان کے بچے کے سکول میں کیا ہو رہا ہے اور کس طرح سکول کی تقاریب میں شمولیت اختیار کی جائے. اکثرسکولوں میں کوئی بھی شامل ہو سکتا ہے، یہاں تک کہ دادا دادی بھی. پی ٹی اے / پی ٹی او خصوصی سرگرمیوں کی سرپرستی کرکے اور کلاس روم میں مدد کرنے کے لئے رضاکار فراہم کرکے بھی سکولوں کی مدد کرتے ہیں.

آپ شامل ہو سکتے ہیں اگرچہ آپ انگریزی بول یا سمجھ نہ سکتے ہوں. بہت سے سکولوں میں خاص طور پر محدود انگریزی مہارت رکھنے والے والدین کے لئے معلومات ہوتی ہیں. سکول کو بتائیں کہ آپ کومترجم کی خدمات کی ضرورت ہو گی تاکہ آپ حصہ لے سکیں. پی ٹی اے / پی ٹی او کب ملاقات کرتے ہیں اور آپ کس طرح شریک ہو سکتے ہیں یہ جاننے کے لئے اپنے بچے کے سکول آئیں یا فون کریں. آپ اپنے بچے کے استاد سے بھی بات کر سکتے ہیں اور معلوم کر سکتے ہیں کہ آیا آپ کے رضاکارانہ طور پرکام کرنے یا شامل ہونے کےطریقے موجود ہیں.

### اگرمیرا بچہ مصیبت میں مبتلا ہو جاتا ہے تو کیا ہوگا؟

بہت سے سکولوں میں قوانین یا نظم و نسق پالیسی کی لسٹ ہوتی ہے جس کو ماننا طالب علموں کے لئے ضروری ہوتا ہے. اسے اکثر ضابطہ کہا جاتا ہے. سکول کی نظم و نسق پالیسی یا ضابطے کے بارے میں اپنے بچے کے سکول سے معلوم کریں. سکول کے قواعد توڑنے والے طلبہ کو سکول نظم و ضبط سکھاتا ہے، سکول ختم ہونے کے بعد ان کو روک کر یا کھیل اوردیگر سرگرمیوں میں شرکت سے روک کر. امریکا کی اکثر ریاستوں کے سکولوں میں جسمانی سزا کی اجازت نہیں ہے.

بچوں کو سکول سے معطل کیا جا سکتا ہے یا نکال دیا جا سکتا ہے اگر وہ بہت برے انداز میں پیش آتے ہیں یا اکثر و بیشتر سکول کے قواعد توڑتے ہیں. اگر آپ کے بچے کا اخراج ہو جاتا ہے تووہ مزید اس سکول میں نہیں جا سکے گا. یہ بات معلوم کرنے کے لئے کہ آپ کے بچے کا سکول میں دوبارا داخلہ کیسے ہوگا، آپ کو سکول کے عملے سے ملاقات کی ضرورت ہوگی.

### کیا میرا بچہ سکول میں محفوظ ہے؟

امریکا کے اکثر عوامی سکول پڑھائی کے لئے محفوظ جگہیں ہیں. اگر آپ اپنے بچے کی حفاظت کے بارے میں فکر مند ہیں تو کسی استاد، سکول کے مشیر، پرنسپل یا دوسرے منتظم سے بات کریں.

## غنڈہ گردی کس طرح روکا جاتا ہے

غنڈہ گردی سکول کے بچوں میں ناپسندیدہ، جارحانہ زبانی یا جسمانی رویہ ہے. غنڈہ گردی سکول کے اوقات کے دوران یا بعد میں ہو سکتی ہے. جہاں سب سے زیادہ غنڈہ گردی سکول کی عمارت میں ہوتی ہے، وہیں دیگرجگہوں میں بھی ہوتی ہے مثلاً کھیل کے میدان، بس میں یا انٹرنیٹ پر. غنڈہ گردی کو کس طرح روکا جائے یا اس کا جواب دیا جائے اس کے بارے میں مزید جاننے کے لئے **www.stopbullying.gov** ملاحظہ فرمائیں.

# اعلیٰ تعلیم: کالج اور یونیورسٹیاں

ہائی سکول کے بعد نوجوان اور دیگربالغان اپنی تعلیم ایک دو سال کی کمیونٹی یا ٹیکنیکل کالج، چار سالہ کالج یا یونیورسٹی میں جاری رکھ سکتے ہیں. ان کو پوسٹ سیکنڈری ادارے یا اعلیٰ تعلیمی ادارے کہا جاتا ہے. خاص طور پراعلیٰ ثانوی تعلیم کے پہلے چار سالوں کو انڈر گریجویٹ تعلیم کہا جاتا ہے اور بیچلر کی ڈگری کے بعد سکول کی تعلیم کو گریجویٹ تعلیم کہا جاتا ہے. اعلیٰ تعلیم کے لئے سرکاری اور پرائیویٹ دونوں ادارے موجود ہیں. عام طور پرسرکاری کالج اور یونیورسٹیوں کی فیس پرائیویٹ کالج اور یونیورسٹیوں سے کم ہو سکتی ہے خاص طور پراس ریاست کے باشندوں کے لئے جہاں کالج یا یونیورسٹی واقع ہیں۔ بالغان مخصوص روزگار سیکھنے کیلئے بھی سکول جا سکتے ہیں جیسے کمپیوٹر مرمت یا صحت کی نگہداشت کا اسسٹنٹ ہونا۔



اعلیٰ تعلیم کے طلباء گہرائی میں مطالعہ کرنے کے لئے ایک مخصوص موضوع (جسے میجر کہا جاتا ہے) منتخب کریں. ایک میجر کا انتخاب انہیں روزگار یا مزید تعلیم کے لئے تیار ہونے میں مدد کرتا ہے.

| ڈگری کی قسم | سکول کی قسم | سکول کی تعلیم کے سال |
|---|---|---|
| | اعلیٰ تعلیم | |
| سند | کمیونٹی کالج / ٹریڈ سکول | چھ ماہ سے دو سال |
| ایسوسی ایٹ | کمیونٹی کالج | دو سال |
| بیچلر | چار سالہ کالج یا یونیورسٹی | چار سال |
| ماسٹر | یونیورسٹی | دو سال |
| ڈاکٹریٹ | یونیورسٹی | دو سے آٹھ سال |
| پیشہ ور | خصوصی سکول | دو سے پانچ سال |

ایک کالج یا یونیورسٹی کی تعلیم مہنگی ہو سکتی ہے لیکن آپ کی تعلیم کی لاگت ادا کرنے میں مدد دینے کے پروگرام موجود ہیں. زیادہ ترطلباء قرضہ لیتے ہیں یا سکول کی تعلیم کے لئے ادائیگی کے لئے سکالرشپ یا مالی امداد کے لئے درخواست دیتے ہیں. کچھ سکول مالی امداد دیتے ہیں جسے سکالرشپ کہتے ہیں. آپ وظائف کے بارے میں مزید جاننے کے لئے اپنے سکول کے مالی امداد کے دفتر جا سکتے ہیں. بعض سکالرشپ اور اعانات امریکی باشندوں، شہریوں، مستقل باشندوں یا دیگر غیرامریکی اہل شہریوں تک محدود ہیں. امریکی حکومت بھی طالب علموں کے لئے مالی امداد فراہم کرتی ہے. مالی امداد کے بارے میں مزید جاننے کے لئے درج ذیل کا مطالعہ کریں یا **www.StudentAid.gov** ملاحظہ فرمائیں.

## کالج کے طلباء کے لئے وفاقی مالی امداد

امریکی حکومت طلباء کو کالج، ٹیکنیکل سکول، پیشہ ورانہ سکول یا گریجویٹ سکول میں تعلیمی اخراجات کے لئے مالی امداد فراہم کرتی ہے. وفاقی مالی امداد ٹیوشن، فیس، رہائش اور کھانا، کتابوں کی فراہمی اورنقل و حمل کے اخراجات کا احاطہ کرتی ہے. طلباء عام طور پر اپنی مالی ضروریات کی بنیاد پر اس امداد کے اہل ہوجاتے ہیں، نہ کہ گریڈ کی بنیاد پر. وفاقی امداد کی تین قسمیں ہیں:

- گرانٹس: رقم جو آپ کو ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہے.
- کام پڑھائ: آپ اپنے سکول میں کام کرتے ہوئے رقم کماتے ہیں.
- قرضے: رقم جو آپ ادھار لیتے ہیں لیکن بعد میں سود کے ساتھ ادا کرنی ہوتی ہے.

وفاقی مالیاتی امدادی پروگراموں پر مزید معلومات کے لئے1-800-433-3243 پر کال یا امریکی محکمہ تعلیم کی ویب سائٹ کے سیکشن **www.StudentAid.ed.gov/resources** ملاحظہ فرمائیں. معلومات ہسپانوی میں بھی دستیاب ہے.

### مالی امداد کے فراڈ سے ہوشیار رہیں



جب آپ طلباء کی مالی مدد کے بارے میں معلومات تلاش کر رہے ہوں تو محتاط رہیں. ایسی پیشکشوں سے بچیں جو کچھ ذیادہ ہی درست لگ رہی ہوں یا جن میں رقم کے بدلے مطلوبہ نتائج کا وعدہ کیا گیا ہو. کئ خاندان سکالر شپ فراڈ کے جھانسے میں ہرسال لاکھوں ڈالر گنوا دیتے ہیں. اگر آپ دھوکہ دہی کا شکار ہیں یا مزید معلومات چاہتے ہیں تو 1-877-382-4357 یا 1-866-653-4261 (کمزور سماعت والے کے لئے)پر فیڈرل ٹریڈ کمیشن کو کال کریں. آپ انکی ویب سائٹ **www.consumer.ftc.gov/articles/0082-scholarship-and-financial-aid-scams** بھی ملاحظہ کرسکتے ہیں.

# تعلیم بالغان

آپکے بالغ ہونے پر تعلیم ختم نہیں ہو جاتی۔ ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں، لوگوں کو تاحیات متعلمین بننے کی ترغیب دی جاتی ہے. اگر آپ کی عمر 16 سال یا اس سے زائد ہے اور ہائ سکول تعلیم مکمل نہیں کر پائے تو ثانوی تعلیم برائے بالغان (ASE) کی کلاسوں میں داخلہ لے سکتے ہیں۔ یہ کلاسیں آپ کو ہائ سکول ڈپلومہ کے برابر منظور شدہ سند (جیسے جنرل ایجوکیشنل ڈویلپمنٹ – GED) حاصل کرنے کیلئے تیار کرتی ہیں۔

GED سرٹیفیکیٹ معروف طور پر ہائ سکول ڈپلومہ کے برابر ہے، اگرچہ کچھ ریاستوں میں ہائ سکول کے برابر ڈپلومہ کیلئے آپ سے GED طرز کے ایک اور امتحان یا دیگر ضروریات پوری کرنے کو کہا جا سکتا ہے۔ ہائی سکول کے برابر ڈپلوما یا سرٹیفکیٹ (مثلاً GED) ظاہر کرتا ہے کہ آپ ہائی سکول تک کی تعلیم یا مہارت حاصل کر چکے ہیں۔ GED حاصل کرنے کے لئے آپ کو چار مختلف مضامین میں ٹیسٹ پاس کرنا ضروری ہے فنون زبان دانی کے ذریعے استدلال (لکھنے پڑھنے کا): معاشرتی علوم، سائنس اور حسابی استدلال. ذیادہ تر امریکی مالکان GED کی سند کو باقاعدہ ہائ سکول ڈپلومہ کے برابر تصور کرتے ہیں. کئی علاقوں میں، GED کی تیاری کی کلاسیں مفت یا کم خرچ ہوتی ہیں. GED اور بالغان کے دیگر کورسز کیلئے انٹرنیٹ ملاحظہ فرمائیں یا معلومات کیلئے مقامی سکول ڈسٹرکٹ آفس کال کریں۔



بہت سے بالغان اپنی پسند کے کسی مضمون کے بارے میں ذیادہ جاننے کیلئے یا نئے ہنر سیکھنے میں جن سے انکی ملازمت میں مدد مل سکے، کلاسوں میں داخلہ لیتے ہیں۔ پبلک سکولوں کے بہت سارو سسٹم اور مقامی کمیونٹی کالج تعلیم بالغان کی کلاسوں کی ایک وسیع فہرست پیش کرتے ہیں. مثالی پر ان کلاسوں کی فیس کم ہوتی ہے اور کوئ بھی ان میں داخلہ لے سکتا ہے۔ اپنے مقامی سکول سسٹم یا کمیونٹی کالج سے چیک کریں کہ کون سی کلاسیں دستیاب ہیں، انکے اخراجات کتنے ہیں اور ان میں کس طرح داخلہ لیا جا سکتا ہے۔

# انگریزی سیکھیں

بہت سی جگہیں ہیں جہاں آپ انگریزی بولنا، پڑھنا اورلکھناسیکھ سکتے ہیں۔ بہت سے بچے اور بڑے انگریزی بطوردوسری زبان (ESL) کی کلاسوں میں داخلہ لیتے ہیں۔ ای ایس ایل کی کلاسیں انگریزی نہ جانتے والے افراد کی اس زبان کو سیکھنے میں مدد کرتے ہیں۔ ان کلاسوں کو دیگر زبانیں بولنے والوں کے لئے انگریزی بھی کہا جاتا ہے (ESOL) یا انگریزی خواندگی کی کلاسیں.

جو بچے انگریزی نہیں جانتے وہ سکول میں سیکھ جائیں گے. امریکہ کے سرکاری سکولوں میں ان تمام طلباء کو جنہیں انگریزی سیکھنے کی ضرورت ہے، مدد اور ہدایات دی جاتی ہیں۔

وہ افراد جو انگریزی نہیں سمجھتے، کسی پبلک ایڈلٹ اینڈ کمیونٹی ایجوکیشن پروگرام یا نجی لینگویج سکول کی ای ایس ایل کلاس میں داخلہ لے سکتے ہیں۔ آپکے بچے کا سکول انگریزی نہ بولنے والے بچوں کے والدین کیلئے خاندانی خواندگی کی خدمات، والدین سے رابطہ بڑھانا اور تربیت پیش کر سکتے ہیں۔ یہ جاننے کیلئے کہ آپکے بچے کا سکول یہ خدمات فراہم کرتا ہے، سکول سے رجوع کریں۔

سکول ڈسٹرکٹ اور کمیونٹی کالج اکثر مقامی کمیونٹیز میں پبلک ایڈلٹ اینڈ کمیونٹی ایجوکیشن پروگرام پیش کرتے ہیں. یہ پروگرام مقامی رضاکاروں کی مدد سے پڑھائ کے ساتھ ساتھ ای ایس ایل کی کلاسیں فراہم کر سکتے ہیں. یہ پروگرام اکثر مفت یا معمولی سی فیس چارج کر سکتے ہیں. کلاسیں دن یا شام کے اوقات میں ہوتی ہیں. ESL کلاسوں کی پیشکش کے بارے میں جاننے کے لئے اپنے مقامی کمیونٹی کالج یا سکول ضلعی دفتر کال کریں.

زیادہ تر بڑے شہروں میں بھی نجی لینگویج سکول ہیں جو ای ایس ایل کی کلاسیں دن یا شام کے اوقات میں پیش کرتے ہیں. نجی لینگویج کلاسوں کے اخراجات اکثر ہدایات کے گھنٹوں کی تعداد پر مبنی ہوتے ہیں اور عام طور پر سرکاری کلاسوں سے مہنگے ہوتے ہیں۔ آپ اپنے علاقے میں نجی لسانی سکول انٹرنیٹ پر تلاش کر سکتے ہیں.

کچھ سماجی تنظیمیں، لائبریریاں اور مذہبی گروہ میں مفت یا کم قیمت پر ESL کلاسیں پیش کرتے ہیں. اپنی مقامی پبلک لائبریری، سوشل سروس ایجنسی یا عبادت گاہ سے چیک کریں. مقامی لائبریری میں ریفرنس لائبریرین آپکو ESL کے پروگراموں کے بارے میں بتا سکتا ہے نیز یہ بھی بتا سکتا ہے کہ ESL کی کتب، ٹیپ، سی ڈیز اور کمپیوٹر سافٹ ویئر لائبریری میں کہاں پڑی ہیں۔

قریب ترین ESL پروگرام تلاش کرنے کے لئے **www.literacydirectory.org** دورہ. آپ یہ بھی **www.usalearns.org** دورہ کر کے آن لائن پڑھ سکتے ہیں.

## سوشل سروسز پر معلومات کے لئے 211 پر کال کریں

آپ کو جن خدمات کی ضرورت ہے انہیں تلاش کرنے میں مدد کیلئے بہت سی ریاستوں میں 211 پر کال کر سکتے. یہ جاننے کیلئے کہ آپ اپنے قرب و جوار میں ESL کا داخلہ کہاں لے سکتے ہیں، 211 پر کال کریں۔ کھانا، ہاؤسنگ یا دیگر سماجی خدمات تلاش کرنے میں مدد درکار ہو تو بھی آپ 211 پر کال کر سکتے ہیں. کچھ ریاستیں اور کاونٹیز ابھی تک 211 خدمات نہیں پیش کرتیں۔ 211 کی اپنے علاقے میں دستیابی دیکھنے کے لئے **www.211.org** ملاحظہ فرمائیں۔

# صحت کی نگہداشت

عام طور پر، ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں لوگ اپنی طبی دیکھ بھال کے لئے ادائیگی خود یا تو براہ راست یا انشورنس کے ذریعے کرتے ہیں. طبی دیکھ بھال مہنگی ہے اسلئے بہتر ہے کہ کسی ایسے مالک کے لئے کام کیا جائے جو صحت کی انشورنس فراہم کرتا ہو یا یہ انشورنس خود سے خریدی جائے۔ یہ ضروری ہے کہ آپ اور آپ کا خاندان جلد از جلد صحت کی انشورنس کرائے۔



مالکان ملازمین کے لئے ایک فائدہ کے طور پر صحت کی انشوریںس کی پیشکش کر سکتے ہیں. کچھ مالکان آپکی صحت پر ماہانہ اٹھنے والے تمام اخراجات ادا کرتے ہیں جبکہ کچھ ان کا ایک حصہ ادا کرتے ہیں۔ یہ ماہانہ لاگت پریمئیم کہلاتی ہے. آپ کو پریمئیم کا ایک حصہ ادا کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے. عام طور پر، مالکان آپکے حصے کا پریمئیم آپکی تنخواہ کے چیک سے کاٹ لیں گے۔ کچھ مالکان آپکو اپنے خاندان کی انشورنس خریدنے کی بھی اجازت دیں گے۔ آپ کو شاید اس کورج کے لئے زیادہ ادائیگی کرنی پڑے گی.

اگر آپ کی صحت کی انشورنس ہے تو ڈاکٹر اسکے بل انشورنس کمپنی کو ارسال کر سکتے ہیں. صحت کی انشورنس کمپنی کلی یا جزوی طور پر یہ بل ادا کرتی ہے۔ اکثر آپ کو ایک رقم ڈاکٹر یا خدمت مہیا کرنے والے کو ہر دفعہ ادا کرنی پڑتی ہے جب آپ انکی صحت کی نگہداشت کی خدمات استعمال کرتے ہیں۔ اسے کبھی کبھی "کو پیمنٹ" کہا جاتا ہے.

اگر آپ کی صحت کی انشورنس نہیں ہے تو کچھ ڈاکٹر آپ سے توقع رکھیں گے کہ آپ صحت کی دیکھ بھال کی تمام لاگت ادا کریں۔ آپ صحت کی دیکھ بھال کی وفاقی یا ریاستی امداد حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں. ریاستیں کم آمدنی والے بچوں، حاملہ خواتین اور معذور افراد کی کچھ نہ کچھ امداد کرتی ہے۔ کچھ ریاستیں اضافی ریاستی امداد کے پروگراموں کی حامل ہوتی ہیں۔

اگر آپ کو فوری طبی نگہداشت کی ضرورت ہے تو علاج کے لئے قریب ترین ہسپتال کے ایمرجنسی روم میں جا سکتے ہیں. ایمرجنسی والے ذیادہ تر ہسپتال وفاقی قانون کے تحت فوری طبی امداد دینے کے پابند ہیں اگرچہ مریض ادائیگی نہیں کر سکتا تاہم صحت کی سہولیات فراہم کرنے والے فراہم کردہ طبی خدمات کا بل جاری کر سکتے ہیں۔

اپنی صحت کے بارے میں فیصلے کرتے وقت، یہ جاننا ضروری ہے کہ تازہ ترین اور زیادہ قابل اعتماد معلومات کہاں سے حاصل کی جا سکتی ہے۔ صحت سے متعلق موضوعات پر وسائل کی ایک وسیع رینج کے لئے ملاحظہ کریں **www.healthfinder.gov**

## ہیلتھ انشورنس مارکیٹ پلیس

ہیلتھ انشورنس مارکیٹ پلیس (یا ہیلتھ انشورنس ایکسچینج) بجٹ اور ضروریات کے مطابق صحت کی معیاری انشورنس تلاش کرنے کا ایک طریقہ ہے۔ اگر آپ کو اپنے آجر کی جانب سے سستا بیمہ میسر نہیں یا آپ طبی، میڈیکیڈ، یا چلڈرنز ہیلتھ انشورنس پروگرام (CHIP) کے اہل نہیں تو یہ آپکی مدد کر سکتا ہے۔ مارکیٹ پلیس سے آپ صحت کی نجی انشورنس کے منصوبوں کی بعض اقسام کا موازنہ کر سکتے، سوالوں کے جوابات حاصل کر سکتے ہیں، معلوم کر سکتے ہیں کہ آیا آپ کوریج کی لاگت کی ادائیگی میں مدد کیلئے مالی امداد کے اہل ہیں اور آپکی ضروریات پوری کرنے والے صحت کی نگہداشت کے منصوبے مین رجسٹر ہونے کے اہل ہیں۔ مستقل باشندےاور جائز امیگریشن کے مالک کچھ دیگر افراد مارکیٹ پلیس انشورنس کے اہل ہو سکتے ہیں. تازہ ترین معلومات کیلئے **www.HealthCare.gov** ملاحظہ فرمائیں۔


### صحت کی دیکھ بھال کی سستی جگہ تلاش کرنے کیلئے

زیادہ تر کمیونٹیز میں صحت کی مفت یا کم قیمت خدمات فراہم کرنے والی کم از کم جگہ موجود ہوتی ہے. انہیں بعض اوقات کلینک یا کمیونٹی ہیلتھ سنٹرکہا جاتا ہے. اپنے قریب اس قسم کا ذریعہ تلاش کرنے کیلئے انٹرنیٹ پر تلاش کریں یا یا تارکینِ وطن کی خدمت کرنے والی تنظیم سے پوچھیں کہ وہ ایک کم قیمت یا مفت صحت کی دیکھ بھال کرنیوالی جگہ آپکے علاقے میں جانتے ہیں۔

امریکی صحت اورانسانی خدمات کا ادارہ صحت کی دیکھ بھال کی جگہوں کو پیسہ دیتا ہے جو کہ پورے ملک میں بہت سی جگہوں پر ہیں، جو تارکین وطن کو بنیادی صحت کی دیکھ بھال مہیا کرتی ہیں۔ اپنا قریبی ڈاکٹر تلاش کرنے کے لئے **http://findahealthcenter.hrsa.gov** ملاحظہ کریں.

# صحت کے وفاقی اور ریاستی پروگرام

**طبی نگہداشت:** طبی نگہداشت ان لوگوں کا ہیلتھ انشورنس پروگرام ہے جن کی عمر 65 سال یا اس سے زیادہ ہوتی ہے، 65 سال سے کم جو مخصوص معذوری کا شکار ہوں یا گردوں کی شدید بیماری کا شکار ہوں۔ اگر آپ بیمار یا زخمی ہوں توطبی نگہداشت بنیادی نگہداشت اور بعض خدمات کیلئے ادائیگی کرتا ہے۔ طبی نگہداشت میں اندراج سے متعلق مزید معلومات کے لئے ملاحظہ فرمائیں-**www.medicare.gov/MedicareEligibility/home.asp**.




طبی نگہداشت کے کئ حصے ہوتے ہیں، جیسے حصہ A، حصہ B اور حصہ D۔

- حصہ A ہسپتال کی وہ انشورنس ہے جو داخل مریضوں کی نگہداشت، ہنر مند نرسنگ کی سہولیات، محتاج خانہ اور گھر میں صحت کی دیکھ بھال کور کرنے میں مدد دیتی ہے. ذیادہ تر لوگ حصہ A پریمئیم نہیں ادا کرتے کیونکہ کام کے دوران انہوں نے طبی نگہداشت کا ٹیکس ادا کیا ہوتا ہے۔ اگرآپ پریمئیم فری پارٹ A کے اہل نہیں تو آپ پارٹ A خریدنے کے قابل ہو سکتے ہیں اگر آپ خاص شرائط پر پورا اترتے ہوں۔
- حصہ B وہ طبی انشورنس ہے جو بعض خدمات جیسے ڈاکٹروں کی خدمات، غیر رہائشی مریضوں کی نگہداشت، پائیدار طبی سامان، ہوم ہیلتھ سروسز اور دیگر طبی خدمات کے ساتھ ساتھ کچھ انسدادی خدمات کااحاطہ کرتی ہے. حصہ B کے لئے آپ کو ماہانہ پریمئیم ادا کرنا ہوتا ہے.
- حصہ ڈی تجویز کردہ ادویات کا احاطہ کرتا ہے جس سے ڈاکٹر کی تجویز کردہ کچھ ادویات کے اخراجات پورا کرنے میں مدد ملتی ہے. طبی نگہداشت حصہ D پلان رضاکارانہ ہے اور آپ کو اس کیلئے اضافی ماہانہ پریمئیم ادا کرنا پڑتا ہے.

مخصوص شرائط پوری کرنے پر مستقل رہائشی طبی نگہداشت حصہ B ،A اور D حاصل کر سکتے ہیں. وہ مستقل رہائشی جن کی عمر 65 سال یا ذیادہ ہو، خود بخود نگہداشت کیلئے درج ہو جاتے ہیں جب وہ سوشل سیکورٹی کے ریٹائرمنٹ کے فوائد حاصل کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ اگر آپ 65 سال کے نہیں لیکن دیگر وجوہات کی بنا پر اہل ہیں تو اندراج کے بارے میں معلومات کے لئے اپنے قریبی سوشل سیکیورٹی آفس کال کریں. عام طور پر طبی نگہداشت حصہ A فوائد پریمئیم ادائیگی کے بغیر حاصل کرنے کیلئے آپکے لئے زندگی میں 10 سال (یا 40 سہ ماہیاں) ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں کام کرنا ضروری ہے. طبی نگہداشت کے بارے میں مزید معلومات اور اس پر امریکی حکومت کے طبی نگہداشت کے سرکاری کتابچے "*Medicare & You*" ڈاون لوڈ کرنے کیلئے ملاحظہ فرمائیں: **www.medicare.gov**. معلومات ہسپانوی میں بھی دستیاب ہے.

**طبی امداد:** طبی امداد کم آمدنی والے باشندوں کے لئے وفاق اور ریاست کا ایک مشترکہ پروگرام ہے. ہر ریاست کے اپنے طبی امدادی رہنما اصول ہیں. طبی امداد بعض طبی خدمات جیسے ڈاکٹر سے ملنا، تجویزکردہ ادویات اور ہسپتال میں داخلے کی ادائیگی کرتی ہے. وہ مستقل رہائشی جو 22 اگست، 1996 سے پہلے امریکہ میں داخل ہوئے، بعض شرائط پوری کرنے پر طبی امداد وصول کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں. ذیادہ تر مستقل رہائشی جو 22 اگست، 1996 کو یا اس کے بعد امریکہ میں داخل ہوئے، اگر پانچ سال یا ذیادہ عرصے سے امریکہ میں رہے ہوں، بعض شرائط پوری کرنے پر طبی امداد حاصل کر سکتے ہیں۔ اپنی

ریاست میں طبی امدادی خدمات کے بارے میں مزید معلومات کے لئے ملاحظہ فرمائیں:
**www.medicaid.gov**.



**بچوں کا بیمۂ صحت پروگرام (CHIP):** آپ کے بچے کچھ شرائط پوری کرنے پر ریاستی CHIP کے ذریعے مفت یا کفایتی قیمت پر صحت کی نگہداشت حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپکی آمدنی اتنی ذیادہ ہے کہ آپ طبی امداد کے اہل نہیں ہیں تو کچھ ریاستوں میں نونہالوں، بچوں اور نوجوانوں کیلئے بیمۂ صحت پروگرام بھی ہوتے ہیں۔ یہ انشورنس ڈاکٹر کو دکھانے، تجویز کردہ ادویات، ہسپتال کی دیکھ بھال اور صحت کی دیگر خدمات کی ادائیگی کرتی ہے. زیادہ تر ریاستوں میں بیمۂ صحت نہ رکھنے والے 18 سال یا کم عمر کے بچے اور وہ جنکے خاندان آمدنی کی مخصوص شرائط پوری کرتے ہیں، اہل ہوتے ہیں۔ بچے اپنے والدین کی امیگریشن حیثیت متاثر کئے بغیر مفت یا کفایتی لاگت والی صحت کی نگہداشت حاصل کر سکتے ہیں .

### طبی امداد اور CHIP کے بارے میں مزید معلومات

ہر ریاست کے طبی امداد اور CHIP قواعد ہیں اسلئے اپنی ریاست میں پروگرام کے بارے میں جاننا اہم ہے. معلومات کے لئے 1-877-543-7669 پر کال کریں یا **www.insurekidsnow.gov** ملاحظہ فرمائیں.

# دیگر وفاقی فوائدکے پروگرام

آپ یا آپکے افرادِ خانہ دوسرے وفاقی فوائد کے اہل ہو سکتے ہیں اور یہ اہلیت آپکی امیگریشن حیثیت، امریکہ میں قیام کی مدت اور آمدنی کی سطح پر منحصر ہوتی ہے۔ اپنے لئے دستیاب خدمات کے بارے میں جاننے کیلئے ملاحظہ فرمائیں: **www.benefits.gov**.

## ضمنی غذائی امداد پروگرام (SNAP)

بعض امیگرینٹس، بشمول اطفال، ضمنی غذائی امداد پروگرام (SNAP) کے اہل ہو سکتے ہیں. SNAP آپکو کریانہ سٹوروں سے کھانا خریدنے میں مدد کے لئے فنڈ فراہم کرتا ہے۔ کچھ ریاستوں میں ریاستی فنڈ سے قائم غذائ امداد کے پروگرام ہوتے ہیں جن کے امیگرینٹس کی اہلیت کیلئے مختلف قواعد ہوتے ہیں اور جو ہر ریاست میں مختلف ہو سکتے ہیں۔ SNAP اور اہلیت کے بارے میں معلومات کے لئے ملاحظہ فرمائیں: **www.fns.usda.gov/snap**
SNAP . کے بارے میں معلومات اس ویب سائٹ پر 36 مختلف زبانوں میں دستیاب ہے:
**www.fns.usda.gov/documents-available-other-languages**.

## گھریلو تشدد سے بچ جانے والوں کے لئے خدمات

گھریلو تشدد کا شکار ہونے والے امیگرینٹس اور انکے بچے وفاقی فوائد اور خدمات جیسے دارالامان میں رہائش یا SNAP کے اہل ہو سکتے ہیں۔ ان خدمات کے بارے میں مزید معلومات کے لئے ملاحظہ فرمائیں: **www.womenshealth.gov/violence-against-women**.

## ضرورتمند کنبوں کے لئے عارضی تعاون (TANF)

ضرورتمند کنبوں کے لئے عارضی تعاون ایک وفاقی پروگرام ہے جو کم آمدنی والے اہل خاندانوں کو مدد اور روزگار کے مواقع فراہم کرتا ہے۔ ریاستوں کے پروگرام مختلف ہوتے ہیں اور بعض ریاستوں میں انکے اپنے فنڈ سے قائم کئے گئے پروگرام ہوتے ہیں۔ مزید معلومات اور اہلیت کی ضروریات کے لئے ملاحظہ فرمائیں: **www.acf.hhs.gov/programs/ofa/programs/tanf**.

## معذور تارکینِ وطن کے لئے مدد

معذوری کے حامل امیگرینٹس طبی امداد، SNAP اور سپلیمینٹل سیکورٹی انکم کے اہل ہو سکتے ہیں. سپلیمینٹل سیکورٹی انکم کے بارے میں مذید معلومات کے لئے ملاحظہ فرمائیں: **www.socialsecurity.gov/ssi**.

## ون سٹاپ کیرئیر کے مراکز

وفاقی حکومت کیرئیر کے ان مراکز کی مالی مدد کرتی ہے جو تربیت کے حوالہ جات، کیرئیر سے متعلق مشاورت، روزگار فراہمی اور دیگر ملازمت سے متعلقہ خدمات پیش کرتے ہیں۔ ان مراکز میں سے کچھ امیگرینٹس کیلئے ESL کلاسیں اور ماہرانہ نوکری کی تربیت بھی پیش کرتے ہیں۔

کیرئیر کے قریبی ون سٹاپ مرکز کی تلاش کے لئے ملاحظہ فرمائیں:**www.careeronestop.org** یا **www.doleta.gov**




EMT-P-CC-FTO

# اپنے گھر اور کنبہ کو محفوظ رکھنا

ہنگامی حالات وہ غیر متوقع واقعات ہوتے ہیں جو لوگوں اور اثاثوں کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ ہنگامی حالات کسی بھی وقت کسی کو بھی درپیش ہو سکتے ہیں. یہ سیکشن آپ کو بتاتا ہے کہ آپ ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لئے کیسے تیاری کر سکتے ہیں اورجب وہ آپڑیں تو ان کے لئے مدد کیسے حاصل کر سکتے ہیں۔

# تیار رہیں

ہنگامی حالات درپیش ہونے سے پہلے انکے لئے تیاری کریں۔ ہنگامی صورت حال کے لئے تیاری کے سلسلے میں معلومات کے لئے **www.ready.gov** ملاحظہ فرمائیں۔ یہ جامع ویب سائٹ اپنے گھر اور خاندان کو ہنگامی حالات کے دوران محفوظ رکھنے کی تیاری کے بارے میں بتاتی ہے۔

یہاں کچھ چیزیں دی گئ ہیں جو آپ تیاری کیلئے کر سکتے ہیں:

- یقینی بنائیں کہ دروازوں میں اچھی قسم کے تالے ہیں اور انہیں ہر وقت بند رکھیں۔ اجنبیوں کو اپنے گھر کی چابیاں نہ دیں. اگر کوئ اجنبی آپکے دروازے پر دستک دے تو کھولنے سے پہلے پوچھیں کہ وہ کون ہے اور کیا چاہتا ہے۔
- اگرآپ کے گھر یا اپارٹمنٹ میں دھواں ہو جائے تو دھوئیں کے الارم زور سے شور مچاتے ہیں۔ یقینی بنائیں کہ آپ کے بیڈروم کے قریب چھت پر اور گھر کی ہر منزل پر دھوئیں کے االارم لگے ہیں۔ یہ یقینی بنانے کے لئے کہ الارم ٹھیک ہیں، انہیں ہر ماہ چیک کریں۔ سال میں کم از کم ایک بار اپنے دھوئیں کے االارم کی بیٹریاں تبدیل کریں۔
- جان لیں کہ قریبی ہسپتال، پولیس اور فائر سٹیشن کہاں واقع ہیں۔ تمام ضروری فون نمبر اپنے ٹیلیفون کے قریب ایسی جگہ رکھیں جہاں آپ کسی ہنگامی صورتحال میں ان کو بآسانی ڈھونڈ سکیں۔
- جان لیں کہ گیس، بجلی اور پانی کے مین والو آپ کے گھر میں کہاں لگے ہیں۔ یقین کرلیں کہ آپ ہاتھ سے ان کو بند کرنا جانتے ہیں۔ اگر آپ کو انہیں تلاش کرنے کا طریقہ معلوم نہیں تو مالکِ مکان، مقامی یوٹیلٹی کمپنی یا پڑوسیوں سے پوچھیں۔
- آفت کیلئے اسباب تیار کریں جس میں ایک ٹارچ، سفری ریڈیو، اضافی بیٹریاں، کمبل، ابتدائی طبی امداد کی چیزیں اور کافی تعداد میں ڈبے یا پیک کھانے اور بوتل والا پانی شامل ہو، جو کم از کم تین دن تک چل سکے۔ یقینی بنائیں کہ ردی والے بیگ، ٹوائلیٹ پیپر اور پالتو جانوروں کی خوراک، اگر ضرورت ہو تو،شامل ہو۔ ان تمام اشیاء کو اکٹھا رکھیں تاکہ بآسانی مل سکیں۔



- اپنے خاندان کے ساتھ مشق کرلیں کہ آگ یا دیگر ہنگامی صورتحال میں گھر سے باہر کیسے نکلیں۔ یقینی بنائیں کہ آپ کے بچوں کو معلوم ہو کہ دھواں الارم کی آواز کیسی ہوتی ہے اور اسے سن کر کیا کرنا چاہئیے۔ اگر آپ اپنا گھر چھوڑنے پڑے تو اپنے خاندان سے ملنے کے لئے کسی جگہ کا انتخاب کریں۔ ملنے کیلئے ایک جگہ گھر کے باہر منتخب کریں اور دوسری پڑوس کے باہر، ایسی صورت کیلئے جب آپ گھر واپس نہ لوٹ سکیں۔ کسی دوسرے علاقے میں رہنے والے دوست یا خاندان کے کسی رکن کو منتخب کریں جس سے آپ کا خاندان کسی ہنگامی صورت حال میں آپکے جدا ہونے کی صورت میں فون کریں۔ یقینی بنا لیں کہ ہر فرد یہ جانتا ہے کہ اس شخص کو فون کرنا جانتا ہے اور اس کے پاس اس کا فون نمبر بھی موجود ہے۔

- ہنگامی منصوبوں کے بارے میں اپنے بچے کے سکول سے پوچھیں. یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کو معلوم ہو کہ ہنگامی صورتحال میں کیا کرنا ہے اور آپ اس سے کہاں مل سکتے ہیں۔ آپ کے بچے کو آپ کا فون نمبر اور پتہ معلوم ہونا چاہیئے.

## آپ کیا کرسکتے ہیں




اپنا آس پڑوس محفوظ رکھنے کیلئے پڑوسیوں کو جانئے۔ اپنے علاقے میں کسی ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کیلئے ان سے بات کریں. آپ کے پڑوس میں اگر کوئ معذور ہے تودیکھیں اگر انہیں ہنگامی صورتحال میں خصوصی مدد کی ضرورت ہو گی۔

بہت سے مضافاتی علاقوں میں پڑوس کی چوکیداری ہوتی ہے جو رہائشیوں کو سکھاتی ہے کہ اپنی حفاظت کیلئے پڑوس میں مشکوک حرکات پہچان کر انکی اطلاع کیسے دی جاسکتی ہے۔ اگر آپکے علاقے میں نیبرہڈ واچ موجود ہے توآپ اس میں رضاکارانہ حصہ لے سکتے ہیں. اگر آپ نیبرہڈ واچ شروع کرنا چاہتے ہیں تو مقامی محکمہ پولیس کو فون کریں۔ مزید معلومات کے لئے **www.nnw.org** ملاحظہ فرمائیں۔

دوسروں کے محفوظ رہنے میں مدد کرکے آپ اپنی کمیونٹی اور قوم کی مدد کر رہے ہوتے ہیں۔ آپ اپنی مقامی سیٹیزن کور کونسل کے ذریعے اپنی کمیونٹی میں فعال ہو سکتے ہیں. مزید معلومات کے لئے **www.citizencorps.gov** ملاحظہ فرمائیں۔

## ابتدائ طبی امداد

سیکھ لیں کہ بعض ہنگامی حالات جیسے کسی کے خون بہنے یا دم گھٹنے کی صورت میں مدد کیسے دی جا سکتی ہے۔ اسے فرسٹ ایڈ کہا جاتا ہے. آپ اپنے مقامی ریڈ کراس کے ذریعے فرسٹ ایڈ کی تربیت کی کلاس لے سکتے ہیں. اپنے علاقے میں کلاسوں کے بارے میں پوچھنے کے لئے اپنے مقامی ریڈ کراس کے دفتر یا قومی سلامتی کونسل سے رابطہ کریں. مزید معلومات کے لئے دیکھئے: **www.redcross.org** یا **www.nsc.org/learn/ Safety-Training/Pages/first-aid-training.aspx**

کام کی جگہ، گھر اور گاڑی میں فرسٹ ایڈ کٹ رکھیں۔ فرسٹ ایڈ کٹ میں ایسی اشیاء ہوتی ہیں جن کو آپ معمولی چوٹوں یا درد دور کرنے کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔ جیسے پٹیاں، جراثیم کش ادویات، فوری برف پیک اور دستانے. آپ اپنی مقامی دوا کی دکان سےافرسٹ ایڈ کٹ خرید سکتے ہیں.

## زہر کنٹرول

آپکے گھر میں بہت سی چیزیں کھانے پر زہریلی ہو سکتی ہیں. ان میں صفائی ستھرائی کی مصنوعات، ادویات، رنگ، شراب، سنگھار کا سامان اور یہاں تک کہ کچھ پودے بھی شامل ہوسکتے ہیں. چھوٹے بچوں سے ان چیزوں کو دور رکھیں.

زہریلا مادہ نگل جانے کی صورت میں 1222-222-800-1 پر فوری طور پر زہر کنٹرول سینٹر کو کال کریں. آپ دن کے 24 گھنٹے، ہفتے کے ساتوں دن مدد حاصل کر سکتے ہیں. کال کرتے وقت زہریلا مادہ اپنے پاس رکھیں تاکہ آپریٹر کو اس کی نوع بتا سکیں۔ اگر آپ انگریزی نہیں بولتے تو آپریٹر کو بتائیں تاکہ ایک مترجم آپکی مدد کر سکے. زہر کنٹرول سینٹر پر کالیں رازدارانہ اور مفت ہوتی ہیں.

# مطلع رہیں

ہوم لینڈ سیکورٹی (DHS) تسلیم کرتی ہے کہ قوم کا تحفظ ہر شخص کی ذمہ داری ہے اور اسے امریکہ میں دہشت گردی کے بڑھے ہوئے خطرات کے بارے میں سمجھ بوجھ ہونی چاہئیے۔ DHS کے پاس لوگوں کو دہشت گرد حملے یا کی سلامتی کے لئے کسی بھی دوسرے خطرے کو سمجھنے میں مدد کرنے کے لئے ایک نظام موجود ہے. یہ نظام نیشنل ٹیررازم ایڈوائزری سسٹم کہا جاتا ہے (NTAS).

جب قومی سلامتی کو خطرے کی مصدقہ اطلاعات ہوں تو NTAS انتباہات جاری کرتا ہے۔ ملک کی سلامتی کے لئے. انتباہات کی دو اقسام ہیں:

- **فوری خطرہ الرٹ:** یہ انتباہ امریکہ کے خلاف معتبر، مخصوص اور ناگزیر دہشت گردی کے خطرے کے بارے میں خبردار کرتا ہے۔
- **بلند خطرے کا انتباہ:** یہ انتباہ امریکہ کے خلاف معتبر دہشت گردی کے خطرے کے بارے میں مطلع کرتا ہے۔

مزید معلومات کے لئے **www.dhs.gov/alerts** ملاحظہ فرمائیں۔

اگر آپ موبائل پر تازہ ترین معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو **www.twitter.com/NTASAlerts** ملاحظہ فرمائیں۔

امریکی حکومت کسی ہنگامی صورتحال میں عوام کو معلومات فراہم کرنے کے لئے NTAS استعمال کر سکتی ہے. ہوم لینڈ سیکورٹی کا سیکرٹری اس نظام کو دہشت گرد حملہ کی صورت میں عوام کو فوری طور پر معلومات فراہم کرنے کے لئے استعمال کر سکتی ہیں. ریاستی اور مقامی حکومتیں بھی عوام کو ہنگامی معلومات فراہم کرنے کیلئے NTAS استعمال کر سکتی ہیں.



## نکتہ

دہشت گرد حملے، قدرتی آفت یا دیگر ہنگامی صورتحال میں مقامی حکام کی ہدایات غور سے سنیں۔ ہدایات کے لئے ریڈیو یا ٹیلی ویژن سنئے۔ بیٹری سے چلنے والا ٹیلی ویژن یا ریڈیو گھر میں موجود رکھیں اگر اپنے علاقے میں بجلی عارضی طور پر چلی جائے۔

### آپ کیا کرسکتے ہیں

DHS قوم کو ممکنہ خطرات کے بارے میں جاننے میں مدد دیتا ہے تاکہ رہائشی دہشت گرد حملے یا قدرتی آفت کے دوران رد عمل کے لئے تیار ہو سکیں۔ DHS آپ کو اپنے خاندان، اپنے گھر اور کمیونٹی کو محفوظ تر بنانے میں مدد دینے کے لئے معلومات فراہم کرتا ہے۔ 1-800-BE-READY پر کال کریں یا ملاحظہ فرمائیں: **www.ready.gov**.

کیا آپ تیار ہیں؟ *کے عنوان سے آپکو ایک گائیڈ مل سکتا ہے؟ "An In-Depth Guide to Citizen Preparedness" میں آپ کے خاندان،* گھر اور کمیونٹی محفوظ تربنانے کے لئے نکات موجود ہیں۔ آپ یہ گائیڈ فیڈرل ایمرجنسی مینجمنٹ ایجنسی کی اس ویب سائیٹ سے حاصل کر سکتے ہیں **www.ready.gov/are-you-ready-guide** آپ DHS کی ویب سائیٹ **www.ready.gov/publications** سے بھی یہ مواد حاصل کر سکتے ہیں۔

# ہنگامی حالت کا جواب دیں

## فون پر ہنگامی امداد

ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں، 911 وہ نمبر ہے جسے ملا کر آپ ہنگامی مدد حاصل کرنے کے کسی بھی ٹیلی فون سے کال کر سکتے ہیں۔ 911 صرف ہنگامی صورتحال میں استعمال کیا جانا چاہئے. اپنے خاندان کو بتائیں کہ 911 پر کال کرنا کب مناسب ہے اور کب مناسب نہیں ہے۔ مثالیں ذیل میں درج ہیں.




**911 پر کال کریں:**

- آگ کی رپورٹ؛
- رواں جرم کی رپورٹ؛
- ہنگامی طبی امداد کی درخواست کریں؛
- گیس لیک کی رپورٹ؛ اور
- مشکوک سرگرمیوں پر رپورٹ جیسے چیخیں، مدد کیلئے پکار یا گولیوں کی آواز۔

**911 پر کال نہ کریں:**

- ہدایات پوچھنے کے لئے؛
- عوامی خدمات کی معلومات کے لئے پوچھنا؛
- کسی کے جیل میں قید ہونے کے بارے میں پوچھنا؛
- ایسے حالات رپورٹ کرنا جو ہنگامی نہ ہوں ؛
- جانور کے کنٹرول کے بارے میں معلومات طلب کرنا یا
- پولیس افسر سے بات کرنا۔

صرف سنجیدہ، زندگی کے لئے خطرناک ہنگامی حالات کے لئے911 پر کال کریں. غلط وجہ سے 911 پر کال کسی ضرورتمند کو مدد سے روک سکتا ہے۔ اگرآپ کا پولیس کے لئے کوئ سوال ہے تو اپنی فون بک میں درج محکمہ پولیس کے غیر ہنگامی نمبر پر کال کریں.

### میرے 911 پر کال کرنے سے کیا ہوتا ہے؟




- 911 پر کی جانیوالی کالز عام طور پر 12 سیکنڈ کے اندر اندر جواب دیا جاتا ہے. آپ کو ہولڈ پر رکھا جا سکتا ہے. آپریٹر کے جواب کے وقت فون پر کئی سیکنڈ تک خاموشی ہو جائے گی. فون منقطع نہ کریں. آپریٹر سے بات کرنے کے لئے انتظار کریں.
- اگر آپ انگریزی نہیں بولتے توآپریٹر کو بتائیں کہ آپ کونسی زبان بولتے ہیں ۔ کوئی مترجم لائن پر آنا چاہئے.
- 911 آپریٹر آپ سے پوچھے گا کہ ہنگامی صورت حال کیا اور کہاں ہے۔ پرسکون رہیں اور ان سوالوں کے جواب دیں. تمام سوالوں کے جواب دینے تک آپریٹر کے ساتھ فون پر رہنے کی کوشش کریں.

### ریاستہائے متحدہ امریکہ میں قانون کا نفاذ

ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں عوام کی حفاظت کیلئے وفاقی، ریاستی اور مقامی قانون نافذ کرنے والی ایجنسیاں ہیں۔ آپکی کمیونٹی میں، قانون نافذ کرنے والے افسران پولیس یا شیرف ہوتے ہیں. آپ قریبی تھانے کا فون نمبر معلوم کرکے اسے اپنے ٹیلی فون کے پاس رکھیں۔ یاد رکھیں کہ پولیس افسران آپ اور آپکے خاندان کو نقصان سے بچانے کے لئے موجود ہیں. اگر آپ کسی جرم کا شکار بنے ہیں تو اسکی رپورٹ کرنے سے نہ کترائیں۔ کچھ جرائم پیشہ افراد امیگرینٹس سے یہ سوچ کر فائدہ اٹھاتے ہیں کہ آپ جرم کی رپورٹ نہیں کریں گے۔ اگرآپ کو ایک پولیس افسر روکتا ہے تو:

- ڈریں مت۔
- شائستہ اور معاون رہیں۔
- اگر آپ انگریزی نہیں بولتے تو افسر کو بتائیں۔
- اگر آپ کار میں ہیں تو افسر کے بتانے تک اس سے باہر نہ نکلیں۔
- اپنے ہاتھ وہاں رکھیں جہاں افسر انہیں دیکھ سکے۔ کار کے مختلف حصوں یا جیبوں تک پہنچنے کی کوشش نہ کریں۔

## قدرتی آفت میں معاونت



قدرتی آفات کسی بھی وقت اور کہیں بھی آ سکتی ہیں۔ قدرتی آفات کئ شکلوں میں ہو سکتی ہیں مثلاً آندھی، طوفان، سیلاب یا زلزلے۔ قدرتی آفت کا شکار ہونے پر مدد اور وسیلے کے حصول کیلئے **www.disasterassistance.gov** یا 1-800-621-FEMA (3362) یا 1-800-462-7585 (کمزور سماعت والے افراد حضرات کیلئے) پر کال کریں۔

## اگر آپ کچھ دیکھیں تو Say Something سے رجوع کریں

وفاقی اور ریاستی حکام دہشت گردی کا مقابلہ کرنے میں مدد دینے کے لئے ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں مقیم تمام افراد سے درخواست کرتے ہیں۔ اپنے اردگرد کے بارے میں بالخصوص پبلک بسوں، ٹرینوں اور ہوائی جہاز میں سفر کے دوران آگاہ رہیں۔ اگر آپ پیچھے رہ جانے والی کوئ مشکوک شے جیسے بریف کیس، بیگ یا کاغذ کا بیگ دیکھتے ہیں تو قریب ترین پولیس یا دوسرے افسر کو فوری مطلع کریں۔ اس چیز کو خود کھولنے یا ہٹانے سے گریز کریں۔ مزید معلومات کے لئے **www.dhs.gov** ملاحظہ فرمائیں۔



# ریاستہائے متحدہ امریکہ کے بارے میں سیکھنا

امریکہ ایک نمائندہ جمہوریت ہے جس میں شہری ملک پرحکومت کرنے میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں. اس سیکشن میں آپ جانیں گے کہ شہری ریاستہائے متحدہ امریکہ کی کیسے تشکیل کرتے ہیں، امریکہ کیسے بنا اور بڑا ہوا نیز ہماری حکومت کس طرح کام کرتی ہے۔

# ہم لوگ: ریاستہائے متحدہ امریکہ میں شہری کا کردار

ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں حکومت اپنی حکومت کرنے کی طاقت لوگوں سے حاصل کرتی ہے۔ ہماری عوام کی حکومت ہے، عوام کے ذریعے اور عوام کیلئے ہے۔ ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے شہری اس کی حکومت اور پالیسیاں تشکیل دیتے ہیں، اسلئے ان کا اہم عوامی مسائل کے بارے میں جاننا اور اپنی کمیونٹیز میں فعال ہونا ضروری ہے. امریکی شہری اہم سرکاری عہدیداران جیسے صدر، نائب صدر، اراکین ایوان بالا اور نمائندے منتخب کرنے کے لئے آزاد انتخابات میں ووٹ ڈالتے ہیں۔ رہائشی رائے کے اظہار، معلومات کے حصول یا مخصوص مسائل میں مدد کے لئے ان کے منتخب حکام کو کال کر سکتے ہیں.

ہماری حکومت کئی اہم اقدار جیسے آزادی، مو ا قع، مساوات اور انصاف پر مبنی ہے۔ امریکی ان اقدار کا اشتراک کرتے ہیں جو ہمیں ایک مشترک شہری شناخت دیتی ہیں۔

ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں حکومت ہر شخص کے حقوق کا تحفظ کرتی ہے۔ امریکہ مختلف پس منظر، ثقافتوں اور مذاہب کے لوگوں سے بنا ہے. ہماری حکومت اور قوانین اسطرح ترتیب دئے گئے ہیں کہ مختلف پس منظر اور عقائد کے حامل شہریوں کو برابر حقوق حاصل ہوں۔ دوسرے لوگوں سے مختلف رائے یا عقیدہ رکھنے پر کسی کو بھی سزا یا نقصان نہیں دیا جا سکتا۔

### لوگوں کی، لوگوں کے ذریعے اور لوگوں کے لئے: جمہوریت کیا ہے؟

لفظ "جمہوریت" کا مطلب ہے "لوگوں کے ذریعے حکومت ". جمہوریت مختلف ممالک میں مختلف شکلوں میں ہو سکتی ہے. ریاستہائے متحدہ امریکہ میں، ہماری جمہوریت کو نمائندہ جمہوریت کہا جاتا ہے. اس کا مطلب یہ ہے کہ عوام حکومت میں ان کے خیالات اور خدشات کی نمائندگی کے لئے حکام کو منتخب کرتے ہیں۔

# .ریاستہائے متحدہ امریکہ کس طرح شروع ہوئیں




ریاستہائے متحدہ امریکہ میں آنے والے ابتدائی آباد کاروں اور تارکینِ وطن میں اکثر وہ لوگ شامل تھے جو اپنے ممالک میں غیر منصفانہ سلوک خاص طور پر مذہبی ظلم و ستم سے فرار ہوئے تھے. وہ آزادی اور نئے مواقع تلاش کر رہے تھے. آج بھی بہت سے لوگ ان ہی وجوہات کی بنا پر امریکہ آتے ہیں.

ایک علٰیحدہ اور آزاد قوم بننے سے پہلےامریکہ 13 کالونیوں پر مشتمل تھا جنکی باگ ڈور برطانیہ کے ہاتھ میں تھی۔ نو آبادیوں میں رہنے والے لوگوں کو قوانین کی منظوری یا طرز حکومت میں کچھ کہنے کا حق نہیں تھا۔ وہ نمائندگی کے بغیر ٹیکس پر بطور خاص اعتراض کرتے تھے. اس کا مطلب ہے کہ لوگ ٹیکس ادا کرتے لیکن انہیں طرز حکومت میں کچھ بھی کہنے کا حق نہیں تھا۔


1776 تک بہت سے لوگ اس پالیسی کو غیر منصفانہ سمجھنے لگے اور انہیں یہ احساس ہوا کہ انہیں خود حکومت کرنے کا اختیار ہونا چاہئے. کالونیوں کے نمائندوں نے اعلامیۂ آزادی جاری کیا. اس اہم دستاویز نے اعلان کیا کہ کالونیاں آزاد ہیں اور ان پر برطانیہ کی حکومت نہیں رہی۔ اعلامیۂ آزادی تھامس جیفرسن نے لکھا تھا. بعد میں وہ امریکہ کے تیسرے صدر بنے.

اعلامیۂ آزادی 4 جولائی 1776 کو منظور کیا گیا. امریکی ہر سال 4 جولائی کو یوم آزادی کے طور پر مناتے ہیں کیونکہ یہ ہماری قومی سالگرہ ہے۔

انقلابی جنگ میں برطانیہ سے آزادی کے لئے امریکہ کو لڑنا پڑا. جنرل جارج واشنگٹن نے امریکی انقلاب میں براعظمی فوج کی قیادت کی. وہ "ہمارے ملک کے باپ" کے طور پر جانے جاتے ہیں۔ بعد میں وہ امریکہ کے پہلے صدر بنے.

جنگ جیتنے کے بعد کالونیاں ریاستیں بن گئیں. ہر ریاست کی اپنی حکومت تھی.لوگ ان ریاستوں کو ایک قوم میں یکجا کرکے نیا طرز حکومت بنانا چاہتے تھے۔آج، اس مرکزی حکومت، ہماری قومی حکومت کو وفاقی حکومت کہا جاتا ہے. امریکہ اب 50 ریاستوں؛ ضلع کولمبیا (ایک مخصوص علاقہ جو وفاقی حکومت کا گھر ہے)؛ گوام، امریکی ساموا اور امریکی علاقوں ورجن آئی لینڈ؛ ناردرن ماریانا آئی لینڈز اور پورٹو ریکو کی دولت مشترکہ پر مشتمل ہے

## امریکہ اور اصل تیرہ کالونیاں



تیرہ کالونیاں درج ذیل ترتیب سے قائم کی گئ تھیں: ورجینیا، میسا چوسٹس، میری لینڈ، کنیکٹیکٹ، رہوڈ آئی لینڈ، ڈیلاویئر، نیو ہیمپشائر، شمالی کیرولائنا، جنوبی کیرولائنا، نیو جرسی، نیویارک، پنسلوانیا اور جارجیا.

### "تمام انسان برابر پیدا کئے گئے"

بہت سے امریکیوں نے یہ الفاظ اعلامیۂ آزادی سے زبانی یاد کر رکھے ہیں:


"ہم اس حقیقت پر یقین رکھتے ہیں کہ تمام انسانوں کو برابر پیدا کیا گیا ہے، انہیں انکے خالق کی طرف سے کچھ ناقابل تنسیخ حقوق حاصل ہیں جن میں زندگی، آزادی اور خوشیوں کا حصول شامل ہے"

اس کا مطلب یہ ہے کہ تمام لوگ ایک جیسے بنیادی حقوق کے ساتھ پیدا ہوئے ہیں۔ حکومت نہ ہی یہ حقوق بنا سکتی ہے اور نہ ہی چھین سکتی ہے۔

# "زیادہ کامل یونین" تیار کرنا

امریکی انقلاب کے بعد ریاستیں کئی سال تک مرکزی حکومت میں ایک دوسرے کے ساتھ شامل ہونے کے لئے مختلف طریقوں سے کوشش کرتی رہیں لیکن یہ حکومت بہت کمزور تھی. 1787 میں ہر ریاست کے نمائندے ایک نئی، مضبوط مرکزی حکومت تیار کرنے کے لئے.فلاڈیلفیا، پینسلوانیا میں جمع ہوئے۔ اس اجلاس کو آئینی کنونشن کہا گیا. خاصی بحث کے بعد، ریاستوں کے رہنماؤں نے نئی حکومت کا ایک مسودہ تیار کیا. اس دستاویز کو امریکہ کا دستور کہا گیا. آئین نے بیان کیا کہ نئی حکومت کیسے چلائ جائیگی، حکام کو کیسے منتخب کیا جائے گا اور نئی مرکزی حکومت شہریوں کو کن حقوق کی ضمانت دے گی۔ آج، یہ آئین امریکی تاریخ کی اہم ترین دستاویزات میں سے ایک ہے.

### ریاست ہائے متحدہ امریکہ کا پرچم



ریاست ہائے متحدہ امریکہ کا پرچم وقت کے ساتھ بدلتا رہا ہے۔ 13 امریکی کالونیاں ظاہر کرنے کیلئے اب یہ 13 دھاریوں پر مشتمل ہے. اس میں 50 ستارے ہیں جن میں سے ہر ایک ریاست کو ظاہر کرتا ہے۔ "The Star-Spangled Banner" نامی امریکی قومی ترانہ پرچم کے بارے میں لکھا گیا تھا. پرچم کو "Stars and Stripes" یا "Old Glory" بھی کہا جاتا ہے۔



آئینی کنونشن کے ارکان نے 17 ستمبر 1787 کو آئین پر دستخط کئے جس کے بعد تمام 13 ریاستوں نے اسے منظور کرنا تھا. کچھ لوگوں کا خیال تھا کہ آئین افراد کے حقوق کی حفاظت کے لئے ناکافی تھا. ریاستوں نے اس صورت میں آئین کو منظور کرنے پر اتفاق کیا کہ اس میں انفرادی حقوق کی ایک فہرست شامل کی جائے. ریاستوں نے 1788 میں آئین کی منظوری دی جو 1789 میں نافذ العمل ہوا. آئین میں تبدیلیاں ترامیم کہلاتی ہیں. پہلی 10 ترامیم آئین میں 1791 میں شامل کی گئیں. یہ 10 ترامیم انفرادی حقوق کے بارے میں ہیں۔ انہیں حقوق کا بل کہا جاتا ہے.

ریاست ہائے متحدہ امریکہ قوانین کے ذریعے کنٹرول کردہ قوم ہے. سرکاری حکام ان قوانین کی بنیاد پر فیصلے کرتے ہیں. آئین کو سرزمین کا اعلٰی ترین قانون کہا جاتا ہے کیونکہ تمام سرکاری حکام سمیت ہر شہری اور نئے قانون کے لئے اس کے اصولوں کو بالادست رکھنا ضروری ہے۔ قوانین سب کے لئے یکساں طور پر لاگو ہوتے ہیں. وفاقی حکومت کی طاقت محدود ہے. آئین کی رو سے وفاقی حکومت کو براہ راست نہ دی گئ طاقتیں ریاستوں کے پاس ہیں۔

## ہم لوگ "We the People"

"We the People" ریاستہائے متحدہ امریکہ کے آئین کے پہلے تین الفاظ ہیں. آئین اس تشریح سے شروع ہوتا ہے کہ یہ کیوں اور کس مقصد کے تحت لکھا گیا تھا۔ اس حصے کو دیباچہ بھی کہا جاتا ہے. آئین کے دیباچہ میں لکھا ہے:

"ہم امریکہ کے لوگ، ایک کامل یونین کی تشکیل، انصاف کے قیام، گھریلو سکون، عمومی دفاع کے فروغ، عام خوشحالی کے فروغ اور اپنے اور اپنی اولاد پر آزادی کی نعمتوں کے تحفظ کیلئے ریاستہائے متحدہ امریکہ میں یہ آئین نافذ کرتے ہیں۔"

## حقوق کا بل: پہلی 10 ترامیم

آئین کی پہلی تبدیلیاں شہریوں کی حفاظت اور حکومتی طاقت محدود کرنے کے لئے کی گئ تھیں۔ حقوق کے بل میں ان اہم انفرادی آزادیوں کی فہرست ہے جن کا امریکی عوام سے وعدہ کیا گیا ہے۔ ان حقوق میں سے کچھ یہ ہیں:




- **اظہارِ خیال کی آزادی:** آپ اپنی بساط کے مطابق درست سوچنے اور بولنے میں آزاد ہیں۔
- **مذہبی آزادی:** آپ کسی بھی مذہب پر عمل کرنے یا نہ کرنے کے لئے آزاد ہیں۔
- **پریس کی آزادی:** حکومت یہ فیصلہ نہیں کر سکتی کہ کیا چھاپا جارہا یا ذرائع ابلاغ میں دیا جا رہا ہے۔
- **اکٹھے ہونے کی آزادی یا عوامی مقامات پر جمع ہونا:** آپ پرامن انداز سے دوسرے لوگوں کے ساتھ ملنے میں آزاد ہیں۔
- **حکومتی اقدامات پر احتجاج اور تبدیلی کے مطالبے کی آزادی:** آپ ان حکومتی اقدامات کو جن پر آپ متفق نہیں، چیلنج کرنے میں آزاد ہیں۔

بالعموم ، حقوق کا بل اسلحہ رکھنے کے آپکے حق کی حفاظت کرتا ہے. حقوق کا بل عملدرامد کی ضمانت بھی دیتا ہے. عملدرامد مخصوص قانونی طریقہ کار کا ایک سیٹ ہے جسکی پیروی آپ پر کسی جرم کا الزام عائد ہونے کی صورت میں لازماً ہونی چاہئیے۔ پولیس افسران اور سپاہی کسی درست وجہ کے بغیر آپ کو روک نہیں سکتے اور آپکی تلاشی نہیں لے سکتے۔ نیز وہ عدالت کی اجازت کے بغیر آپ کے گھر کی تلاشی نہیں کر سکتے. اگر آپ پر کسی جرم کا الزام عائد کیا جائے تو آپ کو ضمانت دی جاتی ہے کہ مقدمہ کی کاروائ تیز ہوگی اور جیوری میں آپ جیسے ہی لوگ ہونگے۔ آپ کو قانونی نمائندگی کی ضمانت دی گئ ہے اور آپ گواہوں کو اپنے حق میں بولنے کیلئے بلا سکتے ہیں۔ آپ ظالمانہ اور غیر معمولی سزا سے بھی محفوظ ہیں.

### آئین میں تبدیلی

امریکی آئین کو زندہ دستاویز کہا جاتا ہے کیونکہ امریکی عوام، اپنے ریاستی اور قومی نمائندوں کے ذریعے اسے تبدیل کر سکتے ہیں۔ ان تبدیلیوں کو ترامیم کہتے ہیں. آئین میں ترمیم کرنا ایک طویل اور مشکل عمل ہے۔ اس میں صرف 27 بار ترامیم کی گئی ہیں. حقوق کے بل کے علاوہ، کچھ اہم ترامیم یہ ہیں: تیرھویں جو غلامی سے منع کرتی ہے، چودھویں جس کے تحت تمام شہریوں کو قانوناً برابرکا تحفظ حاصل ہے، انیسویں جسکے تحت عورتوں کو ووٹ کا حق حاصل ہے۔

# وفاقی حکومت کیسے کام کرتی ہے

اصل 13 کالونیاں برطانوی بادشاہ کے ذیر اطاعت ره رہی تھیں۔ انکی نئی مرکزی حکومت میں، امریکی ایک سرکاری اہلکار یا ایک دفتر میں طاقت کے ارتکاز کو روکنا چاہتے تھے۔ طاقت کے توازن کیلئے آئین نے وفاقی حکومت کے لئے تین شاخیں بنائیں۔ ان تین شاخوں کی الگ الگ ذمہ داریاں ہیں. ہم اسے چیک اینڈ بیلنس کا نظام کہتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ حکومت کی کوئی ایک شاخ باقی دو کے توازن کی وجہ سے ذیادہ طاقتور نہ ہو سکے۔

## وفاقی حکومت

وفاقی حکومت کی تین شاخیں یہ ہیں:



**قانون ساز شعبہ:**
امریکی کانگریس اور متعلقہ دفاتر



**انتظامی شعبہ:**
صدر، نائب صدر اور وفاقی حکومت کے محکمے



**عدالتی برانچ**
امریکی سپریم کورٹ اور ملک بھر میں وفاقی عدالتیں

# قانون ساز شعبہ: کانگریس

امریکی شہری آزاد انتخابات میں ان لوگوں کو منتخب کرنے کیلئے ووٹ ڈالتے ہیں جو انکی امریکی کانگریس میں نمائندگی کریں۔ ہماری قوم کے لئے قوانین بنانے کی ذمہ داری کانگریس پر ہے. کانگریس ایوان نمائندگان اور ایوانِ بالا سے بنی ہے.

## امریکی ایوانِ نمائندگان

ہر ریاست کے لوگ ایوان نمائندگان کے ارکان منتخب کرنے کے لئے ووٹ دیتے ہیں۔ ایوان نمائندگان 435 ووٹنگ ارکان پر مشتمل ہے جسے اکثر "ہاؤس" کہا جاتا ہے۔ ہر ریاست کے نمائندوں کی تعداد اس پر منحصر ہوتی ہے کہ کسی ریاست میں کتنے لوگ رہتے ہیں۔ ریاستیں اضلاع میں تقسیم کی گئ ہیں۔ ہر ضلع میں رہنے والے لوگ ایوان میں ان کے ضلع کی نمائندگی کے لئے کسی کو ووٹ دیتے ہیں۔ ہر نمائندہ دو سال کے لئے خدمات انجام دیتا ہے اور پھر لوگوں کے پاس ایک اور موقع آ جاتا ہے کہ وہ اپنے نمائندے کو دفتر میں رکھیں یا کسی اور شخص کو ان کی نمائندگی کرنے کے لئے ووٹ دیں۔ نمائندگان کانگریس میں لامحدود مدت کے لئے خدمات انجام دے سکتے ہیں.



ایوان میں پانچ اضافی مندوبین ہیں؛ جو ڈسٹرکٹ کولمبیا اور ماریانا آئی لینڈزکی دولت مشترکہ، گوام کا علاقہ، امریکی ساموا اور امریکی ورجن آئ لینڈز کے نمائندے ہوتے ہیں. پورٹو ریکو کی نمائندگی ایک ریذیڈنٹ کمشنر کرتا ہے.

ایوان نمائندگان قوانین بناتا ہے اور اسکی کچھ خاص ذمہ داریاں بھی ہوتی ہیں. صرف ایوان نمائندگان ہی:

- ٹیکس کے بارے میں قوانین تجویز کرتے ہیں.
- فیصلہ کرتا ہے کہ ملک کے خلاف کوئی جرم کرنے کے الزام میں ایک سرکاری عہدیدار پہ ایوان بالا میں مقدمہ چلایا جانا چاہئیے۔ اسے مواخذہ کہا جاتا ہے.

# امریکی ایوانِ بالا

سینیٹ میں 100 سینیٹرز ہوتے ہیں. ہر ریاست کے لوگ کانگریس میں ان کی نمائندگی کرنے کے دو سینیٹرز منتخب کرنے کے لئے ووٹ دیتے ہیں۔ سینیٹرز چھ سال کے لئے کام کرتے ہیں اور اس کے بعد لوگوں کے پاس دوبارہ موقع ہوتا ہے کہ ان سینیٹرز کو دوبارہ منتخب کریں یا نمائندگی کے لئے ایک مختلف شخص کے لئے ووٹ ڈالیں۔ سینیٹرز لامحدود مدت کے لئے کانگریس میں خدمات انجام دے سکتے ہیں. سینیٹرز قوانین بنانے ہیں لیکن ان کی خصوصی ذمہ داریاں بھی ہیں.

صرف سینیٹ ہی کر سکتا ہے:

- صدر کے دوسرے ممالک یا ان کی تنظیموں کے ساتھ کئے گئے کسی بھی معاہدے کے بارے میں ہاں یا نہیں کہہ سکتا ہے۔ ان معاہدوں کو "ٹریٹیز" کہتے ہیں.
- ان لوگوں کو منظور یا نامنظور کرتا ہے جن کو صدر اعلٰی ملازمتوں کیلئے منتخب کرتا ہے، جیسا کہ سپریم کورٹ کے جج یا وفاقی محکموں مثلاً تعلیم کا شعبہ یا صحت و انسانی خدمات کا شعبہ۔
- ایک سرکاری عہدیدار پر جس کا ایوان نمائندگان کی طرف سے مواخذہ کیا گیا ہو، مقدمہ چلاتا ہے۔

## سرکاری افسران لوگوں کی خدمت کرتے ہیں

ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں ہر کوئ اپنے منتخب نمائندے اور سینیٹرز سے رابطہ کر سکتا ہے.
اپنے نمائندے یا سینیٹر کی شناخت کے لئے **www.house.gov** یا **www.senate.gov** ملاحظہ فرمائیں۔ آپ 202-224-3121 پر کال کرسکتے اور اپنے نمائندے یا سینیٹرز کے دفاتر کا پوچھ سکتے ہیں. یہ مفت کال نہیں ہے۔ اگر آپ سوال پوچھنا چاہیں یا قانون سازی اور وفاقی حکومت کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار کرنا چاہیں یا آپ کو کوئ مسئلہ درپیش ہو جس کے لئے وفاقی فوائد کے ساتھ مدد درکار ہو تو اپنے نمائندے یا سینیٹر کو لکھ سکتے ہیں۔

**اپنے نمائندے کو لکھنے کے لئے:**

معزز (نمائندے کا پورا نام لکھیں)
امریکی ایوان نمائندگان
واشنگٹن، ڈی سی 20515

**سینیٹر کو خط لکھنے کیلئے:**

معزز (سینیٹر کا مکمل نام لکھیں)
امریکی سینٹ
واشنگٹن، ڈی سی 20510

ہاوس اور سینٹ کی موجودہ سرگرمیوں اور آپکے اپنے نمائندوں اور سینٹرز کی موجودہ سرگرمیوں، انکے ویب سائٹ ایڈریس کے بارے میں جاننے کیلئے کانگریس کی ویب سائیٹ ملاحظہ فرمائیں۔

- ایوان نمائندگان کے لئے **www.house.gov** ملاحظہ فرمائیں۔
- سینیٹ کے لئے **www.senate.gov** ملاحظہ فرمائیں۔

### آپ کیا کرسکتے ہیں

اپنے نمائندے اور سینیٹرز کے بارے میں اور اس بارے میں کہ وہ کانگریس میں آپ کی نمائندگی کیلئے کیا کررہے ہیں، جانیں. آپ اپنے مقامی اخبار میں ان کے بارے میں کہانیاں اور انکی ویب سائٹس ملاحظہ کر سکتے ہیں. تمام سینیٹرز اور نمائندوں نے اپنے علاقوں میں مقامی دفاتر کھولے ہوتے ہیں۔ آپ فون بک میں یا انٹرنیٹ پر ان کا نام تلاش کرکے انہیں ڈھونڈ سکتے ہیں۔ اگر آپ واشنگٹن ڈی سی کا دورہ کریں تو کیپیٹل، جہاں کانگریس کام کرتی ہے، کا مفت دورہ کر سکتے ہیں۔

## انتظامی شعبہ: صدر

صدر ایگزیکٹو برانچ کا رہنما ہے اور ملکی قوانین نافذ کرنے اور برقرار رکھنے کا ذمہ دار ہے. صدر کی بہت سی دیگر ذمہ داریاں بھی ہوتی ہیں جیسے قومی پالیسیوں کی ترتیب، کانگریس کو قوانین کی تجویز اور اعلٰی سطحی حکام اور عدالت عظمٰی کے ارکان منتخب کرنا. صدر کو امریکی فوج کا رہنما اور چیف کمانڈر بھی کہا جاتا ہے.

لوگ صدر اور نائب صدر کے انتخابات میں ہر چار سال بعد ووٹ ڈالتے ہیں. صدر صرف دو چار سال کی مدتوں کے لئے اپنے عہدے پر خدمات انجام دے سکتا ہے. صدرکے مرنے، مستعفی ہونے یا کام کرنے کے قابل نہ ہونے کی صورت میں نائب صدر صدر بن جاتے ہیں.

آپ صدر کے بارے میں جاننے کیلئے وائٹ ہاؤس، صدر کے گھر اور دفترکی ویب سائٹ ملاحظہ کریں: **www.whitehouse.gov**.

## عدالتی شعبہ: عدالت عظمٰی

آئین کے تحت سپریم کورٹ، ریاستہائے متحدہ امریکہ کی سب سے بڑی عدالت بنائ گئ ہے۔ سپریم کورٹ میں نو جج ہوتے ہیں. انہیں جسٹس کہا جاتا ہے. صدر سپریم کورٹ کے ججوں کا انتخاب کرتے ہیں اور وہ اس وقت تک خدمات انجام دیتے ہیں، جب تک اس قابل ہوتے ہیں۔ آئین سے متصادم ہونے پر سپریم کورٹ ریاستی اور وفاقی قوانین دونوں کو منسوخ کر سکتی ہے۔ اسی طرح امریکہ میں دیگر وفاقی عدالتیں جیسے امریکی ضلعی عدالتیں اور سرکٹ اپیل کورٹس بھی ہیں۔

ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی سپریم کورٹ کے بارے میں مزید جاننے کے لئے ملاحظہ کریں: **www.supremecourt.gov**

# ریاستی اور مقامی حکومت

وفاقی حکومت کے ساتھ ساتھ ہر ریاست کا اپنا آئین اور حکومت ہوتی ہیں. ہر ریاستی حکومت کی بھی تین شاخیں ہیں: قانونی، انتظامی اور عدالتی.

ریاست کی ایگزیکٹو برانچ کے رہنما کو گورنر کہا جاتا ہے. انتخابات میں ہر ریاست کے لوگ ووٹ کے ذریعے گورنر اور ریاستی مقننہ کے نمائندے منتخب کرتے ہیں. مر ریاستی مقننہ قوانین بناتی ہے جو ریاست میں لاگو ہوتے ہیں. یہ قوانین امریکی آئین کے خلاف نہیں جا سکتے۔ ہر ریاست کی عدالتی برانچ اس کے قوانین برقرار رکھتی ہے.




ہر ریاست کی مقامی حکومتیں بھی ہیں. شہر یا کاؤنٹی کی حکومتیں یا کبھی کبھی دونوں موجود ہوتی ہیں. وہ آپکی مقامی کمیونٹی میں کئی خدمات انجام دیتے ہیں جیسے سرکاری سکول، لائبریریاں، پولیس اور آگ کے محکمے اور پانی، گیس اور بجلی کی خدمات. مقامی کمیونٹیز میں لوگ عام طور پر مقامی حکومت کے عہدیداروں کو ووٹ دیتے ہیں تاہم کچھ مقامی افسران مقرر کئے جاتے ہیں. مقامی حکومتیں مختلف اقسام کی ہوتی ہیں. کچھ کے رہنما میئر ہیں جبکہ دوسروں کی شہری یا کاؤنٹی کونسلیں ہیں. مقامی کمیونٹیز میں سکول بورڈز بھی ہوتے ہیں جو شہریوں کے ایسے گروپ ہیں جنہیں سرکاری سکولوں کی نگرانی کے لئے مقرر یا منتخب کیا جاتا ہے.

## آپ کیا کرسکتے ہیں

مقامی حکومت کے کئ اجلاس عوام کے لئے کھلے ہوتے ہیں اور رات کو منعقد کئے جاتے ہیں تاکہ ہر کوئ ان میں شرکت کر سکے۔ مثلاً اس بارے میں مزید جاننے کے لئے کہ کمیونٹی میں کیا چل رہا ہے، آپ شہری کونسل کے اجلاس یا سکول کی بورڈ میٹنگ میں جا سکتے ہیں. ملاقات کے اوقات اور جگہیں عام طور پر مقامی اخبارات یا مقامی حکومت کی ویب سائٹ پر درج ہوتی ہیں. مقامی حکومتوں کے کچھ اجلاس مقامی کیبل ٹی وی چینل پر نشر کئے جاتے ہیں.

# ریاستہائے متحدہ امریکہ کا تجربہ کریں

امریکہ کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کیلئے آپ ہمارے قومی پارکوں کا دورہ کر سکتے ہیں جن میں ہمارے ملک کے کچھ شاندارترین اور تاریخی مقامات شامل ہیں۔ آپ قومی پارکوں میں جاکر اپنے امریکہ کا تجربہ حاصل کر سکتے ہیں جیسے:



- یلوسٹون (Yellowstone) نیشنل پارک جس میں دنیا کے سب سے بڑے گیزروں بشمول Old Faithful کا مجموعہ ہے.
- انڈیپینڈنٹ نیشنل ہسٹوریکل پارک، ہوم ٹو انڈیپینڈنس ہال اور لبرٹی بیل.
- میمتھ کَیو نیشنل پارک دنیا کے سب سے طویل غاروں کے نظام پر مشتمل ہے۔
- ڈینالی نیشنل پارک اینڈ پریزرو میں شمالی امریکہ کی بلند ترین پہاڑی ماؤنٹ میکنلے شامل ہے۔

نیشنل پارک سسٹم میں 400 سے زائد قومی یادگاریں، میدان جنگ، تاریخی مقامات، ساحل اور دیگر شامل ہیں. قومی پارک، ہر ریاست، ڈسٹرکٹ کولمبیا اور پانچ امریکی علاقوں میں واقع ہیں.

ہمارے قومی پارکوں کے بارے میں مزید جاننے کے لئے نیشنل پارک سروس کی ویب سائٹ **www.nps.gov** ملاحظہ کریں۔


BANNER

# امریکی شہری بننا

امریکی شہری بننے سے مستقل رہائش اختیار کرنے والوں کو نئے حقوق اور مراعات مل جاتی ہیں. شہریت نئی ذمہ داریاں بھی ساتھ لاتی ہے. اس سیکشن امریکی شہریت پر غور کرنے کی وجوہات پر بحث اور آپ کو ایک شہری بننے کے لئے کیا کرنے کی ضرورتہے، بیان کیا گیا ہے.

# امریکی شہری کیوں بنیں؟

شہری بننے کے لئے آپ کے لئے رضامند ہونا ضروری ہے:

- امریکہ کے لئے اپنی وفاداری کا حلف لیں؛
- کسی بھی دوسرے ملک سے اپنی وابستگی چھوڑ دیں؛ اور
- امریکہ اور اس کے آئین کی حمایت اور دفاع کریں.

ایک شہری بننے پر آپ امریکی ہونے کی تمام ذمہ داریاں قبول کرتے ہیں. بدلے میں آپ کو کچھ حقوق اور مراعات حاصل ہوتی ہیں۔ مستقل رہائشیوں کو امریکی شہریوں کے ذیادہ تر حقوق حاصل ہوتے ہیں لیکن امریکی شہری بننے کے بارے میں سوچنے کیلئے کئی اہم وجوہات ہیں، مثلاً:



- **ووٹنگ:** صرف امریکی شہری وفاقی انتخابات میں ووٹ دے سکتے ہیں. زیادہ تر ریاستوں میں صرف امریکی شہریوں کو انتخابات میں ووٹ ڈالنے کی اجازت ہے.
- **جیوری میں خدمات:** صرف امریکی شہری وفاقی جیوری میں خدمات انجام دے سکتے ہیں. زیادہ تر ریاستوں میں صرف امریکی شہریوں کو ہی جیوری میں خدمات انجام دینے کی اجازت ہے. جیوری میں خدمات انجام دینا امریکی شہریوں کی ایک اہم ذمہ داری ہے.
- **امریکی پاسپورٹ کے ساتھ سفر:** امریکی پاسپورٹ امریکی شہریوں کو اس قابل بناتا ہے کہ بیرون ملک ضرورت پڑنے پر امریکی حکومت کی طرف سے امداد حاصل کرسکیں.
- **خاندان کے افراد امریکہ لانا:** بالعموم، اس ملک میں مستقل طور پر خاندان کے افراد کو لانے کی درخواست پر امریکی شہریوں کو ترجیح دی جاتی ہے۔
- **بیرون ملک پیدا ہونے والے بچوں کے لئے شہریت حاصل کرنا:** عام طور پر امریکی شہری کے بیرون ملک پیدا ہونے والے بچے خود بخود امریکی شہری ہو جاتے ہیں.



- **وفاقی ملازمتوں کا اہل بننا:** سرکاری ایجنسیوں کی بعض ملازمتوں کیلئے امریکی شہری ہونا ضروری ہوتا ہے۔
- **منتخب عہدیدار بننا:** صرف شہری ہی وفاقی اور ذیادہ تر ریاستی و مقامی دفاتر چلا سکتے ہیں۔
- **اپنی اقامت رکھنا:** ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں رہنے کے لئے ایک امریکی شہری کا حق چھینا نہیں جا سکتا۔
- **وفاقی گرانٹ اور وظیفے کا اہل بننا:** بہت سی مالی امداد کی گرانٹس بشمول کالج سکالرشپ اور مخصوص مقاصد کے لئے حکومت کی طرف سے دیئے گئے فنڈز صرف امریکی شہریوں کے لئے دستیاب ہیں۔
- **● حکومتی فوائد حاصل کرنا:** بعض سرکاری فوائد صرف امریکی شہریوں کے لئے دستیاب ہیں۔

## شہریت کی معلومات حاصل کرنا

18 سال یا اس سے بڑی عمر کے لوگ جو امریکی شہری بننا چاہتے ہیں، فارم M-476، شہریت کے لئے گائیڈ حاصل کریں۔ اس گائیڈ میں شہریت کی مطلوبات سے متعلق اہم معلومات ہیں۔ یہ ان فارموں کے بارے میں بھی بتاتا ہے جن کی آپ کو شہریت کا عمل شروع کرنے کے لئے ضرورت ہو گی۔

یہ دیکھنے کیلئے کہ آیا آپ امریکی شہریت کے لئے درخواست دینے کے اہل ہیں، **www.uscis.gov/citizenship** میں شہریت ریسورس سینٹر ملاحظہ کریں۔ شہریت کے لئے فارم N-400، شہریت کے لئے درخواست استعمال کریں۔ فارم N-400 داخل کرنے کیلئے فیس مقرر ہے۔ فارم N-400 یا کسی بھی USCIS فارم کے لئے فیس کی پڑتال کرنے کے لئے **www.uscis.gov/fees** ملاحظہ فرمائیے۔

فارم M-476 اور N-400 حاصل کرنے کے لئے USCIS 1-800-870-3676 فارم لائن پر کال کریں یا **www.uscis.gov** سے حاصل کریں۔

USCIS پالیسیوں اور شہریت کی اہلیت کیلئے درکار ضروریات کے بارے میں مذید معلومات کے لئے **www.uscis.gov/policymanual** پر USCIS پالیسی مینول ملاحظہ فرمائیے۔ پالیسی مینول USCIS کی امیگریشن پالیسیوں کے لئے مرکزی آن لائن ذخیرہ ہے۔

# نیچرلائزیشن (شہریت): امریکی شہری بننا

امریکی  شہری بننے کے عمل کو نیچرلائزیشن کہا جاتا ہے۔ عام طور پرجب آپ درج ذیل ضروریات پوری کرتے ہیں تو شہریت کے لئے درخواست دے سکتے ہیں:

## شہریت کے لئے ضروریات

۱. مسلسل رہائش: مخصوص وقت تک امریکہ میں بطور مستقل رہائشی رہے ہو ں.

۲. جسمانی موجودگی: یہ دکھائیں کہ آپ مخصوص مدت کے لئے ریاستہائے متحدہ امریکہ میں جسمانی طور پر موجود رہے ہیں.

۳. ریاست یا USCIS ڈسٹرکٹ میں مدت: یہ دکھائیں کہ ایک مخصوص مدت کے لئے آپ نے اپنی ریاست یا USCIS ڈسٹرکٹ میں رہے.

۴. اچھا اخلاقی کردار: یہ ظاہر کریں کہ آپ نے قانونی اور قابل قبول برتاوَ/ سلوک کیا.

۵. انگریزی اور سِوکس: بنیادی انگریزی جانتے ہوں اور امریکی تاریخ و حکومت کے بارے میں معلومات ہو.

۶. آئین سے وابستگی: امریکی آئین کے اصولوں کو سمجھنا اور قبول کرنا۔

آپ اس صورت میں بعض مستثنیات اور ترامیم کے اہل ہوسکتے ہیں جب:

- آپ ایک امریکی شہری ہوں؛
- آپ کوالیفائنگ کیٹگری میں بیرون ملک ملازم ہوں؛
- آپ نے شرطیہ کوالیفائنگ فوجی خدمات انجام دی ہوں ؛ یا
- آپ کسی امریکی شہری کے شریک حیات، بچہ یا والدین ہوں.

مزید معلومات کے لئے فارم M-476، شہریت کے لئے گائیڈ ملاحظہ فرمائیں:
**www.uscis.gov/natzguide** آپ یہ بھی ایک امیگریشن وکیل یا BIA کے مستند نمائندے سے مشورہ کرنے کا سوچ سکتے ہیں. ملاحظہ فرمائیں صفحہ 21 مزید معلومات کے لئے.

### 1. مسلسل رہائش

مسلسل رہائش کا مطلب ہے وقت کی ایک مقررہ مدت کے لئے بطور مستقل رہائشی آپ کا امریکہ میں رہنا ضروری ہے. زیادہ تر لوگوں کیلئے شہریت کاعمل شروع کرنے سے پہلے پانچ سال (یا امریکی شہری سے شادی کی صورت میں تین سال) مسلسل رہائش میں مستقل باشندے کی حیثیت سے رہنا ضروری ہے.

جس تاریخ سے آپ مستقل رہائشی بنے (بالعموم آپ کے مستقل رہائشی کارڈ پر درج تاریخ) سے آپکے پانچ سال شروع ہوتے ہیں۔ اگر آپ ایک طویل مدت کیلئے امریکہ چھوڑتے ہیں، عام طور پر چھ ماہ یا زائد کیلئے تو آپ کی مسلسل رہائش ختم ہو سکتی ہے۔

اگر آپ ایک سال یا زائد کے لئے امریکہ چھوڑتے ہیں تو دوبارہ داخلے کا پرمٹ ہونے کی صورت میں واپس لوٹ سکتے ہیں۔ امریکہ سے روانگی سے قبل آپ کو اس دوبارہ داخلہ پرمٹ کے لئے درخواست دینی چاہیے. اس پرمٹ کے لئے درخواست دینے سے متعلق معلومات کے لئے صفحہ 17 ملاحظہ فرمائیں. زیادہ تر معاملات میں، آپ کے جانے سے پہلے امریکہ میں گزارا ہوا وقت ملک میں مسلسل رہائش کی مد میں شمار نہیں ہوگا۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ کو امریکہ واپس آنے کے **بعد** دوبارہ مسلسل رہائش شروع کرنی پڑیگی اور آپ کو شہریت ک درخواست دینے سے پہلے چار سال اور ایک دن تک انتظار کرنا پڑسکتا ہے.

بایں ہمہ، اگر آپ کو روزگار کے سلسلے میں بہرصورت امریکہ چھوڑنا ہو تو فارم N-470، شہریت کے حصول کیلئے اقامت کے تحفظ کی درخواست دائر کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے تاکہ آپ شہریت کیلئے مستقل رہائشی حیثیت کا تحفظ کر سکیں۔

جان لیں کہ شہریت کی درخواست زیر التواء ہونے کے دوران امریکہ سے غیر حاضری آپ کی اہلیت کیلئے مسائل پیدا کر سکتی ہے خاص طور پر اگر آپ بیرون ملک روزگار قبول کرتے ہیں.

| بحیثیت مستقل رہائشی مسلسل رہائش برقرار رکھنا | | |
|---|---|---|
| اگر آپ ان وجوہات پر امریکہ چھوڑ دیں: | آپ کی رہائشی حیثیت یہ ہے: | اپنی حیثیت برقرار رکھنے کے لئے آپ پر لازم ہے کہ: |
| چھ ماہ سے سے زیادہ | ممکنہ طور پر ٹوٹنا | ثابت کریں کہ باہر ہونے کے دوران آپ رہائشی رہے، ملازمت کی اور/ یا امریکہ سے منسلک رہے (مثلاً ٹیکس ادا کئے). |
| ایک سال سے زیادہ | ٹوٹا ہوا | زیادہ تر معاملات میں آپ کو اپنی مسلسل رہائش پھر سے شروع کرنی پَ گی. اگر آپ بطور مستقل رہائشی امریکہ واپس آنے کا ارادہ رکھتے ہیں تو روانگی سے قبل واپسی کے پرمٹ کے لئے درخواست دیں. آپ کو فارم N-470، شہریت کے مقصد کے لئے اقامت کے تحفظ کے لئے درخواست بھی جمع کرانے کی ضرورت ہو سکتی ہے. |

## شہریت کے مقاصد کے لئے آپ کی رہائش کا تحفظ: ایک سال کی غیر حاضری سے استثنا

اگر آپ امریکی حکومت، کسی تسلیم شدہ امریکی تحقیقی ادارے یا بعض امریکی کارپوریشنوں کے لئے کام کرتے ہیں یا آپ بیرون ملک خدمات انجام دینے والے مذہبی رکن ہیں تو آپ اپنی مسلسل رہائش گاہ کو روک سکتے ہیں، اگرآپ:

١. مستقل رہائشی بننے کے بعد کم از کم ایک سال کے لئے ریاستہائے متحدہ امریکہ چھوڑے بغیر جسمانی طور پر موجود رہے اور زندگی گزاری.

٢. امریکہ سے ایک سال تک کیلئے باہر جانے سے قبل فارم N-470، شہریت کے مقصد کے لئے اقامت کے تحفظ کے لئے درخواست جمع کرائیں. فارم N-470 دائر کرنے کیلئے فیس مقرر ہے. فارم N-470 یا USCIS کا کوئ بھی فارم جمع کرانے کی فیس معلوم کرنے کیلئے **www.uscis.gov/fees** ملاحظہ کریں.

مزید معلومات کے لئے USCIS 1-800-870-3676 فارم لائن سے رابطہ کریں اور فارم N-470 کے بارے میں پوچھیں. آپ **www.uscis.gov** ویب سائٹ سے بھی فارم حاصل کرسکتے ہیں.

نکتہ




دوبارہ داخلے کا پرمٹ (فارم I-131، سفری دستاویزات کے لئے درخواست) اور فارم N-470، شہریت کے مقصد کے لئے اقامت کے تحفظ کے لئے درخواست ایک جیسے نہیں ہیں۔ عارضی مدت کیلئے امریکہ سے باہر رہ کر واپس آنے کی صورت میں (اگر آپ 12 ماہ سے کم عرصے کیلئے گئے) مستقل رہائشی کارڈ کے بجائے یا (اگر 12 ماہ سے زائد عرصے کیلئے گئے) ویزے کے بجائے دوبارہ داخلے کا پرمٹ دکھانا چاہئیے۔ البتہ اگر آپ شہریت کے لئے درخواست دینا چاہتے ہیں اور12 ماہ سے زیادہ تک غیر حاضر رہے تو آپ کو فارم N-470 قومیت کے مقصد کے لئے رہائش محفوظ کرنے کے لئے درخواست دائر کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے.

## فوجی اہلکاروں کے لئے چھوٹ

آپ فعال ڈیوٹی کی حیثیت میں یا حال ہی میں امریکی مسلح افواج سے فارغ کئے گئے ہیں تومسلسل رہائش اور جسمانی موجودگی کی ضروریات کا اطلاق ہو سکتا ہے آپ پر نہ ہو. آپ کو فارم M-599، فوجی اہلکاروں کے لئے شہریت کی معلومات میں مزید معلومات مل سکتی ہیں. ہر فوجی اڈے پر ایک رابطہ پوائنٹ ہونا چاہئیے جو آپ کی شہریت کی درخواست پر عمل کرے اور فارم N-426، فوجی یا بحری سروس کی تصدیق کے لئے درخواست کی تصدیق کرے. آپ کو درخواست فارم کے ساتھ فارم N-426 لازماً جمع کروانا چاہئیے۔ فارم حاصل کرنے کے لئے (1-877-247-4645) 1-877-CIS-4MIL پر USCIS فوجی ہیلپ لائن پر کال کریں. آپ **www.uscis.gov/military** یا 1-800-375-5283 پر کسٹمر سروس کو فون کرکے مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں.

### 2. جسمانی موجودگی

جسمانی موجودگی کا مطلب ہے آپ امریکہ میں حقیقی طور پر موجود رہے ہیں. اگر آپ مستقل رہائشی ہیں تو شہریت کے لئے درخواست دینے سے قبل پانچ سال کے دوران کم از کم 30 ماہ کے لئے (یا امریکی شہری سے شادی کی صورت میں تین سال یا 18 ماہ) ریاستہائے متحدہ امریکہ میں بذات خود موجود رہے ہوں.

## جسمانی موجودگی اور مسلسل رہائش میں فرق

جسمانی موجودگی سے مراد ہیں وہ تمام ایام جنکے دوران آپ امریکہ میں موجود رہے اور اس میں وہ وقت شامل نہیں جس دوران آپ امریکہ سے باہر رہے۔ امریکہ سے باہر گزارا ہوا ہر دن آپ کو جسمانی موجودگی کی کل مدت سے دور لے جاتا ہے. اگر آپ طویل مدت کیلئے امریکہ سے باہر رہے یا مختصر دورانئے کیلئے کئ مرتبہ باہر گئے تو آپ جسمانی موجودگی کی ضروریات کو پورا نہیں کر سکتے. جسمانی موجودگی کا وقت شمار کرنے کے لئے آپ کو امریکہ میں گزارا گیا تمام وقت شامل کرنا چاہئے. اس کے بعد امریکہ سے باہر تمام دوروں کا وقت منہا کریں. اس میں کینیڈا اور میکسیکو کے مختصر دورے بھی شامل ہیں. مثلاً اگر آپ کسی ہفتے کے آخر میں ایک دو یوم کیلئے میکسیکو جاتے ہیں تو ملک سے باہر گزارے گئے دنوں میں یہ سفر بھی شامل کرنا ہوگا.

مسلسل رہائش وہ دورانیہ ہے جو آپ نے شہریت کے لئے درخواست دینے سے پہلے امریکہ میں بطور مستقل رہائشی گزارا ہے. اگر آپ ایک ہی سفر کے دوران امریکہ سے باہر بہت زیادہ وقت گزار لیتے ہیں تو آپ کی مسلسل رہائش ٹوٹ سکتی ہے۔

### 3. ریاست یا USCIS ڈسٹرکٹ میں وقت

شہریت کے لئے درخواست دیتے وقت زیادہ تر لوگوں کیلئے متعلقہ ریاست یا USCIS ڈسٹرکٹ میں کم از کم تین ماہ رہنا ضروری ہے۔ طالب علم شہریت کے لئے وہاں درخواست دے سکتے ہیں جہاں وہ سکول جاتے ہیں یا جہاں انکا خاندان رہائش پذیر ہے (اگر وہ مدد کے لئے والدین پر انحصار کرتے ہوں).

### 4. اچھا اخلاقی کردار

شہریت کا اہل ہونے کے لئے آپ کو اچھے اخلاقی کردار کا مالک ہونا چاہیے. کسی شخص کو اچھے اخلاقی کردار کا حامل نہیں سمجھا جاتا اگر وہ شہریت کے لئے درخواست دینے سے قبل پانچ سال کے دوران بعض جرائم کا ارتکاب کرتا ہے یا شہریت کے لئے انٹرویو کے دوران سچ نہیں بولتا۔

## وہ رو ئیے جن سے اچھے اخلاق و کردار کا فقدان ظاہر ہو سکتا ہے:

- نشے میں ڈرائیونگ یا باقاعدہ بنیاد پر نشے میں رہنا
- غیر قانونی جوئے
- عصمت فروشی
- امیگریشن کے فوائد حاصل کرنے کے لئے جھوٹ بولنا
- عدالتی حکم کے مطابق بچوں کی امداد یا نان و نفقہ ادا کرنے میں ناکامی
- نسل، مذہب، قومی اصلیت، سیاسی رائے یا سماجی گروہ کی بنیاد پر کسی کو ستانا

اگر آپ کچھ مخصوص جرائم کا ارتکاب کرتے ہیں توکبھی امریکی شہری نہیں بن سکتے اور شاید ملک سے نکال دیے جائیں. ان جرائم کو شہریت میں رکاوٹ کہا جاتا ہے۔ (29 نومبر1990 یا اس کے بعد کئے گئے) سنگین کہلائے جانیوالے جرائم بشمول قتل؛ زنا بالجبر؛ بچوں کا جنسی استحصل؛ پرتشدد حملہ؛ غداری اور منشیات، آتشیں اسلحہ یا لوگوں کی غیر قانونی اسمگلنگ شہریت میں مستقل رکاوٹ کی کچھ مثالیں ہیں۔ اکثر صورتوں میں، وہ تارکینِ وطن جن کو امریکی مسلح افواج سے مستثنٰی قرار دیا گیا ہو یا برطرف کیا گیا ہو کیونکہ وہ تارکینِ وطن تھے اور تارکینِ وطن جنھوں نے امریکا کی مسلح افواج کو چھوڑ دیا ہو، امریکی شہریت سے مستقل طور پر محروم ہو جاتے ہیں۔

اگر آپ ایسے طریقوں سے برتاؤ کرتے ہیں جن سے یہ ظاہر ہوتا ہو کہ آپ اچھے اخلاقی کردار کے مالک نہیں تو آپ کو شہریت سے انکارکیا جا سکتا ہے.

دیگر جرائم شہریت کے لئے عارضی رکاوٹیں ہیں. عارضی رکاوٹیں عام طور پر آپ کو جرائم کا ارتکاب کرنے کے بعد پانچ سال تک شہریت سے روکتی ہیں۔ ان میں شامل ہیں:

- نقصان پہنچانے کے ارادے سے کسی شخص کے خلاف کوئی جرم؛
- املاک یا حکومت کے خلاف دھوکے پر مبنی کوئی جرم؛
- دو یا زیادہ جرائم جنکی مشترکہ سزا پانچ سال یا زیادہ ہو؛
- کنٹرولڈ سبسٹینس قوانین کی خلاف ورزی (مثال کے طور پر غیر قانونی منشیات کا استعمال یا خرید و فروخت ) اور
- پانچ سال کے دوران 180 یا اس سے زیادہ دن جیل یا قید خانے میں گزارنا.

شہریت کی درخواست دیتے وقت ان جرائم کی وضاحت کریں جن کے آپ مرتکب ہوئے ہیں. اس میں وہ جرائم شامل ہیں جو آپ کے ریکارڈ سے ہٹا دیےگئے ہیں یا آپ کی اٹھارویں سالگرہ سے پہلے ہوئے ہیں. اگر آپ ان کے بارے میں USIC کو نہیں بتاتے تو آپ کی شہریت سے انکار کیا جاسکتا اور آپ پر مقدمہ چلایا جا سکتا ہے.

### 5. انگریزی اور علم شہریت



عام طور پر آپ کو یہ ظاہر کرنا پڑیگا کہ آپ بنیادی انگریزی سمجھ، پڑھ، لکھ اور بول سکتے ہیں . آپ کے پاس امریکی تاریخ اور حکومت کے بارے میں بنیادی معلومات (جسے علم شہریت بھی کہا جاتا ہے) کا ہونا بھی ضروری ہے. آپ سے مطلوب ہے کہ اپنی معلومات ثابت کرنے کے لئے انگریزی اور علم شہریت کا امتحان پاس کریں.

بہت سے سکول اور کمیونٹی کی تنظیمیں لوگوں کو ان کی شہریت کے ٹیسٹ کی تیاری کرانے میں مدد دیتی ہیں. آپ درج ذیل ویب سائٹوں پر امتحان کے سوالات پا سکتے ہیں: **www.uscis.gov/citizenship** اور **www.uscis.gov/teststudymaterials** USCIS- مختلف قسم کا مفت تعلیمی مواد فراہم کرتا ہے مثلاً کتابچے، فلیش کارڈ، پریکٹس ٹیسٹ اور ویڈیوز. آپ علم شہریت اور انگریزی کلاسوں کے بارے میں معلومات اس ویب سائٹ سے حاصل کر سکتے ہیں **www.uscis.gov/citizenship**-

### 6. آئین سے وابستگی

آپ کو امریکہ اور اس کے آئین کی حمایت اور دفاع کے لئے رضامند ہونا ہوگا. حلفِ وفاداری اٹھا کر آپ امریکہ اور آئین کے تئیں *اپنی وابستگی یا وفاداری کا اعلان کرتے ہیں. حلفِ وفاداری* اٹھا کر آپ امریکی شہری بن جاتے ہیں۔

بعض حالات میں، *حلفِ وفاداری* میں ترمیم ہو سکتی ہے. اگر آپ ظاہر کرتے ہیں کہ آپکو جسمانی یا نشوونما سے متعلق کوئ معذوری لاحق ہے جسکی وجہ سے آپ حلف کے معنی سمجھنے سے قاصر ہیں تو اسے *معاف* کیا جا سکتا ہے.

اگر آپ کی شہریت کی درخواست زیر التواء ہے اور آپ منتقل ہوتے ہیں تو آپ کو اپنے نئے پتے کے بارے میں USCIS کو مطلع کرنا ضروری ہے. فارم AR-11، تبدیلیِ پتہ، رہائش کی تبدیلی کے 10 دن کے اندر جمع کرائیں۔ مزید معلومات کے لئے یا آن لائن اپنا پتہ تبدیل کرنے کے **www.uscis.gov/addresschange** لئے ملاحظہ فرمائیں یا کسٹمر سروس کو 1-800-378-5283 پر فون کریں. تبدیلئ پتہ کی صورت میں **ہر بار** USCIS کو اطلاع ضرور دیں۔

## چھوٹ، استثناء اور گنجائشیں

### انگریزی زبان اور علم شہریت سے استثناء

کچھ لوگ جو شہریت کے لئے درخواست دیتے ہیں، اپنی عمر اور امریکہ میں رہائش کی مدت کی وجہ سے ٹیسٹ کي مختلف ضروریات کے متقاضی ہوتے ہیں.

| انگریزی اور علم شہریت کے تقاضوں میں استثناء | | | |
|---|---|---|---|
| اگر آپ: | مستقل رہائشی کے طور پر امریکہ میں مقیم رہے تاکہ: | آپ نہ لیں: | آپ کو لازماً لینا چاہئیے: |
| عمر 50 سال یا اس سے زیادہ | 20 سال | انگریزی ٹیسٹ | آپ کی زبان میں علم شہریت کا ٹیسٹ |
| عمر 55 سال یا اس سے زیادہ | 15 سال | انگریزی ٹیسٹ | آپ کی زبان میں علم شہریت کا ٹیسٹ |
| 65 سال کی عمر یا اس سے زیادہ | 20 سال | انگریزی ٹیسٹ | آپ کی زبان میں آسان علم شہریت کا ٹیسٹ |

اگر آپ انگریزی کا امتحان نہیں دینا چاہتے تو آپ کو علم شہریت کے امتحان کے لئے اپنے ترجمان کو لانا ہوگا.

### طبی مستثنیات

اگرآپ جسمانی یا نشوونما یا ذہنی طور پر معذور ہیں تو آپ انگریزی اور / یا علم شہریت کی ضروریات کے لئے استثناء حاصل کر سکتے ہیں. مزید معلومات حاصل کرنے کیلئے 1-800-870-3676 پر USCIS کی فارمز لائن سے رابطہ کریں اور فارم N-648، طبی سرٹیفیکیشن برائے معذوری استثنائ کے لئے پوچھیں یا USCIS کی ویب سائٹ **www.uscis.gov/n-648** سے ایک کاپی حاصل کریں .

### معذور افراد کیلئے رعایتیں

USCIS شہریت کی کاروائی مکمل کرنے کے لئے معذور درخواست دہندگان کیلئے ہر معقول کوشش کرے گا. مثال کے طور پر اگر آپ ویل چیئر استعمال کرتے ہیں تو امریکی USCIS اس بات کو یقینی بنائےگا کہ آپ فنگر پرنٹ اور انٹرویوایسی جگہ دے سکیں جہاں وہیل چیئر جا سکتی ہو. اگر آپ بہرے ہیں یا سماعت سے محروم ہیں اور اشاروں کی زبان کے ترجمان کی ضرورت ہے تو USCIS آپ کے انٹرویو کیلئے ایک ترجمان کا انتظام کرے گا. اگرآپ کو کسی معذوری کی وجہ سے رعایت کی ضرورت ہے تورعایت حاصل کرنے کے لئے برائے مہربانی 1-800-375-5283 یا 1-800-767-1833 (سماعت سے معذور افراد کے لئے) پر کسٹمر سروس کو فون کریں.

## شہریت کی تقاریب

اگر USCIS آپ کی درخواست برائے شہریت منظور کرتی ہے تو آپ کو تقریب میں شرکت کرنا ہوگی اور *حلف وفاداری اٹھانا ہوگا*. USCIS آپ کوفارم N-445، شہریت کی حلف برداری تقریب کا نوٹس بھیجےگا جس میں آپکو تقریب کے وقت اور تاریخ کے بارے میں مطلع کیا جائیگا. آپ کو یہ فارم مکمل کرکے تقریب میں لانا ہوگا.

اگر آپ تقریب میں شریک نہیں ہو سکتے تو اسکا وقت تبدیل کر سکتے ہیں. وقت تبدیل کرنے کے لئے آپ کو فارم N-445 USCIS کے مقامی آفس کو ایک خط کے ساتھ واپس کرنا ہوگا جس میں آپ واضح کریں گے کہ کیوں آپ رسم میں شرکت نہیں کر سکتے.

تقریب میں آنے پر آپ USCIS کو مستقل رہائشی کارڈ واپس کریں گے. آپ کو مزید اس کارڈ کی ضرورت نہیں ہو گی کیونکہ آپ کو تقریب میں شہریت کا سرٹیفکیٹ مل جائے گا.

حلف *وفاداری* اٹھانے تک آپ شہری نہیں ہوتے۔ ایک اہلکار آہستہ آہستہ حلف کے ہر حصے کو پڑھے گا اور آپ سے الفاظ کو دہرانے کو کہے گا. حلف لینے کے بعد آپ کو شہریت کا سرٹیفکیٹ دے دیا جائیگا. یہ سرٹیفکیٹ ثابت کرتا ہے کہ آپ امریکی شہری ہیں.

حلف *وفاداری* کی تقریب ایک سرکاری تقریب ہے. کئی کمیونٹیز ہر سال یوم آزادی کے موقع پر 4 جولائی کو خصوصی تقاریب منعقد کرتی ہیں. یہ معلوم کرنے کے لئے تحقیق کیجیے کہ آیا آپ کی کمیونٹی میں4 جولائی کو شہریت کی تقریب منعقد ہوتی ہے اور یہ کہ آپ اس میں کس طرح شرکت کر سکتے ہیں۔ بہت سے لوگ اپنے خاندانوں کو لاتے ہیں اور تقریب کے بعد خوشی مناتے ہیں.

# آپ اپنے راستے پر ہیں



ہم امید کرتے ہیں کہ آپ نے اس گائیڈ کو مفید پایا. یہ اس ملک میں زندگی شروع کرنے کیلئے اور بطور مستقل رہائشی کے اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کو سمجھنے میں مدد دینے کیلئے لکھی گئ تھی۔ یہ گائیڈ آپ کو ان طریقوں سے آگاہ کرتی ہے جن سے آپ کمیونٹی میں شامل ہو سکتے ہیں. نیز یہ آپ کو کچھ چیزوں کے بارے میں بھی بتاتا ہے جو کہ آپکو سیکھنا پڑیں گی اگر آپ امریکی شہری بننا چاہتے ہیں۔ مزید جاننے کے لئے USCIS کی ویب سائٹ **www.uscis.gov** ملاحظہ فرمائیں۔ درج ذیل ویب سائٹ پرآپ کو دیگر مفید مواد مل جائے گا **www.welcometousa.gov**.

اب چونکہ آپ یہاں ہیں تو آپ کے پاس اس ملک میں زندگی کی ہر چیز کا تجربہ کرنے کا موقع ہے. بطور مستقل رہائشی ہم آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں اور امریکہ میں آپ کے لئےایک کامیاب زندگی کے متمنی ہیں.